مشارق الانوار میں وحی کی بہت سی قسمیں لکھی ہیں۔ مثلاً کبھی تو اللہ تعالیٰ خود ارشاد فرماتے ہیں۔ جس طرح موسیٰ کے ساتھ کوہ طور پر یا محمد مصطفٰے کے ساتھ معراج کے موقعہ پر اور کبھی بذریعہ فرشتے کے۔ اور یہ وحی بہت آتی تھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر اسی قسم کی وحی آتی تھی۔ اور کبھی الفائی جیسا کہ حضور کا ارشاد ہے اُلقِیَ فِی رُوعِی یعنی میرے دل میں وحی ڈالی گئی۔ اور کبھی الہامی۔ یہ وحی نبیؐ اور غیر نبی پر بھی آئی ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری ہے وَاَوحَینَا اِلیٰ اُمِّ مُوسیٰ۔ ترجمہ ہم نے موسیٰ کی والدہ کی طرف وحی کی اتنی ہی قسم اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک سپارہ ۱۵ سورہ شوریٰ میں ذکر فرمائی ہیں۔ وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّکَلِّمَہُ اللّٰہُ اِلَّا وَحیاً اَوْ مِنْ وَّرَائِی حِجَابٍ ط ترجمہ اللہ کسی آدمی سے کلام نہیں کرتا سوائے اس کے کہ بذریعہ وحی۔ الہام۔ خواب یا پردے میں۔ موضع القرآن میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت کے ساتھ دو پردوں میں کلام کیا تھا۔ ایک پردہ زرد سرخ کا اور دوسرا موتی کا تھا جن میں ستر برس کی مسافت کا فاصلہ تھا۔ اَوْ یُرسِلَ رَسُولاً فَیُوحِیَ بِاِذْنِہٖ مَا یَشَآءُ اِنَّہٗ عَلِیٌّ حَکِیْمٌ ط ترجمہ یا بھیجتے ہیں ہم فرشتوں کو اپنے بندوں کی طرف کہ پہنچاتے ہیں اُن کو جس طرح ہم چاہتے ہیں۔ کہ وہ ہمارے حکم بردار ہوتے ہیں۔ اور یہ عظیم المرتبت اور مطابق حکمت فقط میری ہی شان ہے۔ وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ رُوحًا مِّنْ اَمْرِنَا ط اسی طرح ہم نے روح یعنی قرآن کریم کو آپکی طرف وحی کیا۔ فائدہ اسواسطے کہ جس طرح روح سے بدن کو زندگی نصیب ہوتی ہے۔ بعینہٖ اسی طرح دل کو قرآن کریم سے زندگی ملتی ہے وَمَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ ط ترجمہ اور آپ پیشتر ازیں کتاب اور ایمان کے راز نہ جانتے تھے۔ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّہْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط لیکن ہم نے اس قرآن کو نور بنادیا۔ کہ اس سے اپنے بندوں سے جسکو چاہیں ہدائیت کردیں۔ وَاِنَّکَ لَتَہْدِیْ اِلیٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ترجمہ۔ اور اے حبیب آپ لوگوں کو سیدھی راہ کی طرف بلانیوالے ہیں۔ اور آپ کا تمام مخلوق کو پکارنا عام ہے۔ اور میری ہدائیت خاص ہے۔ جسکو چاہتا ہوں ہدائت کرتا ہوں۔ اور صراط مستقیم سے مراد دین اسلام ہے۔ حضور پر فقط تین قسم کی وحی آتی تھی۔ (مظاہر حق تفسیر عزیزی وغیرہ) (۱) گھڑیال

جیسی آواز آتی اور حضور اپنا سر مبارک جھکا دیتے اور جب وحی ختم ہو جاتی سر کو اٹھا لیتے اور جو کچھ حکم الٰہی ملتا بیان کر دیتے۔ حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں۔ کہ یہ وحی سب سے سخت قسم کی تھی۔ اگر سردی کا موسم ہوتا تو آپکو پسینہ کثرت سے آ جاتا یہی وحی بحالت سواری نازل ہو جاتی تو جس جانور پر آپ سوار ہوتے تو وہ مارے بوجھ کے بیٹھ جاتا سوائے آپکی قصوی ڈاچی کے مگر وہ بھی پاؤں پھیلا کر کھڑی ہو جاتی اور بوجھ سہارتی چل نہیں سکتی تھی (۲) کبھی فرشتہ اپنی اصل شکل میں حاضر ہونا اور پیغام الٰہی دے جانا (۳) کبھی فرشتہ انسانی شکل میں آنا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ اکثر جبرئیلؑ دحیہ کلبی کی صورت میں حضور کے پاس آتا تھا۔ وحی انبیاء کی اختیاری بات نہ تھی۔ بلکہ اللہ جل شانہ جب چاہتے وحی بھیج دیتے جیسا کہ کتب حدیث میں موجود ہے۔ یہ مختصر بیان ہو چکا اگر زیادہ تفصیل کے ساتھ دیکھنا ہو تو تفسیر عزیزی مظاہر حق وغیرہ دیکھو۔

وحی کے محفوظ رہنے کی دلیل اور وحی کے معنی

مسئلہ معلوم رہے کہ مہر نبوت حضور کے دونوں کندھوں کے درمیان بیضوی شکل کی تھی۔ جسکے باعث حضور جیسا آگے دیکھتے تھے ویسا ہی پیچھے بھی دیکھتے تھے۔ اس کے بعد واضح ہو کہ وحی لغت میں آہستہ یا اشارہ سے کسی بات کو کسی کے دل میں ڈالنے کو کہتے ہیں۔ مگر اصطلاح شرع میں وحی خدا کا پیغام ہے جو بتوسط فرشتہ یا الہام کسی نبی یا ولی کی طرف بھیجا جاوے۔ اسی وجہ سے قرآن کریم اور دیگر کتب سماوی کو وحی کہا جاتا ہے اور وحی کا آنا کسی وقت یا کسی جگہ کے ساتھ مخصوص نہ تھا۔ بلکہ ہر جگہ اور ہر وقت جب خداوند کریم چاہتا تھا۔ اور جب کوئی وحی حضور پر آتی تو فوراً زید بن ثابت کاتب وحی کو بلا کر فرماتے کہ اسکو فلاں سورۃ فلاں آیت کے آگے یا پیچھے لکھ لو اور اسی ترتیب سے تمام اصحابہؓ کو یاد کرنے کی تلقین کر دیتے تھے۔ چنانچہ اُس زمانہ میں اسباب کتابت کی عدم فراہمی کی وجہ سے قرآن کریم کو اکثر اونٹ کی ہڈیوں۔ ہرن کی جھلیوں۔ پتھر کی سلوں یا کھجور کے پٹھوں پر لکھا جاتا تھا۔ لہذا حضورؐ کے زمانہ مبارک میں متفرق اجزاء پر تمام قرآن کریم بالترتیب لکھا جا چکا تھا۔ اور سینکڑوں صحابہؓ کو بالترتیب یاد بھی تھا۔ مگر حضور کو خیال ہوا کہ یہود نصاریٰ کی طرح میری اُمت بھی اس قرآن پاک کو کہیں ادل بدل نہ کر دے اُس وقت اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ترجمہ اے محمدؐ آپ یہ فکر نہ کریں کیونکہ ہم نے ہی قرآن پاک نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے۔ جیسا کہ حضور کو یہ بھی خیال ہوا تھا کہ ہر ایک نبی کی وفات کے بعد اُن کا خلیفہ اُن

کے قائم مقام رہنا تھا جو اُن کی اُمت کی نگہبانی کرتا تھا مگر میری وفات کے بعد میری اُمت کا خلیفہ کون ہوگا تو ارشاد باری ہُوا کہ اے محبوب تیری اُمت میں خود میں خلافت کرونگا۔ غرضیکہ حضور کی وفات کے بعد جب حضرت ابابکر صدیق رضؓ خلیفہ ہوئے تو سب سے پہلے حضرت عمر فاروق رضؓ کو دل میں قرآن مجید کے یکجا جمع کرنیکا احساس پیدا ہُوا۔ اُنہوں نے آکر صدیق اکبر رضؓ کی خدمت میں عرض کی۔ کہ جنگ یمامہ میں بہت سے حفاظ قرآن شہید ہو گئے ہیں میرے دل میں بڑا خوف پیدا ہو رہا ہے آپ قرآن کریم کو ایک جگہ جمع کرنیکی کوشش فرمادیں۔ مگر آپ نے سُنکر کہا کہ جو کام رسولِ خدا نے نہیں کیا ہم کیسے کر سکتے ہیں۔ پھر حضرت عمر رضؓ نے کہا۔ کہ حضور کی ۲۳ سالہ زندگی میں بڑے بڑے انقلاب رونما ہوتے رہے ہیں۔ جن کے سبب حضور کو اس کے جمع کرنے کی فرصت ہی نہیں ملی۔ آپکو اس کام میں تساہل (یعنی سُستی) ہرگز نہ ہونا چاہیئے۔ حضرت عمر کی یہ مصلحت آمیز گفتگو سُنکر حضرت صدیق رضامند ہوگئے اور زید بن ثابت رضؓ کاتب وحی کو کتابت قرآن کیلئے بلایا۔ اور کہا کہ آپ کمر ہمت باندھ کر قرآن مجید کو ضرور یکجا لکھدو پہلے تو وُہ بھی حضرت صدیق کی طرح کہتے تھے کہ جس کام کو رسولِ خدا نے اپنی حیات مبارک میں نہیں کیا تم لوگ کس طرح کر سکتے ہو۔ مگر آخرکار وُہ بھی مان گئے اور سمجھ گئے کہ حضرت عمر کی رائے درست ہے۔ اور زید بن ثابت کو کتابت قرآن کریم کیلئے تمام اصحابہ رضؓ کی پسند کرنیکی وجہ یہ ہے کہ اوّل تو وُہ جوان تھے۔ اور جوان کا حافظہ قوی ہوتا ہے۔ دوسرا وہ عاقل تھے۔ نیک اور ہر قسم کی تہمت سے پاک تھے۔ سوم۔ ہر سال اُس کی موجودگی میں حضور جبریل امین کیساتھ ایکدفعہ دور کرتے تھے۔ آخری سال جبکہ قرآن پاک تمام نازل ہوچکا تھا۔ اور جبریل نے آکر حضور کے ساتھ دو دفعہ دَور کیا تو زید بھی ساتھ شریک تھے۔ لہٰذا تقدم و تاخر ناسخ و منسوخ کا اُن کو سب سے زیادہ علم تھا۔ بدیں وجوہات اُن کو کتابت قرآن کیلئے پسند کیا گیا۔ اور اُنہوں نے حسب الحکم صدیق اکبر رضؓ قرآن پاک کو بڑی صحت کیساتھ بہت سے حفاظ کی موجودگی میں ایک جگہ جمع کرنیکا شرف حاصل کیا۔ اس کے بعد حضرت عمر نے سب لوگوں کو حفظ کرنے کی سخت تاکید فرمائی۔ اور ہر سال ماہ رمضان میں ایک ختم قرآن پاک کا حافظوں کو ضروری طور پر کرنیکی تاکید فرمائی۔ یہ دیکھ کر حضرت علی رضؓ نے فرمایا۔ کہ یا اللہ حضرت عمر فاروق رضؓ کی قبر کو اس طرح روشن کرنا جسطرح اُنہوں نے تیرے ذکر سے مسجدوں کو روشن کیا ہے۔ اور وہ جمع شدہ قرآن مجید حضرت عائشہ کے گھر محفوظ تھا۔ اُس کے بعد جب عہد عثمانی آیا۔ تو لوگوں میں قرأت کا اختلاف بہت پیدا ہوگیا کیونکہ اُسوقت اسلام بہت دُور تک پہنچ چکا تھا۔ حضرت عثمان نے وُہ قرآن کریم حضرت عائشہ سے منگوا کر اہلِ قریش کو کہا کہ اپنے اپنے محاورے کے موافق لکھ لو۔ چنانچہ قرآن پاک کی سات نقلیں کراکر تمام ملکوں میں بھجوا دیں۔ اور لوگوں

سے منتشر اوراق منگوا کر ہمیشہ کے اختلاف کو دور کرنیکے لیے غائب کر دیا اور وُہی سات قرائتیں آج تک مشہور ہیں ۔بس اسی واسطے حضرت عثمانؓ کو جامع قرآن کہا جاتا ہے ۔ دراصل قرآن کو جمع کرنیوالے زید بن ثابتؓ ہیں ۔اور حضرت عثمانؓ البتہ ناشر القرآن ضرور ہیں اور صحابہ کے زمانہ میں ایک تو سامان کتابت بھی کثرت سے نہ ملتا تھا ۔ دوسرے اُن کے حافظے بڑے قوی ہوتے تھے ۔اس لیئے وُہ لکھنے کے بجائے یا د ہی کر لیتے تھے اور اُس وقت قرآن پاک میں اعراب ۔ نقطے ۔ رکوع ۔ ربعہ ۔نصف ۔ثلث ۔منزل وغیرہ بالکل نہ تھے بلکہ وُہ اُسکو بُرا جانتے تھے ۔اور سوائے تلاوت کے اور کچھ لکھنا مناسب نہ سمجھتے تھے ۔جوں جوں مکاتب کا رواج ہوتا گیا ۔اور اسلام غیر ممالک میں پہنچ گیا تو حافظے کو سہارا ملنا شروع ہُوا ۔اُس نے بھی تمام بوجھ کو چھوڑ دیا ۔حتیٰ کہ آجکل تمام دار و مدار قرطاس دل کی بجائے نوشت پر ہے اُس کے بعد حضرت امام مالکؒ کے زمانہ میں ابوالاسودؒ یا حسن بصریؒ نے مصحف شریف پر زیر زبر پیش ۔ شد مدّ اور پاروں ۔سورتوں کے نام حقے وغیرہ تمام مکمل کر دیا تھا ۔ یہ سارا ذکر امام جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی تفسیر میں کیا ہے **فائدہ** یہ موجودہ قرآن مجید بالکل لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق ہے ۔اس میں ذرہ بھر فرق نہیں ۔کیونکہ اسکے وقتاً فوقتاً نزول میں کمی بیشی نہیں ہوئی کیونکہ حضور تمام اصحابہؓ کو وحی کے کہنے کے مطابق یاد کرنے اور لکھنے کی بڑی احتیاط رکھنے کی تعلیم فرماتے تھے ۔اب جو اُس کی ذرہ بھر تحریف کا قائل ہے وہ یہود و نصاریٰ کی طرح ملحد بیدین ہے ۔

نظم پنجابی

جو کتاباں اسماناں تھیں رب نازل فرمایاں
نبیاں پچھوں ساریاں اُمتاں سب برباد کرایاں

اک قرآن تحریفوں خالی راز کراں آشکارا
باقی سب متغیّر ہویاں جانے عالم سارا

ایہ ہے معجزہ پاک نبیؐ دا دساں تیری تائیں
اک شوشی دا فرق نہ ہوسی روز قیامت تائیں

فرض کیتا جے غائب ہووَن قرآن جہانوں سارے
ہر ہر ملکیں حافظ اسنوں ثابت کرن دوبارے

اس منزل وچہ مذہب تمامی دور پچھے رہجاوَن
ہرگز کسے نہ طاقت پائی کیویں مقابل آون

سینے حافظاں دے وچہ اُسنوں رب کریم لکھاوے
فرق نہ ہووے زیر زبر دا آکھ فقیر سناوے

پاک نبیؐ تھیں لیکر اجتک کتنے دشمن آئے
رتی فرق نہ پیا کسے توں ساریاں زور لگائے

بعضے آکھن ہے قرآن اصحاباںؓ نے بدلایا
آئتاں اگے پچھے لایاں نالے کجھ گھٹایا

اوہ بیشک جان منافق پکے رد احکم جھوٹھایا
اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ رب سچے فرمایا

رب سچا فرماوے اِسدی مَیں کرساں نگہبانی
پر شیعہ آکھن اسیں نہ منّدے گھٹی کتاب ربانی

تذکرۃ الطہر وچہ لکھیا میں نہیں دلوں بنایا
آؤ کتاب وکھائیے بھائی جے کوئی شک لیایا

اس مذہب دی چال تمامی وانگ یہود عیسائیاں
کرتوبہ ایہ مذہب چھڈو ولدیاں نال صفائیاں

کارن الفت نال محبت کرکے ذکر سناواں
توں بھی سنکر توبہ پکڑیں میں بھی درجہ پاواں

خیر خواہی دی یاروں اللہ حال سنایا تینوں
قسم خدا دی ضد نہ کوئی دشمن جان نہ مینوں

فصل سوم دربیان حلیہ مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

(لمبی طرز)

الحمد اللہ نالے نعت احمد صلوٰۃ اصحاب کبار والی
حلیہ مختصر لکھاں سرکار والا دساں گل سب حُب پیار والی

والقمر متھا والشمس مکھڑا واللیل سی زلف سنگار والی
مازاغ البصر دو نین آہے ابرو قوس مثال سردار والی

والضحیٰ پیار ید امنہ سوہنا صفت دنداں دی دیکھ یاسین اندر
ثانی نہیں حضور دا رب کیتا پیدا کوئی اسمان زمین اندر

مثل چونے سفید نہ بہت کالا سرخی مائل حضور دا رنگ آہا
مختصر تے جامع سخن موتی ہر کوئی سنن والا ہوندا دنگ آہا

اِک سخن حضور تن وار کہندے سوہنا جگ سب وانگ پتنگ آہا
سوہنے سخن شیریں نبات کولوں عالی نبی دی وعظ دا ڈھنگ آہا

گننے چاہے تاں ہر کوئی گن سکدا نبی پاک دے سب کلمات پیارے
سرور پاک جناب دے نور کولوں چن سورج تارے ہوون مات سارے

ہیانہ قد نہ لمبا نہ بہت چھوٹا انہیں سوندیاں دل بیدار ہووے
مجلس وچہ بیٹھے سبھتھیں ہون اچے کارن معجزے دو ناد وقار ہووے

لمبے قد والے نیویں نظر آون سوہنی شان دا کویں شمار ہووے
موٹا سر تے پیر موزون سوہنے جنتھیں مرداں دی شان اظہار ہووے

سر پیر تیلے سوہنے عورتاں نوں اگے وزن حبیب دا شان دیکھو
رب حکم دتا تو ویار جبر املکاں منیاں حکم رحماں دیکھو

اِک مردتوں شروع کر املکاں چوداں طبقاں دی نال جد تولیا سی
وزن پاک رسول دا رہا غالب مرحبا ملائیکاں بولیا سی

ابریشموں نرم خوشبو بھریا مڑھکا دیکھ کے عطر سب ڈولیا سی
عائشہ نور دی سامنی کات کردی جدا بنہ ستر نہ کھولیا سی

داڑھی مٹھ برابراں سیاہ کالی زلفاں گوش مبارکاں پاس ہوون
ہن داڑھی نوں مٹھو دہاں والی تی منان والی ساڑ ناس ہوون

جیکر بہت خوشی وچہ ہوون سرور مسکراندے زیادہ نہ ہسدے سن
غصے حالتوں رنگ ہو زرد چاند جیوں دو ہی جکے جدوں ہسدے سن

تھوڑی نظر آون دند پاک حضرت ہر دم لاٹ نوں یار ترسدے سن
دیہوں گھٹ سب وال سفید ہووا وہ بھی سر اصحاب نہ دسدے سن

کجھ وال ہو گئے سی سرخ آکھن اوہ بھی عطر خوشبو لگان یاروں
ہمہ صفت موصوف حضور کامل لاشریک سن مہر نشان یاروں

چشماں باہجہ سرمے سرمیلیاں سن زلفاں سنگھنیاں بہت سوہن پیارے
زلفاں کالیاں گھٹ تے چن متھا جدی کھاوندا قسم رحمان پیارے

حضرت باہجہ نہ کسے دی عمر والی چائی قسم نہ پاک یزداں پیارے
حسن ویکھ کے نوری حضور والا حضرت مائی عائشہ مسکران پیارے

نبی ہینتے دا مطلب پچھیا جاں مائی عرض حضور سناوندی سی
حضرتؐ آکھیا حیف ہے اونہاں اُتے روز حشر نہ جنہاں نوں دید ہووی
اُسنکے نام نہ پڑھے صلوٰۃ جیہڑے اُستے راضی نہ رب مجید ہووی
جے کوئی کرے دعویٰ نبی ہون والا اونوں وانگ ابلیس دے جانیا جے

سوہنی نور دی جانوں سوئی لبھی پہلوں نظر جو مول نہ آوندی سی
عائشہ پچھیا ہو حیران حضرت ایسا کون بدبخت اینہ بد ہووی
تیرے بعد نہ کوئی رسول آوی حکم تساں نوں نال تاکید ہووی
اگے نہیں ثانی پیدا کوئی ہویا اگاں ہووی نہ حق پچھانیاں جے

فصل چہارم در حلم و رحم حضور پُر نور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

فرمایا اللہ تعالیٰ نے فبما رحمۃٍ من اللہ لنت لھم (سورہ آل عمران) ترجمہ کہ اے میری مخلوق شکر کرو کہ میری مہربانی سے میرا رسول تم پر مہربان ہے۔ شان نزول اس آیت شریف کا یہ ہے کہ جنگ اُحد میں جب لشکر اسلام نے حضورؐ کی فرمودہ تجویز میں کوتاہی کر کے شکست کھائی۔ تو حضور کو بھی ستر زخم بدن مبارک پر آئے۔ اور دندان مبارک شہید ہوئے تو جنابؐ کسی آدمی پر غصے نہیں ہوئے تھے۔ اور کسی کو ملامت بھی نہ کی۔ بلکہ نہایت دلجوئی اور خوشخوئی سے پیش آئے تو آیت نازل ہوئی۔ کہ نرم دلی فقط میری رحمت سے ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔ کہ حضرت انسؓ کی ماں دس برس کی عمر سے حضرت انس کو حضور کی خدمت کیلئے چھوڑ گئی تھی اور حضرت انسؓ کا قول ہے کہ میں دس برس حضور کی خدمت میں رہا ہوں۔ مگر خدا کی قسم اتنے عرصہ میں ایک دن بھی حضور نے مجھے نہیں جھڑکا حالانکہ کئی دفعہ مجھ سے غلطی اور نقصان بھی ہو جاتا تھا اور تمام گھر والوں کو بھی نہ جھڑکنے دیتے تھے۔ اور فرماتے کہ نقصان تقدیر الٰہی سے ہوتا ہے۔ اس کے ہاتھ کا بہانہ ہوتا ہے۔ حضور رحمۃ للعٰلمین کا یہ سلوک صرف انسانوں تک ہی محدود نہ تھا۔ بلکہ حیوان بھی حضور کے احسان اور سلوک رحیمانہ سے مستثنیٰ نہ تھے۔ چنانچہ یہی حضرت انسؓ فرماتے ہیں۔ کہ جب کبھی میں حضور کے ساتھ سفر میں جاتا تو ایک حصہ سفر کا خود اسوار ہوتے اور ایک حصہ مجھے مجبوراً اسوار کرتے اور ایک حصہ دونوں پیدل چلتے اور ڈاچی کو خالی چھوڑ دیتے۔ اور فرماتے کہ ان میں ہمارے جیسی جان ہے۔ اور ہم پر ان کا بھی حق ہے۔ کہ ہم ان کو آرام دیں۔ کاش آجکل اُمت حضور کی اس حکم پر عمل کرتی تو حیوان تو درکنار انسانوں پر اسقدر دل پھٹنے والے ظلم نہ ڈھاتی۔

حضورؐ رحیم بھی ہیں اور حلیم بھی ہیں

قولہ تعالیٰ عزیزٌ علیہ ما عنتم حریصٌ علیکم بالمؤمنین رءوفٌ الرحیمٌ ط۔ (سورہ توبہ پارہ ۱۱) ترجمہ اے مسلمانوں یہ رسول ہیں جس پر تمہاری تکلیف بہت شاق گذرتی ہے۔ اور تمہاری بھلائی کا ہر طرح دل سے خواہشمند ہے اور تم پر بڑا مہربان ہے۔ ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایکدفعہ جنگ کے موقعہ پر جب حضورؐ کو

بڑی تکلیف پہنچی۔ تو اصحابہ کرام نے عرض کیا کہ حضور آپ بھی نوحؑ اور موسیٰؑ کی طرح ان مشرکین کے حق میں بددعا کریں۔ تاکہ ان کو خداوند پاک ہلاک کرے۔ آپنے فرمایا اِنّی لَمْ اُبْعَثْ لَعَّانًا وَاِنَّمَا اُبْعِثُ رَحْمَۃً طرواہ مسلم یعنی میں کسی کو لعنت کرنے کیلئے نہیں بھیجا گیا بلکہ میں رحمت بناکر بھیجا گیا ہوں اگرچہ کافر ہوں یا مومن قَوْلُہٗ تعالیٰ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ط ترجمہ یارسول اللہ ہم نے آپکو دونوں جہان کیلئے رحمت بناکر بھیجا ہے۔ کما قال النبیُّ صلّی اللہُ علیہ وسلّم۔ اِنَّمَا اَنَا رَحْمَۃٌ مُّھْدَاۃٌ ط یعنی میں رحمت وہدایت بناکر بھیجا گیا ہوں۔ حضور مومنین کیلئے تو رحمت ظاہر ہیں مگر کفار کیلئے دنیا میں آسودگی مال۔ یا عزت یا اولاد کی کثرت۔ بیماری سے نجات یا مصیبت سے رہا کیا جاتا ہے اور بُرے اعمال کی وجہ سے دُنیا میں عذاب نہ کیا جائیگا۔ جیساکہ تمام امم سابقہ کے حالات قرآن پاک میں مذکور ہیں کہ جہاں گناہ کیا وہیں گرفتار عذاب ہوجاتے تھے۔ مگر حضور کی برکت سے کفار کو ساری زندگی کے بداعمال کی وجہ سے عذاب نہیں ہوسکتا حتیٰ کہ دُنیا سے بغیر توبہ مرجاوے۔

نظم (لمبی طرز)

ل۔ لکھیا ویکھ تفسیر اندر جویں خبر کتاب فرماؤندی اے ۔۔ جدوں قہر دی نظر خدا کردا اندوں شرم روندے دلوں آہی ونداے

نہیں تاں سب مخلوق ہو غرق جاندی جویں خلق اعمال کماؤندی اے ۔۔ ستار بخش چل پیر دی قدم پھڑ ہیے جیندی گو آرام پہنچاؤندی اے

نظم (چھوٹی طرز)

کافراں تنگ نبیؐ نوں کیتا طیبیؐ اندر لیایا ۔۔ تاں اصحاباںؓ خدمت اندر کرکے عرض سُنایا

دعا فرماؤ یا نبیؐ اللہ ڈے تخم کُفاراں ۔۔ تاں فرمایا اصحاباںؓ نوں حضرت نال پیاراں

رحمت بنکر خلقت نوں میں رب ملاون آیا ۔۔ لعنت کم نہ بالکل میرا حضرت نے فرمایا

اتنے دکھ کفاراں پاروں صبر جمیل کمایا ۔۔ تاہیں سرورؐ عالم تائیں رحمت رب فرمایا

حلم نبیؐ تھیں کلمہ جاری مشرق مغرب تائیں ۔۔ ویکھ تحمل مسلم ہوگئے کئی بہود بلائیں

زید یہودی دا جویں قصہ مسلم وچہ بخاری ۔۔ بیں پاک نبی دیاں صفتاں ویکھیاں وچ تورات پیاری

اوہ صفتاں ساریاں پاک نبی وچہ میں سبھے ازمائیاں ۔۔ پر اک صفت نہ ہرگز پائی آکھ سناواں بھائیاں

جو اُسنوں غصہ مول نہ آوے کتنا کوئی ستاوے ۔۔ اک دن لیں کھجوراں قرضہ میں ول حضرت آوے

وعدہ نال میری ونجہ کیتا دین دُنی دے سائیں ۔۔ دل وچہ کہیا میں اج ازماواں پاک محمد تائیں

وعدوں اگے قرضے والیاں منگیاں جا کھجوراں ۔۔ مندی لفظ ہزاراں بولے نال غصے دے گھوراں

اس کارن جو سرورؐ تائیں آوے طیش دلیوچہ ۔۔ جسنوں لویں نہ ہرگز دیویں سارے لوک گلے وچہ

خبری ایہ بد عادت تیری کس گل پاروں ہوئی
قرضہ لیکہ ہر اک کولوں کریں ادا نہ کوئی

بہت اصحاب اکٹھے ہوئے جاں میں شور مچایا
اج نبیؐ نوں غصہ چڑھسی دلوچہ منا پکایا

لگے حضرت کلّے آہے تے ہن یار بھی آئے
لگے نالوں ہور زیادہ لفظ بے ادب سنائے

ہیں جیوں جیوں کراں بے ادبی حضرت نرم کلاماں کرد ے
ویکھ عمرؓ نوں غصہ چڑھیا قبضے تے ہتھ دھردے

آکھیا ہن یہود کمینے کرا دنویں گفتاراں
حق نبی سرور دے تیری گردن سروں اتاراں

حضرت عمر کہے پھر سرور آکھیا میرے تائیں
توں کیوں نہ آکھیا مینوں اسدا قرضہ جلد ادائیں

عمر کہے یا سرور عالم مینوں حکم سنائیے
کی کجھ قرضہ اسدا حضرت جاکر جلد ادا یئے

نبیؐ کہیا پھر دیکر قرضہ کرنی طلب معافی
بھی دس سیر کھجوراں اسنوں مالوں دینا وافی

سخت کلاموں اسدی دلنوں جو تساں رنج پہنچایا
اُسدی بدلہ راضی کرنا حکم رسولؐ سنایا

ویکھ یہودی حلم نبیؐ دا کلمہ بول سنایا
بیشک سچ پیغمبر جسدی موسیٰ خبر لیایا

ہوکر مسلم اُس نے دسّی کُل حقیقت ماضی
حلم نبیؐ ازمادن کارن کیتی حیلہ سازی

در تحفہ رسولیہ درج است

چونکہ غریب آمدی از راہِ دُور
لطفِ نمودی و نشاند حضور

غریب مسافر پاس نبی دے جے کوئی دوروں آوے
نال محبت سرورؐ عالم اپنے کول بٹھاوے

بہت کرن دلداری اُسدی وانگ پیاریاں یاراں
راہیاں نال رفاقت بہتی کردے شاہ ابراراں

نام و وطن وعرف بہ پرسیدنیش
رحم نمودی و بخشیدنیش

پچھن نام وطن سب اوسدا عرف پیدائش جانی
شفقت رحم تے بخشش کانی کردے نبی حقانی!

رنج نہ کرد دلش از ہیچ کار
کرد ازیں حلم جہاں را شکار

رنج نہ کردے دل کسی دا دین دُنی دی کاروں
جو کوئی حلم نبیؐ وچہ آدے بچے نہ مول شکاروں

سب جہان خلق دی پاروں اک تصویر بنایا
تائیں خلق عظیم نبی دا رب صاحب فرمایا

نال محبت تیرے تائیں ہور اک بات سناواں
حلم حضور نبی سرور توں میں قربانی جاواں

حکائیت

بود نشستہ بہ مجلس رسولؐ
آمدہ یک شخص مسافر مجہول

اک دن بیٹھے مجلس اندر سرور نبیؐ الٰہی
در صحن مسجد پاک نبیؐ
مسجد نبویؐ دی بوجھ اُسنے سن توں میری بھائی
اصحاب چوں دیدند شعب ساختند
اصحاباں جد ویکھیا اُسنوں غصے اندر آئے
بے ادبی کیوں اسنے کیتی اسنوں شرم نہ آئی
پاک نبیؐ گفت کہ ای اہل نشست
ویکھ نبیؐ فرمان سناون اصحاباں دی تائیں
ایہہ جاہل مجہول بیچارا جانے خبر نہ کائی
زود در آنجائے نجاست طہور
جلدی اوس نجاست تائیں پانی گھت فوہاراں
اپنی ہتھیں اوہ نجاست دھوتی شاہ رسولاں
واواہ حوصلہ پاک نبیؐ دا دھن جلیندی مائی
تائیں پاک نبی دی اُپر خلق ایمان لیائی
نہیں کوئی ثانی پاک نبیؐ دا جسدا حکم بجا بیٹھے
کرن روایت حشر دیہاڑے ہوسی خلق تمامی
مشرق تھیں لے مغرب تائیں ایہہ بھی ذکر لیاون
جانی صفاں اُمت نبیاں ہوسی سنے کفاران

دور دوں کوئی مسافر آیا بالکل جاہل ساہی
کرد کز آں بے تمیز اجنبی
بے تمیزی یوں چا کیتا اوہوں خبر نہ کائی
از پئے تعزیر برو تاختند
مارن کارن کرن تیاری سخت کلام سنائے
ایہہ گھر ربدا بہر عبادت ذکر رسولؐ الٰہی
جُستن دلہائے غریباں بداست
بُرا دُکھاناں قلب غریباں نزد خداوند سائیں
اسنوں ادب نہ اس گل والا مسجد کی شے آئی
دلو بریزید ز آبِ طہور
پاک تمامی مسجد کیتی ہادی کل ابراراں
بہت کرن دلداری حضرت نال ظلوم جہولاں
ہر اک نال مروت کردے پاک حبیب الٰہی
احمق آکھن مسلماناں نے تیغاں نال نوائی
فرض اطاعت پاک محمدؐ اُپر خلق بنا بیٹھے
اکسو ویہہ صفاں سب ہوسن مومن خاص عوامی
اسی صفاں اُمت دیاں ہوسن پاک نبیؐ فرماون
ایہہ سب برکت حلم نبی دی دساں نال پیاراں

فائدہ یہ حلم یا رحم صرف دنیاوی معاملات کے ساتھ مخصوص تھا کہ جس سے خداوند پاک کی نافرمانی نہ ہو ورنہ دین کے معاملہ مثلاً چوری - زنا - شراب - بہتان - جُوا - سود خوری - ڈاڑھی منڈانا - لبیں دراز رکھنی وغیرہ گناہ کبیرہ کے مرتکب کو بڑی بڑی سزائیں بھی دیتے تھے - حتیٰ کہ کسی کی چادر ٹخنے سے نیچے دیکھتے یا کسی بچے کو زیور پہنا دیکھ لیتے تو آپکا چہرہ مبارک سُرخ ہو جاتا تھا - مگر ویسے آپکا سلوک غلاموں کے ساتھ بڑا رحیمانہ تھا - اُنکی طاقت کے خلاف کوئی کام نہ فرماتے اور سب کو آزاد کر دیتے - اور پھر وہ غلام آپکے خلق سے مسخر ہو کر کہیں نہ جاتے -

حکائت در نظم

اکدن پاک محمدؐ سرورِؐ عالم جنگل طرف سدھانے ۔۔۔ یاراں کولوں دور لگایا ڈیرہ نبیؐ ربانے
ستے نال خوشی دے حضرت ہیٹھ درختے بھائی ۔۔۔ ٹنگی تیغ درختے اُپر خاص حبیب الٰہی
اک شخص کمینہ دشمن دوروں کرکے آگیا دھایاں ۔۔۔ پاک نبیؐ دی سر تے آکر بولیا کر دڑیایاں
اُٹھ محمدؐ آکھیوں اج ستوں کافر بول سنادی ۔۔۔ میری ہتھوں جان تساڈی دس اج کون بچاوی
نبیؐ کہیا نگہبان میرا رب ہر دم شام صباحیں ۔۔۔ حافظ ناصر رب بچاسی اج اساڈی تائیں
پاک نبیؐ نے رب سچے دا جسدم نام لیاسی ۔۔۔ ڈگی تیغ کافر دی ہتھوں تھر تھر کنب گیاسی
اوہو پھڑ تلوار محمدؐ مشرک نوں فرماوے ۔۔۔ میری کولوں دس ہن تینوں کیہڑا آن بچاوے
تاں پھر مشرک عرض سناوی سرور عالمؐ تائیں ۔۔۔ تیری حلم کرم دیہا جھوں میں بچ سکدا ناہیں
کر کے معاف سنایا اُسنوں جا جتھ مرضی تیری ۔۔۔ ہر دم سانوں رب بچاوے کری حفاظت میری
جسدم اسنوں دیہن معافی سرور نبیؐ سچاواں ۔۔۔ کلمہ پڑھ کر ہو گیا مومن آکھے کتول جاواں
تیری خلق تحمل اتوں میں ہویا قربانی ۔۔۔ کتے نہ جاوی ملیا جسنوں ہادی نبیؐ گرامی
پھر جا آکھے مشرکاں تائیں سنو عزیز بھراؤ ۔۔۔ برحق پاک رسولؐ محمدؐ جلد ایمان لیاؤ
بہتیاں لوکاں پاک نبی پہ جلد ایمان لیاندا ۔۔۔ بچگئے نار جہنم کولوں نیک نصیب جنہاندا
حلم نبیؐ تھیں کلمہ جاری مشرق مغرب تائیں ۔۔۔ خلقوں خلق سواری داواہ دین دُنی دی سائیں

فصل پنجم دربیان خصائل النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ترمذی شریف میں حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے۔ جس کا ترجمہ ایک عاشق رسولؐ نے اس طرح کیا ہے۔

عائشہ گوید کہ رسولؐ کریم ۔۔۔ بود بما بر سر خلق عظیم
حضرت عائشہ کرن روائت کل مومناں دی مائی ۔۔۔ بہتا خلق اساتھے رکھن پاک حبیبؐ الٰہی
ہیچ گراں خاطر ما را نہ خست ۔۔۔ از پئے خدمت کمر خود بہ بست
کدی نہ رنج اسانوں کردی پاک رسولؐ غفاری ۔۔۔ خدمت کار کرن دی خاطر آپے کرن تیاری
شیر بدو شیدی و آتش فروخت ۔۔۔ جامہ و نعلین چو نشد پارہ دوخت

دُودھ پچوون خود اپنی ہتھیں نالی اگ جلاون
خود نہ طلب کرد طعام و شراب
آپ نہ منگن حرماں کولوں حضرت کھانا پانی
گر نہ بودے ہیچ بخانہ طعام
جے گھر ہے نہیں کھانا جدن عرض سنائی جاوے
عائشہ کہے اساں پاک نبی سنگ ڈاہ وا عمر لنگھائی
ہر حرماندی سرورؐ عالم کردے حق ادائی
حضرت انسؓ روائت کردا نوکر پاک نبی دا
پہلوں کرن سلام محمدؐ ملتے والے تائیں
جد تک پہلوں ہتھ نہ چھوڑے بھی پھر منہ بھاوے
بہن برابر صف دے اندر اگاں نہ ہرگز ہوندے
مجلس او مجلس علم و ادب
مجلس علم ادب دی آہی پاک محمد والی
بڑی شہانہ مجلس آہی اوس سخی سرورؐ دی
چوں سخن آغاز نمودے رسولؐ
شروع کلام کرن جس ویلے سرور کل نبیاں دی
عزت وودھ نہ مول کسے دی نبیؐ محمد ناوں
جیونکر رب فرمان سناوے وچہ قرآن گواہی
تویں اصحاباں پاک نبیؐ دیاں کرکے عمل وکھایا
انسؓ روائت کردا حضرت پچھن جاں بیماراں
دعوت کرن قبول غریباں دار می اندر آوے
دیہن لگام جو اُسدی نائیں چھل کھجوروں آہی
حضرت اکثر خچر اُوٹھاں گھوڑیاں تے بھی چڑھدے
مائی عائشہ کرے روائت حضرت نبی گرامی
برائی دا بدلہ نال برائی ہرگز مول نہ لیندے

جُتی ٹٹ جاوے تاں گنڈھن ٹاکی کپڑیاں لاون
ہر چہ کہ دادیم بخوردے شتاب
جداوہ آپے پیش لیاون کھاندے نبیؐ حقانی
گفتے کہ شد نیت مادر صیام
تاں پھر کہندے میرا روزہ طلب نہ کجھ فرماوے
کسے حرم دے نال نبی نے سختی نہیں فرمائی
واہ وا حوصلہ پاک نبیؐ دا دھن جینندی مائی
ادلوں سوواری ہیں نوکر حضرت انسؓ ولی دا
کرن مصافحہ نال ہتھاندے سرور دو سرائیں
اُتنی دیر حبیبؐ ربانا پاسے نہ پرتاوے
بیٹھن دو زانوں وچہ مجلس ادب تمام سکھوندی
جز بہ اجازت نہ کشادند لب
باہجہ اجازت کوئی نہ بولے مال ملک دا والی
سب نیڑوانے سیس نواون خیر منگن اس در دی
جملہ سر افگندہ شدندے قبول
سر نیواں چپ بہن اصحابی ادب کنوں شرماندے
کرن اصحابؓ آواز نہ اُچا ڈردے ایس خیالوں
حضرت دی آوازوں اُچی کرو آواز نہ کائی
نہیں تاں عمل ہوون سب ضائع سخت حکم فرمایا
جد کوئی مرے جنازے ولدی حضرت نال پیاراں
کرن اسواری کھوتے اُتے حضرت انسؓ بتاوے
ایہ اسواری خیبر جنگ وچہ کیتی نبیؐ الہی
ایہہ کم تکلف کولوں بہت کنارہ کردے
وچہ بازار نہ بہتا بولن جیویں ہیو عوامی
بلکہ خوش خلقی دی پاروں ترت معاف کریندے

ہیچ گراں خاطر مارا نہ خست

جو کرن احسان غریباں اُتے میر کر دوست پیارے

ایہہ بھی کری روائت عائشہ صحیح گفتار نبیؐ دی

بود کلام شاہ عالی مقام

کلام محمدؐ سرور سندی عالی شان شہانی

واضح سن اکد وجے نالوں کلمے نبیؐ حقانی

مختصر تے جامع پکّی سب کلام حضورؐ دی

محفل وچہ نبیؐ دی جیکوئی آوے نال عقیدی

جد اک کلمہ کہندے ٹھہرن دوجا پھیر سناون

جاں تک سننے والی تائیں پوری سمجھ نہ آوے

چوں نبیؐ پاک سخن در شدے

جد جھہ پڑھن محمدؐ سرور یا جھہ کہن زبانوں

لباں مبارک جد دم کھولن موتی مُنہ تھیں جھڑدے

رجن وچہ نہ آوے کوئی سُن گفتار رسولی

یارب مجلس پاک نبیؐ دی فضلوں بخشیں سانوں

بھی آب دہان نبیؐ تھیں مٹھے ہودن پانی کھارے

ستیاں اکھیں نیند نبیؐ نوں دل دائم بیداری

بغلاں وچہ نہ وال نبیؐ نوں رہنے صاف بنایاں

جیونکر جابرؓ کری روائیت دارمی اندر آوے

ام سلمہؓ تھیں ہور روائیت راوی خبر سناون

سب مقام خوشی دی اُتے مڑ ہکا ورتیا جاوے

ختنہ شدہ تولد ہوئے ناف بریدہ آہی

پیدا ہوندیاں سجدہ کیتا اُپر زمیں جب ڈالے

وقت پیدائش مائی ڈٹھا نور کنوں چمکارا

جاں گرمی دھپ زیادہ ہودی بدّل کردی سایہ

از پئے خدمت کمر خود نہ بست

اسیں دیا نگے بدلہ بھنوں جاں آون دربارے

گن سکدی اسیں حرف تمامی واہ واہ ثنا حمیدی

افصح و اعلیٰ و بدیع النّظام

فصیح بلیغ جہانوں ودھ کے نال کوئی اُسدا ثانی

روشن جیونکر موتی لڑیاں بولن جدوں زبانی!

نیڑے دوروں سب کوئی سُندا ہکو جیہی پوری

نیڑی بہے یا دور بلاشک روشن ہودن دیدی

کدی کدی اک بات جو ہوی ترے ترے بار دُھراون

تدتک اگاں رسول ربانا نہ فرمان سُناوے

شعلۂ نور از دہنش بر شدے

مُنہ تھیں شعلے نوری نکلن جیوں بجلی اسمانوں

وند چنبے دیاں کلیاں دانگوں منہا وانگ بدر دی

دل چاہے جو بولی جاون خاص نبیؐ مقبولی

جو کوئی دشمن پاک نبیؐ دی رکھیں دور انہانوں

طفل چکھن تاں روز تمامی دودھ نہ پین پیارے

تے احتلام اُباسی کدی نہ آئی عمراں ساری

کستوری تھیں ودھ پسینہ دساں مومن بھایاں

کری معطر پاک محمدؐ جس گلیوں لنگھ جاوے

مڑ ہکا حضرت سب اصحابیؓ عطراں وچہ ملاون

سوہنی خوشبو کستوری تھیں اُسدی وچوں آوے

صاف نجاست میلوں آہا بدن رسول الٰہی

فلکاں طرف اُٹھائی اُنگل کہیا عزیزی والے

شام ولایت تیکر آیا مُلک نظر وچہ سارا

سایہ پاک نبیؐ دا ناہا وچہ حدیثاں آیا

رد تنی شمس قمر دی کوں سائے سب دسیون
پر جیدی روشنی وچ اونہاں تھیں کیکر ظاہر تھیون
ایسے کارن رب نبی نوں آکھ چراغ بلاوے
جتھے سورج جن نہ پہنچے اوتھے چانن لاوے
تاہیں پاک نبیؐ دا سایہ نظر نہ بالکل آوے
جو سائے نوں بے ادبی تھیں رب کریم بچاوے
تاں جو سائے حضرتؐ اُتے پیر نہ کوئی دیوے
سایہ رہندا عرشاں اُتے سوہنی شان سوہیوے
مکھی بھی نہ پاک نبیؐ پر جُوں نہ سر گھ پیندی
نہ اسواری ادب نبی تھیں بول براز کریندی
مطلب ایہ جو گھوڑے خچر اونٹ پیشاب کر دی
جد تک حضرتؐ اُپر ہوون مول نہ چارہ چردی
وقت میثاق الست پر تکیہ خالق جد فرمایا
سب تھیں اول پاک محمدؐ بول بلٰی فرمایا
سب نبیاں نوں دھرتی اُتے پر رب معراج کرایا
نال محبت سرور تائیں عرشاں تے منگوایا
پاک نبیؐ نوں دیدالٰہی بخشش ہوئی ارزانی
موسیٰ عرض زیارت کیتی آکھیا لن ترانی
بھی جنگ جدالاں وچہ فرشتے آون سب امدادی
ہر دم وافر پاک نبیؐ پر شفقت پاک خدا دی
جد دم صور قیامت کولوں خلق بہوشی پاوی
سب تھیں اول روضے وچوں سرورؐ باہر آوی
قضاولدے رب پاک نبیؐ نوں عجیب براق سواری
ستر ہزار فرشتے ہوون اندر تابعداری
سبھی طرف عرش دے ملسی جا ہگہ پاک نبیؐ نوں
نوری کرسی دی رب سچا اپنے خاص ولی نوں
وچہ درگاہ خداوند والی ملسی شان وزیری
دور کری رب اُمت والی اُسدا غم دلگیری
مقام محمود حبیب اللہؐ نوں بخشش ہوسی سرکاروں
لواء الحمد تعریفی جھنڈا ہتھ وچہ پھڑن پیارو
سنے اولاد آدم صفی اللہ ہیٹھ جھنڈے دی ہوسن
مُرسل نبی بھی تابع ہو کر پاس جناب کھلوسن
بھی سب تھیں اول جنت والا حضرتؐ قفل لہاون
طرا کشادہ مکان وسیلہ رب تھیں بخشش پاون
امت سرور عالم تائیں بہت ملن وڈیایاں
اسماعیل بطور نمونہ دسیاں مومن بھایاں

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا سَئَلَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ غَنَمًا بَیْنَ جَبَلَیْنِ فَاَعْطَاہُ فَاَتٰی قَوْمَہٗ فَقَالَ یَا قَوْمِ اَسْلِمُوْا فَوَاللّٰہِ اَنَّ مُحَمَّدًا یُعْطِی مَا یَخَافُ (رواہ مسلم) ترجمہ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ سائل نے حضور سے دو پہاڑوں کے درمیان کچھ بکریاں طلب کیں۔ حضور نے فی الفور سب دیدیں۔ تو وہ شخص اپنی قوم کے پاس جا کر کہنے لگا کہ اے قوم! سب لوگ سچے دل سے حضور محمد مصطفیٰؐ کا کلمہ پڑھ لو کیونکہ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں۔ کہ حضور بلا خوف فقیری و غریبی سب کچھ دیدیتے ہیں۔ اور حضرت جابرؓ سے روایت ہے۔ کہ ہم نے کبھی حضور کو اس حالت میں نہیں دیکھا کہ حضور سے کوئی سوال کرے اور آپ نے یہ فرمایا ہو کہ میرے پاس کچھ نہیں یا میں نہیں دیتا۔ یعنی جو کچھ موجود ہوتا دیدیتے یا آئندہ

نے کا وعدہ فرما دیتے ۔ چنانچہ فارذق شاعر نے کمال کہا ہے ؎

مَا قَالَ لَا قَطُّ اِلَّا فِی تَشَہُّدِہٖ — لَوْلَا التَّشَہُّدُ کَانَتْ لَاؤُہٗ نَعَمْ

ہرگز لا نہ آکھن سرور کلمے یا ہجہ پیارے — جے نہ ہوندا کلمہ تاں لا ہوندا نعم سوہارے

جیونکر فارذق دے وچہ شاعر لکھیا ایہہ نذرانہ — اونویں عرض فقیر سنا وی پڑھ تقصیر نمانان

نرفت کلمہ لا بر زبان بر علا — مگر یا اشہد ان لا الہ الا اللہ

کدی زبان رسول اوپر لا نہ ہرگز آیا — مگران لا نفی جنس دا جو کلمے وچہ آوے

ہر ہر وقت نعم فرماون لا نہ کہن زبانوں — میں نہیں دیندا کدی نہ آکھن سن مسلمانوں

پیشاب کیتا اک رات نبی نے رتن دیوچہ بھائی — فیرے ڈولن نوکر تائیں پا نہ رہ گیا کائی

پانی جان کسے اصحابی پی لیا اسدی تائیں — خوشبو لذت وددھ مٹھا ہوئی کیا صفت سنائیں

ساری عمراں اسدے کولوں خوشبو بیحد آوے — کی کی صفت حضور نبی دی اسماعیل سناوے

فصل ششم انعامات خاص جو حضور کے سوا کسی نبی کو نہیں ملے

صحیح بخاری وغیرہم میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور رحمۃ اللعالمین نے فُضِّلْتُ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ بِسِتَّۃٍ لَمْ یُعْطَھُنَّ اَحَدٌ مِّنْ قَبْلِیْ ترجمہ مجھے تمام انبیاء پر چھ فضیلتیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں ۔ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِیْرَۃَ شَہْرٍ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا (۱) اور مجھے ایک ماہ کے سفر کے فاصلہ تک فتح کرنیوالا رعب عطا ہوا ہے کہ یہاں بیٹھے ہوئے ایک ماہ کے سفر کی راہ تک لوگ کانپتے ہیں ۔ اور تمام زمین (۱) میرے لئے مسجد بنائی گئی ہے تیمم (۲) ۔ پانچ وقتی نماز (۳) باجماعت ۔ مال غنیمت (۴) ۔ شفاعت کبریٰ (۵) ۔ جامع الکلم (۶) ۔ کہ ایک ایک بات میں گویا سمندر بند ہوتے تھے اور روایات میں حضور کی پندرہ فضیلتوں کا ذکر بھی آیا ہے ۔

نظم پنجابی

مال غنیمت (۱) ساڈے کارن بخشش ہویا سرور دا — زمیں تمامی (۲) اقصیٰ دے لنگوں کیتی تسوں پیار دا

پنجے وقت (۳) نماز تے وضو (۴) عضوے دھونے (۵) سارے — بانگ جماعت (۶) شرف اقامت (۷) ایس امت نوں سارے

عید (۸) نماز جمعہ (۹) دی بخشی تے روزے (۱۰) رمضانوں — آخر بقر (۱۱) دور جو دو آیتاں آیت الکرسی (۱۲) جانوں

(۱۳) (۱۴) (۱۵)

لیل القدر تے فاتحہ سورۃ ملی شفاعت کبریٰ | حرمت پاک نبیؐ تھیں ملیا مسلماناں نوں بخرہ
ایہ انعام رسولاںؐ وچوں کسے نہ ہرگز پائے | خاص حبیب محمدؐ اوتے رب نازل فرمائے
کرن روایت فاتحہ ربنے جد نازل فرمائی | تاں مردود شیطان پکارا رو کر کری دوہائی
ہائے افسوس جو محنت میری ہن برباد ہو جاوے | فاتحہ پڑھنے والا مومن ہینتھے غالب آوے
ہن کوئی شخص محمدیاں تھیں دوزخ جاسی ناہیں | برکت فاتحہ سورۃ پاروں بخش دیسی رب سائیں
شان رسولیؐ دنیا وچہ رب تھوڑی کیتی ظاہر | یوم الحشر تجلی ہوسی عقل قیاسوں باہر
خاص مرید نبی دی یاروں عزت وافر پاون | ہتھاں نوں چک وڈھن کافر رو رو کے پچھتاون
ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ حکم ہویا سرکاروں | راضی کراں محبوبا تینوں آکھیا شوق پیاروں
بس میاں پھر قدم نبی دی تینوں آکھ سنایا | بیفرماناں روز قیامت درد عذاب سوایا
جمیا کون انعام رسولیؐ گن کردسے سارے | جبرائیل مقرب ورگے ہار کھلو تے سارے
یارب بخشیں مینوں نالے دوست یار سبھی نوں | روز قیامت ساری مومن ملن حضور نبی نوں

فصل ہفتم در بیان حضورؐ کی خوش طبعی

گاہ با اصحابؓ نمودے مزاح | گاہ ز اصحاب شنودے مزاح
کدے اصحاباں دے سنگ حضرتؐ کردے خوش گفتاراں | کدی خوش طبعی دیاں باتاں سندے پاس یاراں
سوہنی طرز دوں ہاسہ کردے گند نہ کرن مزاحاں | حجت مخول نہ کرن کسینوں وانگ خراں گستاخاں
خوش طبعی سردار نبی دی روشن کردی سینہ | ہگراں جھوٹھ نہ جو چہ ہووے وانگ جہول پیدیناں
سخن حقیق لطیف ہمیشہ کردے نبیؐ حقانی | سندیاں ساریاں ہی دلدی جاندی اُڈ تمامی

مطائبہ اوّل

زال زنے آمدہ نیکو سرشت | گفت دعا کن کہ روم در بہشت
اِک بڈھی عورت پاس نبیؐ دے آ کر عرض گذارے | دعا فرماؤ جنت جاواں یا سردار پیارے
گفت نبیؐ پاک کہ اے خوش بیاں | زال نہ ہرگز رود اندر جناں
خوش طبعی دے پاروں اسنوں تاں فرمان سناون | بڈھے بڈھیاں جنت اندر ہرگز مول نہ جاون
زال چوں بشنید دلش شد دو شق | گفت علاج نہ بر تقدیر حق

سُندیاں دل بڈھڑی دا پھٹیا رو رو حال سناوے ہائے تقدیر ربانی لگے چارہ پیش نہ جاوے

کردے بسے گریہ فغان چنیں گفت نبیؐ پاک نخور غم چنیں

بہتی گریہ زاری کرکے مائی شور مچایا رحمت عالم نال محبت خوش فرمان سُنایا

منتظر رحمتِ غفّار باش خفتہ دلے چیست بیدار باش

رکھ اُمید خدا دی رحمت ہردم ٹھاٹھاں مارے سُتا قلب جگاویں اپنا جاگن بخت تمہارے

پیر شود روز قیامت جوان بعد ازاں خوش رود اندر جنان

حشر دیہاڑے بڈھڑی بڈھڑے سب جوان ہو جاون داخل ہوون جنت اندر عیش مراداں پاون

زال چون شنید دلش شاد شد خانۂ ویرانہ اش آباد شد

سُن خوشخبری بڈھڑی مائی بہت خوشی وچ آئی گھر ایمان آباد دی پائی بولے حمد الٰہی

کوہڑ بیماری ہر اک والی دور کرے رب سائیں اکو عمر سبھناں دی ہوسی وچہ مقام جنائیں

مطائبہ دوم

گفت بہ یک سادہ دلے بے زکا خواہرِ خالِ تو چہ باشد تُرا

اک سادہ دل گُند ذہن نوں حضرتؐ نے فرمایا بھین تیری مامے دی ہووے توں کی ساک بنایا

سادہ از فکر فرو کرد سر کرد تبسّم شاہِ عالی قدر

اوہ گُند ذہن حیران قیاسوں دل فکراں وچ پایا حیرت اُسدی ویکھ نبیؐ نوں دل وچ ہاسا آیا

گفت چوں سادہ دل از ہوش شد مادرت از یاد فراموش شد

ہوش سلامت کر اے شخصا آکھیا نبیؐ غفاری تیری مامے دی ہمشیرہ تیری ماں پیاری

خوش طبعی دیاں ایہاں گلاں نبیؐ کرن سنگ یاراں جھوٹھ ملاپ ہرگز ہووے نیک ہوون گفتاراں

بخت بلند جنہاں نوں ملیا مجلس فیض رسولیؐ اسماعیلا دوزخ جاون کرن جو حکم عدولی

فصل ہشتم اُلفت حضورؐ با طفلاں و وفات ابوطالب

خاص کہ چوں بود رضیع او ولید بود براد شفقت و مہرش مزید

دودھ پیون والے جو ہون اکثر بال ایانے بہت محبت نال اونہاں دی کرن حبیبؐ ربانے

میوہ پھل فروٹ جے کدھروں آوے پاس شہاں دے پہلوں دیون بچیاں تائیں آپ پچھیرے کھاندے

نال حسینؓ امام حسنؓ دی بہت پیار کماندے
کدی اونہاندی مونہاں اندر پاون جیبھ پیار دے
جویں محمدؐ سرور عالم صاحبزادے پیارے
مہر نبیؐ بُد بہ صبیّ بیشتر
بچیاں نال جناب نبیؐ نوں بہتی شفقت آہی
میں قربان رحیم نبیؐ توں کی کی صفت سناواں

چاہن میریاں اکھیاں والا اُنس کنوں فرماندے
شوقوں سر مُنہ چم اونہاندا حکم جویں سرکار دے
اتنا ہور عزیز نہ کوئی اندر عالم سارے
بیشتر از مادر و بیش از پدر
ودھ کے ماں پیو تھیں کئی حصے حسن تول میرے بھالی
کراں اُمید جو وچہ مریداں میں بھی گنیا جاواں

حضورؐ کے کشتی کرنے کا بیان

مدارج النبوۃ میں لکھا ہے کہ زمانہ آنحضرتؐ میں ایک پہلوان ہزار مرد نامی تھا۔ جس میں ہزار مرد کی طاقت تھی اور تمام روئے زمین کے پہلوانوں پر غلبہ حاصل کر چکا تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اسلام پیش کیا تو اس نے جواب دیا کہ یا محمدؐ میرے ساتھ کشتی کر لو۔ اگر آپ مجھ پر غالب ہو گئے۔ تو میں بلا عذر مسلمان ہو جاؤنگا۔ حضورؐ نے منظور فرمایا۔ اور تاریخ مقررہ پر مجمع عام میں اُسکو زیر کر دیا۔ اور وہ مع اپنے اہل و عیال کے مسلمان ہو گیا۔ لیکن یہ یاد رہے کہ حضورؐ آجکل کے پہلوانوں کی طرح زانو سرین ننگے نہیں ہونے دیتے تھے۔ کیونکہ ناف سے لیکر گھٹنوں تک جو بدن چھپانا فرض ہے چھپائے ہوئے تھے۔ اسی طرح پابندی پردہ کے ساتھ کشتی کرنا جائز بلکہ افضل ہے۔ مگر آجکل کے پہلوان جو سرین اور ران ننگے کر کے کشتی کرتے ہیں۔ شریعت کے برخلاف چل کر گنہگار ہو جاتے ہیں۔

ہجرت سے تین سال پہلے حضور کے ہمدرد چچا ابو طالب فوت ہو گئے جو ہر وقت کفار کی ایذا رسانی پر حضورؐ کی بڑی مدد کرتے تھے جسکا حضور کو بڑا صدمہ ہوا۔ مگر جب حضور فرماتے کہ چچا جان میں چاہتا ہوں کہ ان تمام مہربانیوں کے عوض آپکو جنت میں دیکھوں۔ لہذا آپ میرا کلمہ پڑھ لو۔ تو کہتے کہ بیٹا مجھے پسند نہیں کہ ساری عمر جو میرا سر اُونچا رہا ہے اب اُسکو اپنے سرین سے نیچا کروں یا باپ دادے کا رستہ چھوڑ کر نیا طریقہ اختیار کروں۔ اور اکثر محققین کے نزدیک مسلمان ہو گئے تھے۔ جو قریباً زیادہ صحیح ہے۔ وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ۔

خطبہ چہارم (جو دو فصل پر منقسم ہے)

فصل اوّل دربیان معجزات النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

قولہ تعالیٰ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ۔ ترجمہ قریب آگئی قیامت جبکہ چاند دو ٹکڑے ہوگیا۔ اور کفار اس عظیم ترین معجزہ کو جادو کہتے ہوئے منہ پھیر رہے ہیں۔ شان نزول اس سورہ کا یہ ہے۔ کہ ایکدفعہ قریش نے آنحضرت کے پاس آکر کہا کہ یا محمدؐ اگر آپ اپنے دعویٰ نبوۃ میں سچے ہیں۔ تو ہمیں اپنے معجزے کی طاقت سے قمر آسمانی کو دو ٹکڑے کرکے دکھا دو۔ اسوقت چاند عین چودہویں رات کا پوری روشنی پر تھا حضورؐ نے انگلی کے اشارے سے دو ٹکڑے کر دیا۔ ایک ٹکڑا بدستور اپنی جگہ پر قائم رہا اور دوسرا کوہ حرا کے نیچے نظر آرہا تھا۔ پھر حضورؐ نے فرمایا کہ اب خدائے واحد لاشریک پر ایمان لاؤ۔ اُن میں کئی آدمی مسلمان ہوگئے اور باقی جادوگر کہتے ہوئے واپس ہوگئے۔ مگر بعض مفسرین کرامؒ نے شان نزول اس طرح بیان کیا ہے کہ ایکدن ابوجہل اور ایک یہودی حضورؐ کی ذات اقدس میں حاضر ہوئے اور ابوجہل نے کہا کہ یا محمدؐ آج ہمیں کوئی معجزہ دکھاؤ ورنہ آپکا سر مبارک تلوار سے جدا کر دیا جائیگا۔ حضورؐ نے فرمایا کیا معجزہ چاہتا ہے۔ تو ابوجہل نے دائیں بائیں طرف دیکھکر سوچا کہ کوئی ایسا مشکل معجزہ طلب کیا جائے جو جو کام اس سے نہ ہوسکے۔ یہودی بولا کہ جادوگر کا جادو زمین پر چلتا ہے۔ آسمان پر اثر نہیں کرسکتا لہٰذا کہنے لگے کہ آسمان پر جو چاند روشن ہے اس کے دو ٹکڑے کرکے ہمیں دکھا دو۔ حضورؐ نے انگلی سے چاند کی طرف اشارہ کیا تو چاند دو ٹکڑے ہوکر آدھا وہیں کھڑا رہا اور آدھا زمین پر اُتر آیا ابوجہل نے کہا کہ اسکو کہو کہ ملجائے۔ حضورؐ نے پھر اشارہ کیا تو وہ دونوں ٹکڑے ملگئے۔ یہ معجزہ دیکھکر یہودی تو فوراً مسلمان ہوگیا۔ اور ابوجہل نے کہا ہماری آنکھیں جادو سے بند کردی گئی ہیں۔ جس سے ہمیں چاند دو ٹکڑے نظر آیا ہے اگر سچ ہے تو جو ہمارے لوگ سفر کو گئے ہوئے ہیں۔ اُن کے واپس آنے پر معلوم ہو جائیگا۔ کہ وہاں بھی چاند دو ٹکڑے ہُوا تھا یا نہیں۔ مگر جب اُن لوگوں نے سفر سے واپس آکر بھی شہادت دی کہ وہاں بھی چاند دو ٹکڑے ہُوا نظر آیا تھا۔ تب بھی اُسکو ایمان نصیب نہ ہوا۔ اور جادو ہی پکارتا رہا اور دیگر کتب مبارکہ میں بھی شق القمر کے ثبوت موجود ہیں۔ تاریخ فرشتہ والے نے بھی گیارھویں مقالہ میں ذکر کیا ہے۔ اور مہابھارت کی کتاب دھرم پرم میں بھی بیاس جی مہاراج نے ذکر کیا ہے

کتاب الاسلام صفحہ ۴۶۶ پر۔ معجزہ مشتق ہے عجز سے یعنی اپنے غیر کو عاجز کرنیوالا۔ اور انبیاء علیہم السلام کے دعوائے نبوت میں تقویت دیتا ہے۔ غیر نبیؑ سے ایسا معجزہ صدور نہیں ہوتا۔ اور حضرت شیخ عبدالحق رحمۃ محدث دہلوی فرماتے ہیں۔ کہ معجزہ ایک امر خوارق یعنی خلافِ عادت فعل صادر ہونیکو کہتے ہیں۔ جس سے دعوائی نبوت ثابت ہوتا ہے۔ اور جو خوارق عادت نبوت سے پیشتر ظاہر ہو اُسکو رہاص کہتے ہیں۔ جس کے معنی مکان کو پتھر و مٹی وغیرہ سے مضبوط کرنیکو کہتے ہیں۔ گویا اس میں استحکام امر نبوت کا ہے۔ **فائدہ** تمام خرق عادت امور چار قسم کے ہیں۔ (۱) جو کفار سے صادر ہو اُسکو استدراج کہتے ہیں۔ جیسا کہ فرعون کے کہنے سے دریائے نیل جاری ہوا اور قرب قیامت دجال سے بھی کئی خوارق ظاہر ہونگے وغیرہ (۲) جو عام مسلمانوں سے ظاہر ہوں اُنکو معونت کہتے ہیں۔ (۳) جو اولیائے کرام رحمۃ سے ظہور ہوں اُن کو کرامت کہتے ہیں۔ اور یہ سب قید نبوت سے علیحدہ ہیں۔ ان ہر سہ اقسام کو معجزہ نہیں کہہ سکتے (۴) جو نبیؑ سے ظاہر ہوں اور وہ دعوائی نبوت بھی کرے اُسکو معجزہ کہتے ہیں۔ اور سحر جادو و طلسم وغیرہ کو خرق عادت نہیں کہہ سکتے کیونکہ وہ اسباب سے ظاہر ہوتے ہیں اور اسباب سے ظاہر ہونیوالی خرق عادات نہیں۔ جیسے شفا مرض کا ساتھ ہے اور دوا حکیم و ڈاکٹر کا۔ اسی طرح چوری شدہ مال کیلئے فال وغیرہ لیجاتی ہے۔ اگر کوئی اسکو خرق عادات کہے تو اسکا اعتبار ظاہراً ہے حقیقتاً نہیں۔ یوں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات بیحد و شمار ہیں مگر بندۂ فقیر چند معجزات درج ذیل کرتا ہے (۱) سب سے بڑا معجزہ تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرآن کریم ہے۔ اس سے پیشتر جملہ کتب میں تحریف واقعہ ہو چکی ہے مگر قرآن مجید میں تحریف بالکل ناممکن ہے بقول باری تعالیٰ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (پارہ ۱۴۔ سورہ حجر) **ترجمہ** ہم نے ہی قرآن کریم کو اُتارا ہے اور ہم ہی اِس کے محافظ ہیں۔ ظاہر ہے کہ جس کا محافظ خود اللہ جلّ شانہٗ ہو اُس میں کس طرح تحریف ہو سکتی ہے خواہ تمام دنیا کیوں نہ زور لگائے۔ اور قرآن مجید نے خود اپنے کلام الٰہی ہونے کا ثبوت پُرزور چیلنج کے ساتھ دیا ہے۔ **قولہٗ تعالیٰ** وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ط **ترجمہ** اے عالم اگر تمکو شک ہو کہ قرآن پاک خدا کا کلام نہیں بلکہ تمہارے زعم کے مطابق محمدؐ کی تصنیف ہے۔ تو اس کی مانند ایک تو سورۃ بنا کر دکھاؤ۔ جسکو ہم نے اپنے رسول پر اُتارا ہے۔ اور اللہ کے سوا اپنے بتوں شاعروں منشیوں کو مددگار گواہ بھی بنا لو اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو۔ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ط اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ط **ترجمہ** پس تم ایسا ہرگز نہ کر سکو گے تو ڈرو اُس آگ سے کہ ایندھن اُس کا آدمی اور پتھر ہیں۔ اور وہ ایسے ہی کفار کیلئے تیار کر رکھی ہے (پارہ ۱۔ سورہ بقر) لہٰذا

قرآن پاک ایک بڑا کمال معجزہ ہے۔ کہ اس میں ایک ذرہ برابر بھی تحریف نہ ہوئی ہے اور نہ ہوگی
اور جو اہل تشیع کا گمان فاسد ہے کہ اصحاب ثلاثہؓ نے قرآن پاک میں بہت مقام پر تحریف کی ہے۔ (یعنی
جس طرح دیگر انبیاء علیہم السلام کا ذکر قرآن پاک میں ہے۔ اسی طرح اہلبیت کا ذکر بھی تھا جو حضرت
ابا بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ نے اڑا دیا) یہ صاف بہتان ہے کیونکہ اگر کسی جگہ سے وہ اہل بیت کا نام
اڑاتے تو اپنا نام درج کر دیتے ورنہ اُنکو کیا فائدہ۔ تمام قرآن پاک میں سوائے زیدؓ کے کسی اصحابیؓ
کا نام یا اُن کی اولاد کا نام نہیں لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ تمام محض ان کا بکواس ہے۔ اور بعض شیعہ کہتے
ہیں کہ یہ قرآن اصلی نہیں بلکہ جو اصلی قرآن نبی کریمؐ پر نازل ہوا تھا۔ امام مہدیؒ کے پاس ہے۔ جو کہ اصحاب
کہف کی طرح سرمن رائے غار میں پوشیدہ ہیں۔ اور قرب قیامت کو ظاہر ہوں گے۔ تو اصلی قرآن لائینگے
یہ سب لغو عقائد ہیں۔ یہی قرآن پاک اصلی ہے جو شخص اس قران کے تحریف شدہ ہونیکا عقیدہ رکھیگا
وہ مطابق ارشاد الٰہی کے مرتد و لعین ہوگا۔ اگر مفصل دیکھنا ہو تو ماہ محرم تحفۃ المومنین میری تصنیف دیکھو

قرآن پاک کے متعلق غیر مسلم لوگوں کے خیالات

یوں تو قرآن پاک کی طلسماتی تعلیم پر زمانہ شاہد ہے اور پوری تفصیل کیلئے بڑے دفتر کی ضرورت ہے
مگر ناظرین کی خدمت میں معزز ترین اشخاص کی چند شہادتیں درج کرتا ہوں (۱) امریکہ کی سنائی
یونیورسٹی کے پروفیسر اعلیٰ مسٹر ہوورڈ نے ایکدفعہ لیکچر دیتے ہوئے فرمایا کہ ہم لوگ خواہ کتنا ہی انکار کریں
مگر واقعات کو مدنظر رکھکر یہ تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے کہ اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے۔ وہ اس قوم پر حکومت
کر رہا ہے جو ازمنہ مظلمہ علیسائیوں کیلئے شمع ہدایت بنی رہی۔ اور جس نے اپنے علوم و فنون سے ہمارے
دماغوں کو سیراب و شاداب کر دیا۔ میرا خیال ہے کہ اگر اسلامی حکومتیں صفحہ ہستی سے نیست و نابود بھی
ہو جائیں تو بھی اسلام اور مسلمان دنیا سے نہیں مٹ سکتے۔ کیونکہ جو چیز ان کو حیات تازہ بخشتی ہے
وہ اُن کی کتاب قرآن ہے جو اصل کے اعتبار سے ایسی محفوظ ہے جیسا کہ اپنی پیدائش کیوقت آسمان پر
تھی۔ اس کا حال بائیبل کی طرح نہیں ہے۔ جو اپنی تمام مذہبی اور تاریخی خصوصیات کھو چکی ہے۔ اور
اُس کی تمام تعلیم بیرونی عقائد سے ملوث ہو چکی ہے۔ علیسائیت اور بت پرستی میں کوئی فرق نہیں رہا
اگر کوئی فرق کرنا چاہے تو ہرگز نہیں کر سکتا کیونکہ بت پرستی کے جراثیم نے علیسائیت کو چٹ کر لیا ہے
قرآن پاک ایک زندہ اور حیات بخش کتاب ہے۔ مسلمانوں کے نزدیک کوئی چیز اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی
جتنی عزت قرآن شریف کی مسلمانوں کے دل میں ہے اُتنی ہمارے دلوں میں انجیل کی بالکل نہیں مسلمان

اپنے دل و دماغ اسلام کے حوالے کر چکے ہیں ۔ اور عیسائی رسماً یا بعض سیاسی وجوہ کی بنا پر اس کو مان رہے ہیں ۔ ہمیں یقین رکھنا چاہیے کہ اگر قرآن مجید کی تعلیم کا صحیح ظہور ہوا تو سب سے پہلے اور زیادہ عیسائیت کو نقصان پہنچیگا ۔ (نقل در کتاب الاسلام مؤلفہ قبلہ سید نذیر الحق صاحب مدفیضہ) (۲) مسٹر کامس کارلائل صاحب فرماتے ہیں کہ سب سے بڑی خوبی قرآن مجید کی اس کا خالص اور اصلی ہونا ہے ۔ میری دانست میں قرآن مجید کا وصف یہ ہے کہ ہر لحاظ سے سچا ہے (۳) مسٹر مہاتما گاندھی جی کا ارشاد ہے کہ میرے نزدیک قرآن کریم کی یہ خوبی بہت اعلیٰ ہے کہ اس کی تمام تعلیم فطرت انسانی کے مطابق ہے (کتاب الاسلام صہ ۱۷۹) لہذا آپ کا پہلا معجزہ قرآن کریم اور دوسرا شق القمر ہوا ۔ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِنِّی الاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَکَّۃَ کَانَ یُسَلِّمُ عَلَیَّ الخ ترجمہ جابر بن سمرہ کہتے ہیں کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں پہچانتا ہوں اس پتھر کو جس نے مجھے نبوت سے پہلے کہا تھا کہ یا رسول اللہ اسلام علیک دوسری روایت میں اس طرح آتا ہے کہ فرمایا نبی کریم نے کہ جس شجر و حجر کے پاس سے میں گذرتا سب کہتے اسلام علیک یا رسول اللہ (بخاری و مسلم)

نظم پنجابی

ابو ہریرہ کرے روایت مسلم اندر آوے
وچہ نماز محمد ویکھیاں گردن قدم دھریاں
اتفاقوں جاں رحمت عالم کعبے اندر آئے
قصد کیتا ابو جہل کمینے گردن قدم ٹکاواں
اچن چیتی پچھلے پیریں دوڑدا ہویا مڑیا
مطلب ایہ جو مارن والا اُسنوں پچھاں ہٹاوے
دوست آکھن ابو جہل نوں کیوں اتنا گھبرایوں
آکھے حائل آتش ہوگئی رستے اندر کھائی
عظمت ویکھ نبی دی لوکیں بہت ایمان لیائے
نبی کہیا جے میری نیڑے ڈھکدا اج دیہاڑی
واہ سبحان اللہ کیا عظمت سرور شاہ رسولاں

ابوجہل اک روز تناندی کھاکی قسم سناوے
اوپر زمین دے گردن رگڑاں بہت اذیت دیساں
ابوجہل نے ویکھیا حضرت پیا نماز ادائے
جدم سجدی اندر ہوئے پاک رسول سچاواں
گویا اُسدا بدن تمامی نال النبے سڑیا
جدی رب کرے نگہبانی کیکر غلبہ پاوے
قسم مطابق کم نہ کیتا پرت پچھاں ول آیوں
قہروں آتش لاٹاں والی مینوں ساڑن آئی
پر ضدوں ابوجہل انکارا کر انکار سنائے
ٹکڑے ٹکڑے کر دی اُسنوں ملک مقرب پیاری
کی جانے ابوجہل نکارا جاہل شاہ جھولاں

عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ الاِسْلَامِ بِمَقْدَمِ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَھُوَ فِی الاَرْضِ الحدیث ترجمہ

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں نے سُنا عبداللہ بن سلام سے کہ جناب محمدؐ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ شریف سے مدینہ منورہ کی طرف آرہے تھے۔ اور میں اُسوقت اپنے باغ میں میوہ توڑنے میں مصروف تھا اور مجھے فرصت نہ تھی مگر تاہم کام چھوڑ کر سرکارِ رسالت میں پہنچا۔ اور عرض کی کہ حضورؐ تین چیزوں کا علم سوائے نبیؐ کے کوئی نہیں جانتا وُہ باتیں مجھے بتادیں اگر آپ سچے نبی ہو (۱) قیامت قائم ہونیکی نشانی کیا ہے۔ (۲) جنتیوں کو پہلا کھانا کونسا ملیگا (۳) لڑکا کبھی عقل وسیرت میں کے ماں کے مشابہ ہوتا ہے اور کبھی باپ کے اسکا کیا مطلب ہے؟ اُسوقت جبریلؑ نے آکر تینوں اُمور کی خبر دی اور آپنے حسب ذیل جواب دیئے۔ (۱) بڑی نشانی قیامت کی یہ ہے۔ کہ مشرق کی طرف سے آگ نمودار ہوکر تمام لوگوں کو دھکیل کر مغرب کی طرف اکٹھا کریگی۔ (۲) سب سے پہلے اہل جنت کو اُس مچھلی کے جگر کا کباب ملیگا جس کی پشت پر زمین رکھی ہوئی ہے۔ (۳) اگر بوقت دخول مرد کی منی عورت کی منی پر غالب آوے تو بچوں کی سیرت صورت عادات باپ کے مشابہ ہوگی۔ اگر عورت کی منی مرد کی منی پر غالب آوے تو اولاد ماں کے مشابہ ہوگی۔ جب حضورؐ نے تینوں جواب صحیح دیئے تو عبداللہ بن سلام مسلمان ہوگئے جو کہ پہلے یہودی تھے اور تورات کے بڑے عالم تھے اُن کا نسب نامہ حضرت یوسف سے ملتا تھا اور سب اوصاف حضورؐ نبی کریم کے تورات میں پڑھ چکا تھا اور بطور آزمائش حضورؐ سے سوال کرکے مسلمان ہوگیا۔ اور مسلمان ہونیکے بعد کہا کرتا تھا۔ کہ یارسول اللہ واقعی ہم یہودی ہونیکی صورت میں بھی آپکو اسطرح پہچانتے تھے۔ یعنی جس طرح اپنی اولاد کے نسب پر کوئی شک نہیں کرتا اسی طرح آپکی نبوۃ پر بھی کوئی شک نہ تھا۔ مگر ضد اور بدنصیبی کے باعث کلمہ شریف نہ پڑھتے تھے۔ جیساکہ سورۂ بقر میں ہے۔ (۶) عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ لَنَّا یَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْفِرُ فَعَرَضَتْ کُرْیَۃٌ شَدِیْدَۃٌ (الحدیث) جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ جب ہم جنگ احزاب کے وقت مدینہ منورہ کے اردگرد برائے روک معاندین اسلام خندق کھود رہے تھے اتفاقاً ایک پتھر ظاہر ہوا ہم نے عرض کی یارسولؐ اللہ ہم سے بوجہ بھوک کے پتھر نہیں توڑا جاسکتا۔ حضور نے فرمایا کہ مجھے گینتی دو آپنے پتھر پر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ضرب لگائی۔ پتھر ریزہ ریزہ ہوگیا۔ اور اُس سے شعلہ آگ کا اُس زور سے بلند ہوا کہ مدینہ شریف کے دونوں طرف روشنی ہوگئی۔ شارحین حدیث کا بیان ہے کہ غیب سے ندا آئی کہ یا محمدؐ آہستہ ضرب لگانا کہیں تمام زمین ہی نہ پس جائے

نظم پنجابی

تین دناں دی بُھکھے آہے سرورؐ نبیؐ پیارے	آکھیا جا گھر بیوی تائیں جابر یار سوہارے

رمیلہؓ بنت معوذؓ انصاری جہکو کار سیانی ‏ کرو تیار شتابی کھانا کارن نبیؐ حقانی
جیکر پکا کھانا ہووے ویدیہو جلد اسانوں ‏ بی بی پکڑ وکھادی ساڈھے ترائے سیر جواں نوں
جابرؓ آکھے آنا اسدا جلدی کرو تیاری ‏ آپ کریندا ذبح بٹھورا کارن نبیؐ غفاری
اکو بکرا گھر ہیں او نہاندی وچہ حدیثاں آیا ‏ الفت رحمت عالمؐ کارن فوراً ذبح کرایا
گنہر کے آنا بی بی صاحبہ گوشت جلد پکا دی ‏ چپکا سد رسولؐ لیاویں ہور نہ کوئی آدی
اس پارون جو بالکل آنا گوشت تھوڑا آیا ‏ ہووے نہ ندامت سانوں کرکے عرض سنایا
جاکر جابرؓ پاک نبیؐ نوں ہولی عرض سنائی ‏ چلکر روٹی کھاؤ حضرتؐ دعوت اساں پکائی
تھوڑی کھانیوں ڈردا جابرؓ ہولی عرض کریندا ‏ مگراں پاک محمدؐ سبھناں تھوں سد کریندا
ساڈی جابرؓ مردر بانے دعوت اج پکائی ‏ نال اصحاباں گھر جابرؓ دے آگئے نبیؐ الٰہی
گوشت آئے دیوچہ حضرتؐ لب مبارک پاون ‏ روٹیاں جلد پکاؤ حضرتؐ رمیلہؓ نوں فرماون
اپنے ہتھیں روٹیاں گوشت سرورؐ نے ورتایا ‏ رج کھادا دہ سو اصحاباںؓ راوی ذکر لیایا
کھاکے قسم سناندا خبراں جابرؓ مرد حضوری ‏ چے میں ہانڈی دیول ڈٹھا بھری برابر پوری
اسماعیلا کی سناویں صفت رسولؐ غفاری ‏ روشن ہوگئے طبق تمامی ہانڈی کون بچاری
آنا او نویں وچہ کتنا لی گھٹیا مول نہ کوئی ‏ برکت لب سردار محمدؐ اسوچہ ظاہر ہوئی
ایویں ہور ہزاراں معجزے وچہ کتاباں آون ‏ مومن سچ یقین لیا کر جنت اندر جاون

عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ سِرْنَا مَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَزَلْنَا وَادِیًا اَفْیَحَ فَذَھَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (الحدیث) حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ہم رسول خدا کے ہمراہ ایک جنگل میں جا رہے تھے کہ رسولؐ خدا قضائے حاجت کو گئے مگر وہاں کوئی ٹیلہ وغیرہ پردہ نہ تھا کہ آپؐ روپوش ہوتے پس دو درختوں کو فرمایا کہ تم دونوں میرے واسطے پردہ کرو۔ پس دونوں درخت آپس میں جلدی سے مل کر آپ کے گرد لپٹ گئے اور پردہ کر دیا۔ جب آپؐ فارغ ہو کر واپس آئے تو دونوں درخت اپنی اپنی جگہ پر چلے گئے۔ اور اس اثناء میں عجیب و غریب حالت دیکھ کر میں دل ہی دل میں باتیں کر رہا تھا جیسا کہ اکثر انسانوں کی عادت ہوتی ہے اور اسکو حدیث نفس کہتے ہیں۔

نظم پنجابی

تابعدار رسولاںؑ سب کجھ ثابت جویں قرآنوں ‏ خاکی نوری ناری ساری بھی سب قسم حیواناں

اربعہ عناصر نجم قمر ہور سورج حکم بجاوے | بیفرمان رسولاںؑ نبیاںؑ دوزخ اندر جاوے
جناں تے انساناں وچوں مومن جنت جاون | الفت یاروں ہور بھی چیزاں فیض حضوروں پاون
جیونکر سگ اصحاب کہف دا کھوتا عیسیٰؑ والا | براق محمدؐ ڈاچی صالحؑ بخشے رب تعالیٰ
اسماعیلا صفت رسولاںؑ کون بیان سناوے | جو کوئی حب رسولاںؑ رکھے کدی نہ دوزخ جاوے
یارب مومن مرد نساواں کریں مرید رسولاںؑ | فصلوں ساتھے کریں نہ غالب ٹول ظلوم جہولاں
تابعدار حضور محمدؐ کرکے کرم بنائیں | حشر دیہاڑے نال نبیؐ دی بخشیں جنت جائیں

وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اِسْتَنَدَ اِلٰی جِذْعِ نَخْلَۃٍ مِّنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ (الحدیث) (بخاری) **ترجمہ** حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ابتداء اسلام کے وقت جب منبر شریف نہ تھا تو حضورؐ ایک کھجور کے تھم سے سہارا لگا کر کھڑے ہو کر خطبہ بیان فرماتے جسکا نام حنانہ صحن مسجد میں تھا جب منبر تیار ہوگیا تو حضور اُسپر چڑھکر وعظ فرمانے لگے تو وہ تھم حنانہ زار زار رونے لگا۔ حضورؐ نے فرمایا اے تھم تو کیوں روتا ہے آیا دوبارہ تازہ ہوکر پھلنے کی خواہش ہے بولا حضور تازہ ہونے کی کوئی خواہش نہیں ہے مجھے تو فقط یہی خواہش ہے کہ کسی منٹ کے لئے بھی حضور سے جدا نہ کیا جاؤں اُس وقت حضور نے کمال شفقت سے گلے لگا لیا اور فرمایا کہ اسکو اُکھاڑ کر کفن دیکر دفن کردیا جائے اصحابہ کرام رضی نے ویسا ہی کیا۔ اور فرمایا کہ اے دوست! بیشک تو ہم سے جدا نہ ہوگا حتیٰ کہ قیامت کو انسانی صورت میں ہمارے ساتھ رہنے کا تجھکو شرف خداوند کریم بخشیگا۔ شعر

حب نبیؐ دی یاروں جدم لکڑ جنت جاوے | کیوں نہ بندہ رحمت یاروں فضل زیادہ پاوے

فائدہ۔ حضرت حسن بصری رحؒ فرماتے کہ اے بندگانِ خدا! جب حضورؐ کے فراق میں لکڑی کا یہ حال ہے تو تمکو اس سے کہیں زیادہ رونا چاہیئے۔ وَعَنْ جَابِرٍؓ قَالَ عَطِشَ النَّاسُ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَۃِ وَ رَسُوْلُ اللّٰہِ بَیْنَ یَدَیْہِ رَکْوَۃٌ فَتَوَضَّأَ مِنْھَا (الحدیث) **ترجمہ** جابرؓ سے روایت ہے کہ ہم لوگ حدیبیہ کے روز بہت پیاسے ہوئے درانحالیکہ ہمارے پاس ایک ہی چھاگل تھی جس میں بہت تھوڑا پانی تھا جب حضورؐ نے اس میں سے وضو کیا تو ہم نے عرض کی یا رسول اللہ ہم کہاں سے پانی پیویں اور وضو کریں اُسی وقت حضور نے چھاگل کے منہ پر ہاتھ مبارک رکھ کر فرمایا کہ آؤ (از بخاری)

نظم پنجابی

چھاگل دے منہ اُتے حضرت دھریا دست نورانی | انگلیاں تھیں وانگ نوہاری جاری ہوگیا پانی

بہتر زمزم حوض کوثر تھیں پانی حضرتؐ والا
ڈیڑھ ہزار مرید تمامی وچہ حدیث حوالا!
ہیوں وضو کرن تمامی اُٹھاں سب پلاون
نور نظارے عجب فوہارے مکن وچہ نہ آون
نہاون دھوون نال خوشی دی رحمت وافر ہوئی
پورا ذکر سناون کارن کسنوں طاقت ہوئی

قولہ تعالیٰ وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰہِ فَاِنَّہَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ ط (سپارہ ۲۲ ۔ سورہ ۔ فاطر) ترجمہ جو شعائر اللہ مساجد ۔ کعبہ ۔ قرآن ۔ نماز ۔ انبیاءؑ وغیرہ کی تعظیم کرے گا ۔ وہی دلکا پرہیزگار ہے ۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ محدث دہلوی اپنی کتاب حجۃ البالغہ جلد اول صـ۵۵ میں فرماتے ہیں ۔ کہ تمام شریعتوں کی بنیاد شعائر اللہ کی تعظیم کرکے اللہ کا قرب حاصل کرنے پر ہے ۔ اور شعائر اللہ بہت ہیں مگر مشہور مندرجہ بالا ہی ہیں ۔ یعنی ادب رسولؐ ۔ ادب اہلبیت ۔ ادب کعبہ ۔ ادب نماز وغیرہ ادب رسولؐ

کیلئے بھی رسالہ خطبہ ماہ ربیع الاوّل اور ادب اہلبیت کیلئے رسالہ ماہ محرم اور ادب کعبہ کیلئے رسالہ ماہ ذوالحجہ اور ادب روزہ کیلئے رسالہ ماہ رمضان اور ادب نماز کیلئے رسالہ ماہ شعبان ہماری تصنیف دیکھو بخاری شریف میں ہے

حدیث در نظم پنجابی

عروہ رضی اللہ عنہ آکھے مکے والیو سنو عزیز بھراؤ
قیصر کسریٰ پاس گیا میں شاہ نجاشی نالے
ادب اصحاب رضی اللہ عنہم محمد جیہا ہور نہ کردا کوئی
جے تھک کھنگار زمیں پر سٹن خاص حبیب پیارے
دانگوں عطر گلاب ہوواں تے ملدے شوق پیار دل
آپ نبی دے وضو والا بچیا لین اصحابی رضی اللہ عنہم
لین تبرک کارن تے کجھ ملدے تن بدن پر
تیز نگاہ دے نال نہ ویکھن طرف رسول الٰہی
جدوں حضور سخن فرماون سارے چپ کر جاون
آپس اندر بکدو جے سنگ الفت بہت کماون
منوں سچ رسول ربانان ادب کنوں جھک جائو
بیشک ادب نبی دا کیتا یاراں دلوں بجانوں
سب اصحاباں رضی اللہ عنہم ظاہر باطن کیتا ادب رسولی

میں مجلس بادشاہاں دی کیتی ایگاں ولتے لائو
پر مجلس پاک نبی دی اندر ویکھے بھیت نرالے
بادشاہاں دی وانگ نبی دی کردے نہ عزت ہوئی
ہتھاں اُتے لین اصحابی شوقوں ہوئے دیوانے
فوراً عمل کرن جے کوئی حکم ہلے سرکاردں
زمیں اوپر نہ ڈگن دیندے ایسی کرن شتابی
پاس نبی دے شاواں رہندی بلبل جیوں چمن پیا
ایسا ادب نہ ویکھیا ہرگز جو کسے بادشاہی
اُچی ساہ نہ لیندا کوئی ادب کنوں شرماون
جیوں اک مائی بابل جائے نظر برابر آون
پھیر نہ ویلا ہتھیں آوے رد رد کے پچھتاؤ
تاہیں درجے ملے اُنہانوں بیحد حق سجانوں
مرن سعادت افضل جانن کرن نہ حکم عدولی

چنانچہ بخاری شریف میں مروی ہے کہ ایکدفعہ طائف کے رہنے والے دو آدمی مسجد نبوی میں باآواز بلند باتیں کر رہے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمکو معلوم نہیں کہ رسول کریم کے پاس آواز بلند کرنی منع ہے۔ خدا کی قسم اگر تم مدینہ کے رہنے والے ہوتے تو تمکو درّے لگاتا۔ ایسا ہی مواہب اللدنیہ میں ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جعفر منصور عباسی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ امیر المومنین تجھے کیا ہوا ہے اس مسجد نبوی میں باتیں بلند آواز سے مت کرو کیونکہ اس مسجد کا ادب حضور کی وفات کے بعد بھی ویسا ہی ہے کیونکہ حضور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حیات النبی ہیں اسی واسطے اکثر علمائے کرام نے فرمایا ہے کہ یا محمد کی بجائے یارسول اللہ پکارنا چاہیئے کہ

ع حتیٰ کہ حضور نے دوران خطبہ میں فرمایا اجلسو یعنی بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ گیا مگر ایک شخص جس کا ایک قدم مسجد کے اندر اور دوسرا باہر تھا وہ بھی وہیں بیٹھ گیا اور تیسرے شخص نے مسجد سے باہر ہی سنا وہاں ہی بیٹھ گیا۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ حضور نے فرمایا تھا بیٹھ جا۔ اس واسطے ہم جہاں تھے وہاں ہی

نام لینا بھی بے ادبی ہے۔ **مسئلہ** ابن جوزیؒ نے اپنی کتاب صلوٰۃ الاحزان میں ذکر کیا ہے جب اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور حضرت حوّا سے نکاح کرنا چاہا تو فرمایا کہ اے ابو البشر حوّا کا حق مہر ادا کرو۔ آدم علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ تو پاک ہے میں حق مہر میں کیا چیز دوں۔ ارشاد ہوا ہمارے حبیبؐ حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم پر بیس دفعہ درود شریف پڑھ دو۔ حق مہر ادا ہو جائیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ **مسئلہ** حضرت صدیقؓ اکبر نے حضورؐ کے منبر شریف پر کھڑے ہو کر کبھی وعظ نہیں فرمایا تھا۔ اور نہ ہی کسی دوسرے صحابیؓ نے ایسا کیا ہے اور حضرت امام جعفر صادقؒ نے کبھی بے وضو حدیث نبویؐ نہیں پڑھی۔ اور حضرت امام مالکؒ جب حضورؐ کا اسم گرامی سنتے تو ادب سے جھک جاتے۔ دیکھنے والے متعجب ہو کر پوچھتے تو آپؒ فرماتے لَوْ رَأَيْتُمْ مَا رَأَيْتُ لَمَا أَنْكَرْتُمْ عَلَىَّ مَا تَرَوْنَ ط ترجمہ یعنی میں جو کچھ دیکھتا ہوں اگر تم دیکھتے تو اپنے دیکھے ہوئے پر ہرگز انکار نہ کرتے۔ امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کا یہ دستور تھا کہ جب حدیث شریف پڑھاتے تو اوّل وضو اور غسل اور کپڑوں کو معطر کرکے زیب تن فرمالیتے بعد میں اپنے شاگردوں کو درس حدیث دیتے۔ یہ ہے ادب رسولؐ۔

نظم پنجابی

امام بخاری ادب نبیؐ دا اتنا کرن پیارے — اِک اِک لکھن حدیث تے پہلے دو دو نفل گذارے
یعنی پہلوں غسل وضو کر کردی ادا دوگانہ — تاں اک لکھن حدیث نبیؐ دی سنتوں یار یگانہ
ہور لکھن تاں تازہ وضو غسل دوگانہ کردے — کرگئے عمل محبت سیتی تابعدار امر دے
تاں اُسدی تصنیف پیاری شان زیادہ پاوے — ایویں ادب نبیؐ سرور دا ہر چیزاں وچہ آوے
جسم رسولاں علیہم تائیں دھرتی ادبوں گل نہ کھاندی — وچہ مشکوٰۃ عمرؓ دے بیٹے ایہ حدیث لیاندی

عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

ترجمہ عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول کریمؐ نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے بدن کو حرام کیا ہے کہ نیست و نابود نہ کرے۔ اس کو زیادہ دیکھنا ہو تو خطبات ماہ شعبان میں دیکھو اور سیرۃ النعمان میں ہے کہ ایکدن کسی نے حضرت امام ابو حنیفہؒ کی دعوت پکائی اور جب آپ کھانے کو گئے۔ تو انہوں نے مچھلی پکی ہوئی آگے رکھی آپؒ نے فرمایا کہ مچھلی کہاں سے آئی ہے انہوں نے کہا دریائے فرات (دجلہ) سے تو آپ اُٹھ بیٹھے اور کھانا نہ کھایا اور فرمایا کہ کوفہ والوں نے نواسۂ رسول حضرت امام حسینؑ کو دھوکا دیکر شہید کیا تھا اب وہی لوگ اس دریا میں نہاتے ہیں ہم اُس دریا کی مچھلی نہیں کھا سکتے

حالانکہ آپ بھی کوفہ ہی کے رہنے والے تھے۔ مگر جب سے اُس واقعہ کی خبر سُنی اور معلوم ہوا تو کوفہ چھوڑ کر بغداد شریف لیگئے تھے۔ الغرض کہ لاکھوں ہزاروں واقعات ادب رسولؐ کے مشہور ہیں مگر گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے تحریر نہیں کرتے دعا ہے اللہ کریم ہمیں بھی ادب کرنیکا شرف عنایت فرماوے۔

این دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

فصل دوم حضورؐ نام مبارک کا سُن کر تعظیم کرنیکا دین و دنیا میں فائدہ اور چومنے کا بیان

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ۔ ترجمہ اے مسلمانوں بیشک ہم نے بھیجا رسول کریمؐ کو تمپر گواہی دینے والا اور اعمال نیک کے عوض جنت کی بشارت سنانے والا اور بداعمال کے بدلے دوزخ سے ڈرانیوالا۔ تاکہ اُسکے طفیل تم اللہ پر ایمان لاؤ۔ اور اللہ پر ایمان لانے کے بعد تمپر فرض ہے۔ کہ ایسے محسن رسولؐ کی پورے دل سے مدد کرو اور پوری پوری تعظیم و تکریم کرو۔ کیونکہ میرے پیارے حبیبؐ کی محبت و فرمانبرداری حقیقت میں میری ہی تعظیم و فرمانبرداری ہے۔ لہذا ضروری ہے۔ کہ ؎

نظم فارسی ترجمہ اُردو

مزن بے رضاء محمدؐ نفس	راہ رستگاری ہمیں است بس
بناں رضاء محمدؐ سر ور ساہ نہ جائز لیناں	بس ہے ایہو راہ نیکا ندامن اساڈا کہناں
محمدؐ عربی کا بروئے ہر دو سراست	کسے کہ خاک درش نیست خاک بر سراو
دو جگ دا سردار محمدؐ سبھنوں آکھ سناؤ	جو نہیں خاک نبیؐ دی در دا خاک اوہدی سر پاؤ
تابعدار نبیؐ دے اُتے رحمت خالق باری	نکلے جو دربار نبیؐ تھیں اُسنوں ملے خواری
جو اس دربار وں گیا سارا یا دوزخ دیوچ پیاں	جو اس درباری آیاں وسندیاں جنت اندر گیاں
عیب کسے نہ بھولے مولا دفتر بدیاں بھریا	جنہاں نام نبیؐ دا سُنکر سر چشماں پر دھریا
حلیہ ابونعیم دے اندر اک روایت آئی	وہب بن منبہؒ کرے روایت سنتوں میرے بھائی
اسرائیلیاں اندر سی اک ظالم مرد شکاری	دو سو سالاں عمراں اُسنے بدیاں وچہ گذاری
دینا دیوچہ سب قسماں دی بدی نہ چھوڑی کائی	دو سو سالاں پچھوں اُسنوں موت اچانک آئی
اس کارن جو دنیا تے اُس نیک نہ عمل کمایا	گندی نالی دیوچہ اُسنوں لوکاں پکڑ دگایا

فوراً حضرت موسیٰ کارن وحی جنابوں آیا ۔ جلدی غسل کفن کرا اُسدا رب سچے فرمایا
اسرائیلیاں ساریاں کارن جلدی حکم سناؤ ۔ سارے پڑھو جنازہ اُسدا جیکر بخشش چاہو
جو کوئی پڑھے جنازہ اسدا بخشش رحمت پاوے ۔ سُنکر حکم ربانا موسیٰ سب نوں پاس بلاوے
نالی وچوں کڈھ کر اُسنوں عزت نال نہوایا ۔ کفن پہنایا خوشبو بھریا رادی ذکر لیایا
شوقوں سارے پڑھن جنازہ جیونکر حکم ربانا ۔ جسنوں نالی وچ سُٹیا سن توں یار سجاناں
بعد جنازہ ربدے اگے موسیٰ عرض گذاری ۔ یارب دو سو سال گذارے اسنے وچہ بدکاری
کہڑا عمل پیارا اسدا وچہ سرکارے بھانا ۔ جسدے پاروں اس پہ ہویا اتنا فضل ربانا
حکم دتا پھر رب تبارک حضرت موسیٰ تائیں ۔ وچہ توراتے نام محمدؐ ڈٹھا ایس جدائیں
نال تعظیم سروت شوقوں چمیا اسم گرامی ۔ اک نیکی یقیں کل برائی ہوگئی دور تمامی
واہ سبحان اللہ کیا سوہنا اسم کرامت بھریا ۔ سڑیا خشک باغیچہ جسنے پلوچہ کیتا ہریا
اسماعیلا نام نبیؐ دی آس اسانوں ہوئی ۔ فضل کرے رب اُسدے بدلے ہور نہ چاڑ کوئی

برادرانِ اسلام اگلی امتوں کے شقی گنہگار حضورؐ کے اسم گرامی کے چومنے سے بخشش پا گئے ہیں۔ اگر ہم لوگ جو اُمت محمدیہ ہونے کے مدعی ہیں حضورؐ کا اسم گرامی سُنکر یا دیکھکر تعظیم کیلئے بوسہ دینگے یعنی چوم لینگے تو رحمت الٰہی کس طرح نہ پاوینگے جو لوگ خود حضور کا نام لیکر یا سُنکر بوسہ نہیں دیتے بلکہ بوجہ حسد بوسہ دینے والوں کو بھی بُرا جانتے ہیں۔ وہ ضرور حشر کے دن پچھتائینگے۔ تقبیل ابہامین۔ (یعنی انگوٹھے چومنے) مضمرات میں لکھا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کرنیکی کوشش کی۔ تو اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ الرسول اللہ کے نور کو حضرت آدم علیہ السلام کے انگوٹھوں کے ناخنوں پر ظاہر فرمایا۔ تو حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے انگوٹھوں پر نور کو بوسہ دیکر آنکھوں پر مل لیا۔ اُسوقت سے یہ سُنت حضرت آدم کی اولاد میں جاری ہوگئی۔ جیساکہ توراۃ شریف کے حوالہ بالا سے معلوم ہوا۔ اور اس واقعہ کو جبریل امین نے نبیؐ کریم کی خدمت میں ذکر کیا۔ تو حضورؐ نے فرمایا۔ مَنْ سَمِعَ اِسْمِیْ فِی الْاَذَانِ فَقَبَّلَ ظُفْرَیْ اِبْهَامَیْهِ وَمَسَحَ عَلٰی عَیْنَیْهِ الخ یعنی فرمایا نبیؐ کریم نے جو کوئی میرا نام مبارک سُنے آذان میں با دیسے اور اپنے انگوٹھوں کے ناخنوں کو چوم کر آنکھوں پر ملے تو وہ اندھا نہیں ہوگا۔ اور مُسند فردوسی سے دیلمی میں روایت ہے۔ کہ جب موذن اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط کہتا ہے تو حضرت ابابکر صدیقؓ فرماتے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا ط یعنی میں شہادت دیتا

ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے پیارے بندے اور رسول ہیں اور میں راضی ہوں اس بات پر کہ اللہ میرا رب ہے، اور اسلام میرا دین ہے اور محمد مصطفیٰ میرے نبیؐ اور رسولؐ ہیں۔ اور قرآن پاک میرا امام ہے اور اپنے انگوٹھوں پر بوسہ دیکر آنکھوں پر ملتے۔ وہ کہتے قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ جب نبیؐ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابابکر صدیقؓ سے سنا تو فرمایا۔ مَنْ فَعَلَ خَلِیْلِیْ فَقَدْ وَجَبَتْ عَلَیْہِ شَفَاعَتِیْ یعنی جس نے صدیق اکبرؓ جیسا فعل کیا اُس پر میری شفاعت واجب ہو گئی۔ **فائدہ جلیلہ** مولوی احمد علی صاحب لاہوری نے بھی اپنی کتاب رسالہ اوراد النّبوۃ میں صا۔ پر اس وظیفہ متبرکہ کی بڑی فضیلت لکھی ہے۔ اور احمدؒ و ترمذی میں بھی ہے کہ جو شخص صبح شام نماز کے بعد تین تین مرتبہ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا پڑھیگا۔ اللہ تعالےٰ پر اُس کا حق ہوگا۔ کہ اُسے قیامت کے دن خوش کرے اور سوالات قبر کیوقت جواب اس وظیفہ کی برکت سے پورا دیگا۔

نظم پنجابی

پہلی جلد فتاوٰی شامی ذکر مصنف لیا یا — کنز العباد دی اندر جیونکر باب اذانوں پایا
اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ سُنے جے بندہ کائی — صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ کہے زبانوں بھائی
پھر دوجی وار شہادت سنکر ایہہ کجھ آکھ سناوے — قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ولد المطلب پیارے
ٹھنڈیاں ہو ون اکھیں میریاں برکت احمدؐ پیارول — میریاں چشماں دی ٹھنڈ احمدؐ اکھے شوق پیار ول
انگوٹھیاں دی نونہہ چم کے دونویں پھر اکھیاں تے لاوے — اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ کرکے عرض سناوے
یا اللہ توں بخشیں مینوں اکھیں کن نورانی — کم دیون ایہہ دونویں مینوں فضل کرو ارزانی
جو کوئی ایسے وظیفے تائیں نال محبت پڑھسی — روز قیامت نبی محمدؐ اُسدیاں باہیں پھڑسی
بوسہ دینا نام نبیؐ پر بہت مبارک جانی — جیونکر ادب نبیؐ دا کیتا اک عاشق نصرانی
وچہ انجیل مبارک ویکھیا جدم اسمؐ پیارا — نام نبیؐ پر بوسہ دیکر شوق کیتا آشکارا
نام نبیؐ دے پاروں قائم انگریزاں دی شاہی — توں بھی سنکر بکڑ ہدایت پڑھنے والیا بھائی
جویں مولانا رومیؒ صاحب نال پیار بنایا — تویں برابر دساں تینوں میں نہیں دلوں بنایا

حکائیت

بود در انجیل نام مصطفےٰ — آں سرِ پیغمبراں بحرِ صفا

وچ انجیل مبارک آیا نام نبی دا بھائی　　اوہ سردار تمام رسولاں رحمت فضل الٰہی
جو جو خوبیاں اونہاں اندر جد احد رب پایاں　　اوہ سبھے کئی ہور زیادہ پاک نبی وچ آیاں
بود او ذکر و حلیہ ہائے شکل او　　بود ذکر عز و صوم و اکل او
حلیہ شکل نبی دی ساری وچ انجیل پیاری　　عزت منصب ذکر روزیاں اکل کیتا رب باری
کھاون پیون بولن چلن کل اوصاف پیارے　　لکھے وچ انجیل مبارک پاک نبی دی سارے
طائفے نصرانیاں بہر ثواب　　رسید ندے بداں نام و خطاب
اک جماعت عیسایاں وچوں نیک نصیباں والی　　واقف ہو کر تاریخ پچھاتا ذات مبارک عالی
ایہو افسر کل خلائق ربدا خاص پیارا　　جس دی کاران رب تبارک کیتا کل پسارا
چمیاں نام نبی سرور دا اونہاں نال پیاراں　　کرن تعظیماں صدقے جاون پایاں رحمت باراں
نسل اوشاں نیز ہم بسیار شد　　نام احمد ناصر آمد یار شد
تاہیں ہو گئی دنیا اُتے وافر نسل اونہاں دی　　نام محمد احمد کیتی واہ امداد تنہاں دی
ایہ جو دنیا اُتے پایاں اونہاں عیش بہاراں　　ادب نبی دی پاروں ساریاں حاصل کل گلزاراں
نام احمد چوں چنیں یاری کند　　تا کہ نورش چوں مددگاری کند
نام محمد نال عیسایاں پوری کیتی یاری　　نور محمد سرور کیتی مدد اونہاں دی بھاری
جویں عیسایاں منصب پایا نام محمد پاروں　　اے مومن کر ادب نبی دا شان ملے سرکاروں
نام احمد چوں حصاری شد حصین　　تا چہ باشد ذات آں روح الامین
حاصل گلدا نام نبی دا ادب کریں دلدارا　　اسدے پاروں تینوں ملسی دلدا مطلب سارا
ادب کریں تاں اگلیاں وانگوں برکت رحمت پاویں　　نہ کریں تاں وانگ ابلیسے دوزخ لکایا جاویں

مسئلہ تمام قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے دیگر انبیاء علیہم السلام کو نام لیکر پکارا ہے یا موسیٰ یا ہارون یا آدم یا نوح یا عیسیٰ وغیرہ مگر حضور نبی کریم کو نام لیکر نہیں پکارا بلکہ آپکے اوصاف مبارکہ کو مخاطب کرکے بڑے ادب سے یاد فرمایا ہے مثلاً یا ایہا النبی۔ یا ایہا الرسول۔ یا سین یا ایہا المزمل۔ علیٰ ہذالقیاس تفسیر درمنثور میں لکھا ہے کہ آپکو یا محمد۔ یا ابوالقاسم۔ یا ابن عبداللہ کہہ کر پکارنا منع ہے۔ واقعی انصاف بھی یہی چاہتا ہے کہ جب حضور کا صاحب یعنی حاکم آپکو نام لیکر نہیں پکارتا تو غلاموں کی کیا مجال ہے کہ نام لیکر پکاریں۔ بلکہ تمام صحابہ رض آپکو اسطرح بلاتے کہ ہمارے ماں باپ آپ پر نثار ہوں یا رسول اللہ۔ بخاری شریف میں ایسی ہزاروں مثالیں موجود ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رض

حضور کے بیٹھنے کی جگہ پر ہاتھ رکھکر منہ پر مل لیتے تھے۔ یہ تھا حضورؐ کا ادب اور تبرک شواہد النبوۃ میں ہے کہ ایک اصحابیؓ کا نوجوان لڑکا فوت ہوگیا تھا اور حضورؐ کے اسم مبارک پڑھنے سے زندہ ہوگیا غرضیکہ حضورؐ کے ادب میں ہی سعادتمندی ہے بیت فارسی

گر مردم از ادب بے ادب بیست او مرد نیست
فرق در جنس بنی آدمؑ وحیوان الیست

آدم زاد جے ادب کرے تاں اُسنوں لشر پچھانی
نہیں تاں ہے اوہ ڈنگر اُسنوں بند میول نہ جانی

بلکہ ہے بے ادب حیوانوں ابتر یار سوالی
اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ آکھد تا رب عالی

تابعدار مودب نبیاںؑ جنت باراں پاسن
بے ادباندی ہون مُنہ کالے دوزخ اندر جاسن

کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ با ادب با نصیب ؎ بے ادب بے نصیب۔ الغرض اسلام وایمان کا سارا دار ومدار ہی ادب رسولؐ مقبول پر ہے پارہ ۹ سورہ توبہ ۳/۸ قرآن پاک میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ جب تک اپنے جان ومال اہل وعیال محلات وغیرہ سب چیزوں سے زیادہ محبت اللہ اور رسولؐ کے ساتھ نہ کروگے مومن نہیں بن سکتے۔ اور ایک حدیث ترمذی ابوداؤد شریف میں مروی ہے۔ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ **ترجمہ** فرمایا نبیؐ کریم نے کہ تم ہرگز مومن نہیں ہوسکتے جب تک مجھکو اپنے ماں باپ اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ پیارا نہ سمجھو۔ مصنف ابن شیبہؓ نے جابرؓ سے روایت کی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کعبے کو بتوں سے صاف کیا تو تمام بت اور تصاویر کو تیر دل سے توڑ دیا مگر اُن میں جو انبیاء علیہم السلام کی تصویریں تھیں۔ (مثلاً حضرت ابراہیمؑ حضرت اسماعیلؑ حضرت موسیٰ وغیرہ کی) اُنکو نہیں توڑا تھا بلکہ ادب کے ساتھ زعفران لگا کر معدوم کردیا۔ **مسئلہ** اسماء انبیاء و اسماء اللہ تعالیٰ کا بڑا ادب کرنا چاہیئے۔ اور ضروری ہے کہ جس کاغذ پر اسماء اللہ یا اسمائے پیغمبران ہو اُس کاغذ کو ادب سے رکھنا چاہیئے۔ اگر سارے کاغذ کی حفاظت نہ کرسکیں تو ضروری اسماء گرامی کو کاغذ سے کاٹ کر علیحدہ کرکے ادب کے ساتھ محفوظ رکھ لینا چاہیئے۔ اور دیگر ادب اسماء الٰہیہ کا اس طرح کرنا چاہیئے۔ کہ جس وقت خدا کا نام لے تو اللہ جل شانہٗ۔ اللہ تعالیٰ اللہ کریم۔ خدا پاک۔ رب العزت وغیرہ کہہ کر پکارے اور جس وقت نبیؐ کریم کا نام لے تو کہے سرکار دوعالمؐ۔ سرور کائنات۔ رحمتہ اللعلمین صلی اللہ علیہ والہ وسلم وغیرہ اور کتاب اللہ کا اسم مبارک لیتے وقت کہے۔ قرآن مجید۔ فرقان حمید۔ قرآن کریم۔ کلام پاک وغیرہ اور مقام متبرکہ کو کہے۔ مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ۔ بیت المقدس۔ بغداد شریف۔ کربلا معلیٰ وغیرہ اور اصحابہؓ کا نام لیتے وقت

رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بیبیوں کے نام پر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہے۔ اگر تابعین و اولیاء اللہ کا نام ہو تو رحمۃ اللہ علیہ کہہ کر نام لینا چاہیئے۔ بلکہ کسی سے اِن تمام تر بزرگ اسماء سے کوئی اسماء سُنے تو بھی اپنی زبان سے مؤدبانہ خطاب کہنا چاہیئے۔ مثلاً اللہ کا نام سُنے تو کہے جل شانہٗ۔ رسول پاک کا نام سُنکر درود پڑھے صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے اور دیگر انبیاء کے نام پر علیہ السلام اور صحابہ کے نام پر رضی اللہ عنہ اور اولیا کے نام پر رحمۃ اللہ علیہ کہے **فائدہ** صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف (صلعم) اور رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی علامت (رض) اور علیہ السلام کی علامت (ع) اور تعالیٰ کی علامت (تعم) ہے رحمۃ اللہ علیہ کی علامت (رح) ہے مگر یہ علامتیں خاصکر اللہ تعالیٰ۔ یا نبی کریم۔ یا اصحابہ کرام۔ یا اولیا کرام ہی کے نام سے مختص ہیں۔ اگر ہم لوگ اپنا نام اُن کے نام پر رکھیں تو اپنا نام لکھ کر اور علامت لکھنی ناجائز ہے۔ مثلاً محمد دین۔ غلام علی۔ غلام جیلانی۔ احمد شاہ وغیرہ پر علامت کی کوئی ضرورت نہیں۔ فقط نام ہی لکھے۔ (ازالہ غلط فہمی) بعض لوگ نام لکھ کر عفی عنہ لکھتے ہیں۔ یہ غلط ہے بلکہ عفا اللہ عنہ لکھنا چاہیئے۔

فصل سوم۔ یارسول اللہ کہنے کا بیان اور اُس کا مدلل ثبوت

برادران اسلام سب سے پہلا ثبوت یارسول اللہ کہنے کا نماز ہی سے ملتا ہے بلکہ ہمارا تو یہ دعوائی ہے کہ جبتک یارسول اللہ نہ کہا جائے نماز ہی نہیں ہوتی۔ السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ترجمہ یارسول اللہ آپ پر سلام ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت و برکتیں ہوں۔ مقام غور ہے کہ جو ہمارے بھائی یارسول اللہ کہنے کو شرک جانتے ہیں۔ وہ خود پانچوقتہ نماز میں یارسول اللہ کہکر شرک سے کیسے بچ سکتے ہیں۔ مولوی روشن دین صاحب نے اپنی کتاب تفسیر سورہ عمران میں لکھا ہے۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کہنے والے مشرک ہیں کیونکہ علیک صیغہ حاضر کا ہے اور حاضر سوائے رب العزت کے اور کوئی نہیں ہے۔ افسوس ہے کہ مولوی صاحب نے عقل سے کام نہیں لیا۔ صرف ضد سے لکھدیا ہے اگر علیک صیغہ حاضر کا ہے تو ایھا صیغہ حاضر نہیں ہے ؟ بریں عقل و دانش وبباید گریست۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب احیاء العلوم جلد چہارم مقام تشہد میں فرماتے ہیں۔ وَاحضر فی قلبک النبی صلی اللہ علیہ وسلم وشخصہ الکریم وقل سلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ ترجمہ اے مخاطب اپنے دل میں نبی کریم کو حاضر کر کے پڑھا کر کیونکہ حضورؐ بڑی زبردست ہستی کے مالک ہیں۔ اور نہایت بزرگ ہیں۔ لہذا کہا کر السلام علیک یارسول اللہ اور آپؐ پر اللہ تعالیٰ

کی رحمت و برکات ہوں۔ اور نہایت واضح الفاظ میں فرماتے ہیں۔ کہ تشہد بطور نقل نہ پڑھا کرو۔ بلکہ عین حضور دل سے جناب نبی کریم کو حاضر جانکر ادب سے پڑھا کرو۔ **فائدہ** بزرگان دین تو فرماتے ہیں کہ جب تک حضور دل سے جناب سرور کائنات کو اپنے دل میں حاضر کر کے نماز نہ پڑھو گے تو نقل سے زیادہ وقوت نہیں رکھتی۔ مگر افسوس کہ بعض ہمارے بھائی یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اگر نماز میں جناب نبی کریم کا خیال آجائے تو نماز ہی فاسد ہو جاتی ہے۔ اور کتے گدھے بیل وغیرہ کا خواہ کتنا ہی خیال آجاوے نماز نہیں فاسد ہوتی۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ واضح ہو کہ ایسا عقیدہ رکھنے والے ائمہ اربعہؒ کے بھی منکر ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ کریم ہم مسلمانوں کو ایسے عقائد باطلہ سے بچاوے۔ آمین

نظم پنجابی

بعضے[1] منکر تن اصحاباںؓ بعضے[2] چار اماماں
ادب نہ کرن کسے دا وانگوں اپنا بے لگاماں

منکر چار اماماں جانی اوٹھ جیوں بے مہاری
اے مومن توں اونہاں کولوں ہر دم رہیں کناری

مہار توڑا کر اوٹھ سریلا مشکل قابو آوے
کئی لوکاں نوں زخمی کر دا کئیاں مار گواوے

جویں منکر تن اصحاباںؓ پردہ آل رسول بنایا
دعوئی الفت اہلبیت کر لوکاں نوں بھرمایا

وچہ حقیقت وڈے دشمن اہل بیتؓ نبیؐ دے
اہویں منکر چار اماماں گندی تنہاں عقیدے

اہل حدیث دی آڑ بنا کر خلقت بہت پٹائی
کئی اہل قرآن سداون کئی بنن مرزائی

حاصل مطلب رب گوائے فرقے سب آوارہ
سنت اہل جماعت حنفی رکھ عقیدہ پیارا

اسماعیل فقیر نماناں منگے نت دعائیں
یارب وچہ عقیدے حنفی ثابت قدم لیجائیں

گھمن گھیر اندھیریاں وچوں کر کے فضل بچاویں
نویاں مذہباں ملعوناں دا نام نشان مٹاویں

ہے اک طعنہ حنفیاں اُتے بڑا زور آور بھائی
مبلغاں دین نبیؐ دیاں سندی کجھ نہ کردی یاری

باطل مذہب مبلغاں تائیں مدد کردے مالوں
اشاعت[3] کرن کتاباں سندی کانہہ ہر سر چالوں

سنت الجماعت بیچارے رکھن خبر نہ کائی
نویاں مذہباں ایسے کارن بہت ترقی پائی

وچہ تبلیغی جلسے خرچن قوت بدنی مالی
تاہیں کرن ترقی اکثر بعضے فرقے غالی

سنت اہل جماعت اندر ایہہ گھٹ عادت آئی
بخشش توفیق خدایا سانوں کریئے حق ادائی

ہوش کرو کجھ حنفی بھائیو غفلت خواب گواؤ
قلمی قولی فعلی بدنی مالی قوت لاؤ

اَڈ ملک سارے قوت دین نبیؐ تے لائیے
نویاں مذہباں دالا بوٹا مڈھوں پٹ وگائیے

[1] شیعہ۔ [2] وہابی۔ [3] شیعہ مرزائی اہلحدیث وغیرہ کی کتابیں ہزاروں شایع ہوتی ہیں اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جاتی

مسئلہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اسلام علیک ایھا النبی الخ کے بجائے السلام علی النبی پڑھنا چاہیئے کیونکہ اب حضورؐ کا وصال ہوچکا ہے۔ اور یہ خطاب حاضر کیلئے ہے اور حضورؐ پاک کو حاضر ناظر جاننا شرک ہے اور ایک حدیث بھی پیش کرتے ہیں کہ ایک صحابیؓ نے السلام علی النبیؐ بعد وفات کے پڑھا ہے۔ مگر وہ حدیث بخاری شریف میں اس طرح ہے کہ عبد اللہ بن مسعودؓ کے دل میں خیال گذرا کہ اب رسول پاک وفات پاچکے ہیں۔ لہٰذا اب علیک کے بدلے علی النبی پڑھنا چاہیئے مگر یہ اُسکے ذاتی الفاظ ہیں جن کے ساتھ کسی صحابیؓ نے اتفاق نہیں کیا۔ اسواسطے یہ حدیث حجت نہیں ہوسکتی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر اُن کے خیال میں حضورؐ حاضر ناظر نہیں ہیں۔ فقط جہاں ہیں وہاں ہی حاضر ہیں۔ تو حضورؐ کے زمانے مبارک میں بہت دور دور تک اسلام پھیل چکا تھا۔ اور تمام لوگوں کو یہی تعلیم تھی۔ کہ السلام علیک ایھا النبیؐ الخ پڑھا کریں۔ اور ایسا ہی ہر جگہ حضورؐ پر بصیغہ حاضر ہی پڑھا جاتا تھا اگر معاذ اللہ شرک ہوتا تو حضورؐ نبی کریمؐ بتاکید فرما دیتے کہ اے لوگو! جو میرے پیچھے نماز پڑھیں وہ علیک الخ پڑھیں اور جو دور ہوں وہ علی النبیؐ الخ پڑھا کریں۔ کیونکہ میں ہر جگہ حاضر نہیں ہوتا اور ایسا اعتقاد رکھنا شرک ہے۔ مگر کسی حدیث کی کتاب میں ایسا لکھا ہوا ہرگز ہرگز نہیں پایا۔ تو پھر جو کام زمانہ نبویؐ میں شرک نہ ہو۔ اب کیسے ہوسکتا ہے۔ لہٰذا اب جو یا رسول اللہؐ کہنے والے کو مشرک کہتا ہے۔ وہ خود مشرک ہے۔ کیونکہ وہ خود پانچ وقتہ نمازوں میں یا رسول اللہ کہتا ہے۔ اور بعض بیوقوف کہتے ہیں کہ نماز میں یا رسول اللہ کہنا جائز ہے۔ لیکن نماز کے علاوہ کہنا جائز نہیں۔ بڑی حیرانگی کی بات ہے کہ جب نماز جیسی کمال یکسوئی والی جگہ حضورؐ کو یا رسول اللہ کہنا اور حاضر جاننا جائز ہے اور نماز کے بعد کس طرح ناجائز ہوسکتا ہے۔ فاعتبروا یا اولی الابصار کتب علم ادب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل عرب میں حرف ندا کئی طرح پر استعمال ہوتا تھا۔ ندائے عاشقانہ یعنی تفجع ندائے دعائیہ وغیرہ۔ ندائے عاشقانہ میں فکر و غم کے وقت غائب کو حاضر کرکے خطاب کیا جاتا جیسا کہ ایک شعر حضورؐ کی پھوپھی صاحبہ صفیہؓ کا ہدیہ ذیل ہے۔

الا یا رسول اللہ رجائنا ۔۔۔ وکنت برا ولم تک جافیا

بعد وفات نبیؐ دی پھوپھی کر کے عرض سناوے ۔۔۔ جدا نام صفیہؓ بی بی وچہ حدیثاں آوے

حال سناواں تیرے اگے یا رسولؐ الٰہی ۔۔۔ توں بھلیایاں کرنیوالا جسدی حد نہ کائی

احسان کریں نت ساڈے اُتے کدی نہ رنج پہنچاویں

یا رسولؐ اللہ توں سانوں ہُن بھی بھل نہ جاویں

حضرت عمر فاروق رضؓ کا حضورؐ کی وفات کے بعد حضورؐ کو حاضر خطاب سے پکارنا

بِاَبِیْ اَنْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لَقَدْ کَانَ جِذْعٌ یَخْطُبُ النَّاسَ عَلَیْہِ اِلخ۔

ترجمہ در نظم پنجابی

بعد وفات نبیؐ دی آکھیا حضرت عمرؓ پیارے ۔ یا حضرتؐ میں تیرے اُتوں ماں پیو دونوں وارے
تیری وچھ جدائی رووی مڈھ کھجور حنانہ ۔ یا حضرتؐ پھر کیوں نہ ہووی خادم عمرؓ دیوانہ
اے غافل جے یا نبیؐ اللہ کہنا جائز نہ آیا ۔ یا رسولؐ اللہ کیوں حضرت عمرؓ دلی فرمایا
کفر شرک دیاں بوٹیاں جسنے مڈھوں پٹ وگایاں ۔ ویکھ رسولؐ اللہ دی اگے کیکر دے دوہایاں
وچہ عقیدی تیری اوہ بھی شرکوں بچیا ناہیں ۔ ٹھہر بے ادبا ہور سناواں حالا تیری تائیں
فَاِنْ کُنْتَ عَنِّیْ فِی التُّرَابِ مُغَیَّبًا ۔ وَ ذِکْرُکَ السَّانِیْ لِجَمِیْعِ الْمَصَائِبِ (حضرت فاطمہؓ کی طرف سے)
اے بابل توں مینتھوں مٹی اندر مُکھ چھپایا ۔ ہر مشکل وچہ ورد زباں پر تیرا ذکر بنایا
ویکھ سیاں اوہ سارے حبؐ حاضر کرن پکاراں ۔ توں کیوں اسنوں شرک بناویں جہیڑے کم ابراراں
ایہو جیہے پاک لوکاں نوں کیوں الزام لگاویں ۔ بچ جا نار جہنم کولوں جے توبہ ول آ دیں
کر توبہ ایس عقیدی کولوں بنیں مقلد بھائی ۔ ہے تقلید امام ضروری ہور ساری گمراہی
جتنے لوگ بزرگ امام حدیثاں والے ۔ سب مقلد جو ہاں اماماںؒ چھڈ پیٹھے چالے
توں کیوں رستہ چھڈ ابراراں پھڑیا راہ شیطانی ۔ چشتی قادری نقشبندی سہروردی سبھ حقانی

امام رازیؒ کے نزدیک بھی ندا غائب کو حاضر پکارنا جائز ہے۔ وَالْمَقْصُوْدُ اَنَّ ذَالِکَ وَقْتُ الْحَسْرَۃِ فَاِنَّ النِّدَآءَ مَجَازٌ وَ الْمُرَادُ اَخْبَارٌ ط ترجمہ یعنی اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ حسرت کا وقت۔ نا کہ حسرت کو پکارنے والا بلکہ اس مقام پر ندا مجازاً جس کا مطلب خبر دینا ہوتا ہے۔ جیسے ہے

مدینے میں مجھکو بُلا یا محمدؐ ۔ مجھے اپنا کوچہ دکھا یا محمدؐ
ذرا رُخ سے پردہ اُٹھا یا محمدؐ ۔ مجھے نوری چہرہ دکھا یا محمدؐ

یہ سب ندائیں حسرت کی ہیں اور ندائے دعائیہ یہ ہے جس میں غائب کو حاضر کا خطاب دیا جاتا ہے جیسا کہ حضرت علیؓ شیر خدا رضی اللہ عنہ نے مسجدوں کی رونق ماہ رمضان شریف میں دیکھ کر حضرت عمرؓ کے حق میں فرمایا تھا نَوَّرْتَ مَسَاجِدَنَا نَوَّرَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا ابْنَ الْخَطَّابِ ط ترجمہ اے عمر فاروقؓ جس طرح

عــ۱ اگر تفصیل دیکھنی ہو تو انوار آفتاب صداقت ... [illegible]

آپنے ہماری مسجدوں کو نورانی کیا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ آپکی قبر نورانی کرے ۔ برادران اسلام حضرت علی رضہ کرم اللہ وجہ بعد وفات حضرت عمر فاروق رضہ کو مخاطب کر کے بُلا رہے ہیں ۔ اور کس پیار سے بُلا رہے ہیں ۔ مذہب باطلہ کو ہوش کرنی چاہیئے ۔ اب اس ثبوت کے باوجود بھی بعض لوگ نہ مانیں اور روسیاہی کریں ۔ تو اللہ انکو ہدایت بخشے آمین ۔ اور یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یارسول اللہ کہنا زمانہ نبوی ؐ سے چلا آتا ہے اور جاری رہیگا اس کی ممانعت نہ قرآن پاک میں آئی ہے نہ حدیث شریف میں اور نہ اقوال بزرگان دین میں ہے ۔ بلکہ قرآن پاک اور حدیث پاک اور اقوال سے یارسول اللہ کہنا ثابت ہوتا ہے ۔ مگر بعض لوگ یا رسول اللہ کہنے کی مخالفت کرتے ہیں ۔ دراصل وہ لوگ حضور ؐ کی عظمت و بزرگی کے منکر ہیں ۔ خواہ وہ کچھ بھی کریں انکو طوعاً و کرہاً یارسول اللہ کہنا ہی پڑتا ہے ۔ کیونکہ ہر روز قرآن پاک میں یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ ۔ یٰاَیُّھَا الرَّسُوْلُ ۔ یٰسٓ پڑھتے ہیں اور یا رحیم ۔ یا رؤف ۔ یا کریم تو ضرور پڑھنا ہی پڑے گا ۔ کیونکہ یہ اسمائے پاک اللہ کے نام بھی اور رسول ؐ کے نام بھی ہیں ۔

حاضر و ناظر کے اقسام

ندائے یارسول اللہ میں تین طرح کا احتمال (یعنی خیال) پیدا ہو سکتا ہے ۔ [۱] یا تو سرکار دو عالم ؐ کے دربار اقدس میں ملائکہ کے ذریعہ سے پہنچایا جاتا ہے ۔ [۲] یا خود حضور ؐ روضہ مبارک میں قدرت تصرف سے دیکھ سُن لیتے ہیں ۔ یا حضور ؐ ہر جگہ ہر کسی کے پکارنے پر موجود ہوتے ہیں ۔ خواہ روحانی یا جسمانی حالت میں جیسا کہ بعض حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور ؐ ہر ایک مومن کی فوتیدگی پر قبر میں بروقت سوال منکر نکیر حاضر ہوتے ہیں ۔ اس حدیث کے راوی براء ؓ بن عازب ؓ ہیں (درلمعات مشکوٰۃ شریف) اور یہ بات قرین قیاس ہے ۔ کیونکہ تمام مسلمانوں کا اسبات پر اتفاق ہے کہ "بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر" یعنی خدا کے سوا آپ سے افضل کوئی چیز نہیں بلکہ سب خادم ہیں ۔ تو آپ کے خادموں میں سے چاند و سورج ہر جگہ حاضر ہیں ۔ عزرائیل علیہ السلام تمام چیزوں کی روح قبض کرتا ہے اور عرش سے تحت الثریٰ تک ایک منٹ میں ہزاروں جاندار چیزیں مرتی ہیں اور مختلف مقام اور مختلف جہت میں مگر وہ ہر جگہ حاضر ہو جاتا ہے ۔ حضور ؐ چونکہ صاحب و مالک ہیں اسواسطے وہ اولیٰ درجہ ہر جگہ پہنچ سکتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے حضور ؐ کو حاضر و ناظر ہر جگہ ہونیکی قوت بخشی ہے ۔ شاہ عبدالحق صاحب دہلوی اور حافظ محمد لکھوی نے بھی ایسا ہی مانا ہے جس سے کسی کو انکار کی گنجائش ہی نہیں ۔

نظم پنجابی

حضرت آدمؑ آکھیا امت میری دے سب عمل پچھانی
میری پیش گذاری جاون نیکی بدی تمامی

صبح تے شام اعمال اونہاندے حاضر ملک لیاون
چھوٹے موٹے عمل تمامی مینوں آن وکھاون

ایسے کارن شاہد ہاں میں امت اُپر آیا
ہر ہر حال اونہاندا مینوں رب سچے جتلایا

شرح بخاری عینی اندر حضرت سعدؓ بنایا
رجلد ناتویں دے اندر لکھیا میں نہیں ولوں بنایا

بھی جا ویکھیں ترمذی اندر ابوہریرہ یوں آیا
جس راتیں رب میرے تائیں خاص معراج کرایا

جاں میں عرش معلی پہنچا پیش خداوند سائیں
کل چیزاں دکھلایاں اُسدن خالق میرے تائیں

چوداں طبقاں اندر جو کجھ رب قدیر بنایا
رات معراج خداوند عالم مینوں کل وکھایا

ٹھیک پھیر ہتھ پے کیف خدا نے موڈھے میرے دھریا
جس نال ٹھروں بدن تمامی میرا لذت بھریا

مشرق مغرب پورب پچھم ہو گئے روشن سارے
حال تمام دکھائے مینوں خالق پیر جنہارے

کہا عیسیٰؑ تھیں نشان اوہ جیہڑا رب نے بخشیا مینوں
کل خزانے غیبی بخشے حال سناواں تینوں

کجھ کجھ علم خصوصی رب نے دتی ہور رسولاںؑ
مینوں سبھ کجھ بخشش خدا نے شان ذرا مقبولاں

اے منکر کر ہوش ٹکانے چھڈ دے ضد شیطانی
حاضر پاک نبیؐ دا ہونا برحق سچ پچھانی

غیب رسولؐ اللہ دے کولوں کیوں ہوویں انکاری
غیب رسول اللہ نوں فضلوں بخشیا رب غفاری

وچہ مختاری وانگ ابلیسے توں عداوت چائی
کر توبہ اس کفر عقیدیوں بن جا سنی بھائی

ہن میں تینوں لکھ دکھاواں خبر حبیب ربا نے
جیونکر آکھیا پاک نبیؐ نوں اکبر رب توانے

اے دوست اساں تیری خاطر سب سنسار بنایا
ظاہر باطن کر دو نظارہ حکم خدا فرمایا

ایہ غیبی معجزہ پاک نبیؐ نوں رب بخشش فرمایا
توں کیوں نال نبیؐ فرزندی ویر عداوت چایا

اسیں کہیئے رب پاک نبیؐ نوں غیب عنایت کیتا
توں ہو منکر نعمت رب تھیں کفر پیالہ پیتا

ایہہ فضل خدا دا مولی جس پر کرم کماوے
با ہجہ شیطاناں کرم خدا تھیں کوئی انکار لیاوے

ہور حدیث بخاری اندر ابن عمرؓ تھیں آئی
مجلس وچہ اصحاباںؓ اک دن خبر رسول سنائی

کل خلقت دا شاہد مینوں رب کریم بنایا
حوض کوثر تے وعدہ پورا ہووے گا فرمایا

ہن میں ویکھاں حوض کوثر نوں تک نہ اسے جائی
زمین خزانے سارے مینوں بخشے ذات الٰہی

اس غیبی معجزے پاک نبیؐ تھیں کیوں ہوویں انکاری
دیکھ صحیح حدیث نبی دی کیوں تیری مت ماری

اَنَا عَلَیْکُمْ شَہِیْدٌ وَاِنَّ مَوْعِدَکُمُ الْحَوْضُ اِنِّیْ لَاَنْظُرُ اِلَیْہِ وَاَنَا فِیْ مَقَامِیْ ھٰذَا وَاِنِّیْ قَدْ اُعْطِیْتُ خَزَائِنَ الْاَرْضِ ط ترجمہ فرمایا رسول اکرم نے کہ تم پر گواہ ہوں اور مقام وعدہ حوض کوثر ہے اور بیشک میں یہاں کھڑا ہوا اُسے دیکھ رہا ہوں اور یہ تمام زمین کے خزانوں کی کنجیاں مجھے دی گئی ہیں۔

نظم پنجابی

ہور حدیث نبیؐ سرور دی وچہ طبرانی لیایا | اوہ بھی لکھ وکھائیے تینوں کیوں شک دلوچہ پایا
کنجیاں کنز زمیندیاں ربنی میرے ہتھ پھڑایاں | اے منکر معجزے پاک نبیؐ دی توں کیوں اڑیاں لایاں
اینہاں اڑیاں نفیں ہتھ کڑیاں روز قیامت بھائی | شان نبیؐ دی اندر غافل ہول نہ کریں کوتاہی

تفسیر سورۃ علق مصنفہ مولوی احمد علی لاہوری دروازہ شیرانوالہ قَالَ اُوْتِیْتُ مَفَاتِیْحَ کُلِّ شَیْءٍ ط وَاَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰہُ یُعْطِیْ ترجمہ تمام چیزوں کی کنجیاں مجھے دی گئی ہیں۔ اور میں تقسیم کرنیوالا ہوں اور خدا مجھے عطا کرتا ہے اور جو فرشتہ سرکار دوعالم کے روضہ منورہ پر مقرر ہے وہ بھی غیب جانتا ہے حدیث از طبرانی عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی مَلَکًا اَعْطَاہُ اَسْمَاءَ الْخَلَائِقِ کُلِّہَا قَائِمٌ عَلٰی قَبْرِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فَمَا اَحَدٌ یُّصَلِّیْ صَلٰوۃً اِلَّا بَلَّغَنِیْہَا ط ترجمہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو فرشتہ میری قبر پر قیامت تک کھڑا رہیگا۔ اُسکو تمام لوگوں کے نام اللہ کریم نے جتلا دیئے ہیں جو کوئی میری اُمت سے مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے وہ فرشتہ اس شخص کا نام بمعہ ولدیت میرے پیش کردیا کریگا۔ یعنی اس فرشتہ کو اللہ تعالیٰ نے اسقدر قوت سماعت عطا فرمائی ہے کہ خواہ کوئی زمین کے کسی گوشے میں درود شریف پڑھے وہ سنکر پیش کردیتا ہے۔ مسئلہ ملک الموت بھی غیب جانتا ہے جیسا کہ مشکوٰۃ المصابیح میں عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجِیْءُ مَلَکُ الْمَوْتِ حَتّٰی یَجْلِسَ عِنْدَ رَاْسِہٖ ط ترجمہ فرمایا نبی کریمؐ نے کہ ملک الموت ہر ایک مومن وکافر کے سر پر پہنچتا ہے بوقت جان کنی کے اگرچہ وہ کہیں کا رہنے والا ہو وے۔ اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمتہ اللہ علیہ نے تذکرۃ الموت والقبور میں طبرانی کی روایت نقل کی ہے کہ فرمایا رسول کریمؐ نے کہ عزرائیل نے کہا کہ دنیا میں کوئی ایسا گھر نہیں جس پر میری ہر وقت نظر نہ رہتی ہو۔ اور میں ہر ایک ذی روح چیز کو ایسا ہی پہچانتا ہوں جیسا اپنے آپکو پہچانتا ہوں۔ اب جائے غور ہے۔ کہ خادم روضہ اقدس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی حالات غیب جان سکتا ہو اور عزرائیل علیہ السلام بھی ہر وقت ہر ایک ذی روح چیز کو دیکھتا ہو کہ اس کی بقایا عمر کتنی ہے۔ اور وقت مقررہ

سے ایک منٹ بھی آگے پیچھے نہ ہونے دیتا ہو۔ چنانچہ کسقدر افسوس کی بات ہے کہ ملائکہ کی قوت سمع اور بصر کے معتقد کو تو مومن مخلص کہا جائے مگر رسول کریم کے متعلق اگر کوئی یہ اعتقاد رکھے کہ آنحضرت کو بھی اللہ نے یہ طاقت بخشی ہے اور حضور بھی اللہ کے بتلانے سے اُمت کے حال سے واقف ہیں تو نعوذ باللہ من ذالک اُسکو کافر و مشرک کہا جائے۔ کسقدر ظلم اور ناانصافی ہے۔ یوں تو کہتے ہیں کہ تمام نُوری ناری اور خاکی حضور رحمۃ اللعالمین کے خادم ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ خادم غیب جانے تو خبر مگر ہادی کے متعلق ایسا خیال کیا جائے تو شرک۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ العَلِیِّ العَظِیْم۔

نظم پنجابی

آپ کر انصاف کھولے منکر شان رسولی
اوہ سبھ انسان حیواناں جانن ہر ہر نام اونہاندے
ایہ اعتقاد تاں رکھن والا مومن مخلص تھیوے
جو کوئی اُسنوں مشرک آکھے خود مشرک ہو جاوے
جیویں فرشتیاں تائیں رب نے طاقت بصر عطائی
اے ظالم توں پاک نبی توں بہتر ملکاں جانے
جسدی خاطر کل پسارہ رب قدیر بنایا
خبر دتی رب پاک نبی نوں چوداں طبقاں والی
اسماعیلا دڈی نعمت ہتھ اونہاندی آئی
شان نبی دے اندر جیہڑے بولن لفظ اواہری
رب معبود محمد عابد اسوچہ شک نہ آیا
مشرک آکھن اُسنوں جو رب نال شریک بناوے
سُنّیاں نوں جو کافر آکھے اوہ خود کافر آیا
کافر اوہ جو نال اماماں ضد انکار لیاوے
جیویں مولانا رومی صاحب کر تفریق سناندا
کافراں را دیدہ بینا نہ بود
چشم کفاراں اندر ہرگز مول نہیں روشنائی

دوروں نیڑیوں سُنن ہمیشہ خادم نبی مقبولی
جس جس جاگھ دیوچہ رہندے تے جو کسب کماندے
جو شان نبی دا ایویں جانے مشرک کیویں گیسوے
خادم ملکاں نالوں جو کوئی شان جیہے گھٹاوے
استھیں ودھ کے پاک نبی پر کیتا فضل الٰہی
جو اونہاں غیب نے پاک نبی نوں دتا نہیں خدا نے
غیب خزانہ دے ملکاں نوں اُستھیں کیوں چھپایا
نوری ناری خاکی ناں وں ملیا رتبہ عالی
جنہاں شان نبی دے اندر کیتی نہیں کوتاہی
روز قیامت آکھے ہوسن خالق دے دربارے
پھیر کویں اوہ مشرک ہووی جس خالق رب بنایا
رب نوں واحد جانن والا مشرک کہیا نہ جاوے
کافر اوہ جس نبیاں ولیاں حسدوں شان گھٹایا
کافر اوہ جو نبیاں ولیاں اپنی مثل بناوے
حال کفاراں ساڈے کارن واضح کر سمجھاندا
نیک و بد در دیدہ یکساں نہ بود
نیک بداں نوں یکساں جانن احمق لوگ سودائی

ہمسری با انبیاء برداشتند	اولیاء را ہمچو خود پنداشتند
ولیاں اتے سولاں تائیں اپنی وانگ پچھانن	عقل کفاراں اُپر پردہ فرق نہ ہرگز جانن

نوٹ۔ مفصل شرح اگلی ہیں دیکھو۔ ندائے یارسول اللہ کے جواز میں چند بزرگان دین کے فتوے شاہ ولی اللہ رح۔ شیخ عبدالحق رح محدث دہلوی۔ محمد اسحاق رح۔ شیخ سعدی رح شیرازی۔ مولانا جامی رح۔ علامہ نظامی گنجوی۔ مولوی محمد قاسم رح بانی مدرسہ دیوبند۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی۔ وغیرہم ایسے ایسے قصیدے لکھتے ہیں ؎

قصیدہ

اگر جواب دیا بیکسوں کو تونے بھی	تو کوئی اتنا نہیں جو کرے استغفار
کروڑوں جرم کئے آگے یہ نام کا اسلام	کریگا یا نبی اللہ کیا یہ میری پکار
بہت دنوں سے تمنا ہی کیجیے عرض	اگر ہوا ہو پنا تیرے در تک بار
مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا	نہیں ہے قاسم رح بیکس کا کوئی حامی کار

حضرت شیخ شہاب الدین رح سہروردی حضرت شیخ سعدی رح کے استاد اپنی کتاب عوارف المعارف میں اور مولوی رشید احمد رح صاحب گنگوہی امداد السلوک میں بھی ایسا ہی فرماتے ہیں۔ الغرض اتنے ہی حوالے ثبوت سند کیلئے کافی ہیں۔ ورنہ تمام بزرگان دین نے ندائے یارسول اللہ پر جو کچھ لکھا ہے اگر جمع کیا جاوے تو دفتر عظیم بن جائے۔ جسکو بخوف طوالت نظر انداز کیا جاتا ہے ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود	گرچہ از حلقوم عبداللہ بود
جو کجھ کہن خدا دے بندے رب دا آکھیا جانو	نکلے بھاویں حلق انساناں ہرگز شک نہ آنو

اور قرآن مجید میں ایسی مثالیں موجود ہیں جیسا کہ جنگ بدر اور بیعت الرضوان کا واقعہ ہے اور سیرۃ نبویہ میں ابوسعید سے روایت ہے کہ ایک رات سخت اندھیری تھی اور بارش بھی ہو رہی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوقتادہ کو ایک کھجور کی چھڑی پکڑ فرمایا کہ گھر جاؤ اور جب گھر جاؤ گے تو یہ خود بخود روشن ہو جائیگی اور اُسکی روشنی دس دس ہاتھ چاروں طرف ہو جائیگی۔ اور تمکو اپنے گھر کے اندر ایک سیاہ رنگ چیز نظر آئیگی اُسکو چھڑی مار کر گھر سے نکال دینا جب حضرت ابوقتادہ اپنے گھر گیا تو ویسا ہی پایا۔ اور حضور کے حکم کی تعمیل کی اسطرح ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں ابن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ اُم الفضل رض نے کہا کہ ایکدفعہ میں رسول خدا کے ہمراہ جا رہی تھی کہ آپ نے فرمایا کہ اے اُم الفضل تیرے پیٹ میں لڑکا ہے۔ جب پیدا ہو میرے پاس لے آنا۔ فلما ولدتہ

اَتَیۃُ فَاَذَّنَ فِیْ اُذُنَیْنِ ط ترجمہ پس جب لڑکا پیدا ہوا تو میں نے بارگاہ رسالتؐ میں پیش کیا تو حضورؐ نے اُسکے کانوں میں اذان اور اقامت کہی۔ الحدیث رواہ مسلم و بخاری عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ اِنَّ رَجُلًا کَانَ یَکْتُبُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَارْتَدَّ عَنِ الْاسلامِ الخ ترجمہ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ تحقیق ایک آدمی رسولؐ اکرم کی وحی لکھا کرتا تھا اور وہ مرتد ہوگیا تو حضورؐ نے فرمایا کہ جب یہ مریگا تو اسکو قبر قبول نہ کرے گی چنانچہ جب وہ مرا تو اسکو بارہ دفعہ دفن کیا گیا مگر ہر وقت قبر اسکو باہر پھینک دیتی تھی۔ اسی قسم کے ہزاروں واقعات ہیں مگر عاقل کو اشارہ کافی ہے زبدۃ الاسلام اور بہجتہ الابرار میں لکھا ہے کہ شاہ عبدالحقؒ درجیلانی قدس سرّہٗ فرماتے ہیں۔ عَیْنِیْ فِیْ لَوْحِ الْمَحْفُوظِ یعنی میری نظر لوح محفوظ پر پڑتی ہے اور میں اُسکو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ اور شاہ عبدالعزیزؒ دہلوی فرماتے ہیں کہ امت محمدی میں دو شخص بڑے بزرگ اور بلند مرتبہ گذرے ہیں۔ ایک شاہ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ دوسرے خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ اور یہ بھی فرمایا کہ جو لوگ اپنے زمانہ کے اولیا کے منکر ہیں۔ اُن کی مثال ایسی ہے۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے اور محمدؐ الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لائے۔ اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ولی سب طرح کے ہوتے ہیں۔ نابالغ۔ اور بالغ۔ آزاد اور غلام۔ مرد و زن مجنون و عاقل وغیرہم ہر ایک قسم کا آدمی ولی ہو سکتا ہے۔

نظم پنجابی

جنت جان ارادہ رکھو جیکر مسلمانوں	پٹہ غلامی گل حضرت دا ہر دم فخر پچھانوں
جو دل پاک نبیؐ دی الفت کولوں ہون خالی	روز قیامت باہجہ ایمانوں دوزخ جاون غالی
جنہاں دلاں وچہ پاک نبیؐ دی حب بالکل ہوئی	تہاں جہولاں حشر دیہاڑی کتے نہ ملسی ڈھوئی
یا مولی توں فضلوں ساڈوں کریں غلام محمدؐ دی	روز قیامت ربسی ساتھے رحمت ٹھاٹھ کرمدی
سنے مصنف بخشیں پڑھنے سُننے لکھنے والے	مومن مرد نساء رب پاون شوقوں قرب نوالے

حاجت دین دُنی دی ساڈی پوری کریں تمامی
بیدیناں نوں بخش ہدایت صدقہ نبیؐ گرامی

فصل چہارم دربیان وہ آیات بینات جو مخالفین کی طرف سے نفی از علم غیب پیش کی جاتی ہیں انکا جواب باصواب مستند و محققین مفسرین کی تفاسیر سے انشاء اللہ دیا جائیگا

آیت نمبر (۱) وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْءُ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ط پارہ ۹۔ سورہ اعراف مکی ۲۳ ع ترجمہ اگر میں غیب دان ہوتا تو بہت سی بھلائی جمع کرلیتا اور مجھکو برائی نہ لگتی۔ میں تو ایک برائی سے ڈرانے والا اور نیکی کی بشارت دینے والا ہوں اُس قوم کو جو مان لینے والی ہے۔ آیت نمبر (۲) وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ط پارہ ۷۔ سورہ انعام مکی ۶ ع ترجمہ اور اللہ کے پاس ہی غیب کی کنجیاں ہیں جسکو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا

نظم پنجابی

وچہ تفسیر کبیر دی حضرت رازیؒ آکھ سنایا ۔ انہاں آیتاں وقت نہ شاند غیب نبیؐ نوں آیا
اس تحقیق بعد نبیؐ سرور نوں غیب ربّا سایئں ۔ اوہ کلام بھی سانجھ کفاراں دیون جواب ایسں
یا اظہار عبودیت کارن نفس کسر فرمایا ۔ تو اضح بہت پسند حضرت نوں وچہ حدیثاں آیا
خازن روح البیان عزیزی دیکھ جلالین بھائی ۔ سب مفسر ایویں آکھن شک نہ اس وچہ کائی
بھی پھر غیب دیاں دو قسماں کر تفصیل سناواں ۔ ذاتی وہبی وچہ تفسیراں لکھیا جیوں علماواں
ہیں ذاتی غیب خداوند تائیں مول شریک نہ کوئی ۔ وہبی غیب رسولاںؑ ولیاںؒ ربدی بخشش ہوئی
وحی ذریعے تے الہامی علم ملے انساناں ۔ نبیؐ تے غیر نبیؐ ۔ ہور ملکاں سنتوں مسلماناں
مریمؑ تے برخیہ آصف حضرت عمرؓ پیارا ۔ وچہ قرآن حدیث تنہاندا ذکر مفصل سارا
انہاں ولیاں والے تینوں ہور مقام سناواں ۔ خاصہ غیب خدا دا مطلق دسیا کھول بھراواں
سلف صالحین سبھاندا ایہو عقیدہ آیا ۔ نیشاپوری تے شرح خفاجی ایہو ذکر لیایا

آیت نمبر (۳) قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اِلَّا اللّٰهُ ط پارہ ۲۰۔ سورہ نمل ۵ ع ۲۷ ترجمہ یا رسول اللہ آپ ان کفار کو فرما دیں کہ زمین و آسمان کے غیب کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور ایسا ہی حدیث پاک میں ہے لَا يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ اِلَّا اللّٰهُ ط ترجمہ خداوند کے سوا کوئی کل کی خبر نہیں جانتا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ گو یہ واقعی مان لیا جائے تو اُن آیات سے کہ جن میں

عنایت علم غیب کا ثبوت ہے تطبیق محال ہے۔ اور یہ بھی محال ہے کہ کلام الٰہی میں اختلاف ہو کیونکہ جھوٹے کے کلام میں ہوتا ہے۔ خدا کے کلام میں بہر حال تطبیق ضروری ہے اور وہ فقط اسی صورت میں ہے کہ مطلق غیب ذاتی تو خدا تعالیٰ کا ہی حق ہے اور عطائی انبیاءؑ اولیاءؒ کا حق ہے ورنہ بصورت دیگر اُن آیات کا انکار لازم آئیگا جو کفر ہے جن میں اللہ تعالیٰ نے عنایت علم غیب کا ذکر فرمایا ہے اور یہی طریق امام نوویؒ نے کتاب منشورات میں فرمایا ہے۔ کہ انبیاءؑ اور اولیاءؒ سے بالذات بلا استقلال علم غیب کی نفی ہے کہ جملہ علم الٰہی کا اُن کو علم نہیں ہے۔ ہاں بالواسطہ علم غیب جو تعلیم الٰہی سے ہے۔ وہی اُن کے لئے ثابت ہے اسی پر خفاجی۔ نیشاپوری۔ زرقانی و شرح مواہب وغیرہم کا اتفاق ہے۔ اور تفسیر خازن و روح البیان میں ہے۔ کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ تُکَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِھِمْ یعنی یا رسول اللہ لوگوں سے اُن کی سمجھ کے مطابق بات چیت کیا کرو۔ کہ مجھے خود بخود علم غیب نہیں میں تو اللہ کے حکم سے سب کچھ بتاتا ہوں۔ جیسا کہ حدیث معراج میں ہے کہ لَیْلَۃَ الْمِعْرَاجِ قَطَرَتْ فِیْ حَلْقِیْ قَطْرَۃٌ کہ میرے حلق میں معراج والی رات کو ایک ایسا قطرہ نورانی ڈالا گیا جسکی برکت سے میں نے سب کچھ معلوم کر لیا۔ جو ہوا اور جو ہونیوالا تھا۔ اور ایسا ہی قرآن پاک میں ہے جو کہ مذکورہ بالا ہے

تعریف علم غیب

حضرت امام فخر الدین رازیؒ اپنی کتاب تفسیر کبیر جلد اوّل یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ کے تحت میں فرماتے ہیں کہ اِنَّ الْغَیْبَ ھُوَ الَّذِیْ یَکُوْنُ غَائِبًا عَنِ الْحَاسَۃِ یعنی علم غیب وہ ہے جو حواس خمسہ (یعنی سننے دیکھنے۔ سونگھنے۔ چھونے۔ چکھنے) سے باہر ہو۔ منتخب اللغات و تفسیر عزیزی میں بھی یہی تعریف لکھی ہے۔ پس جو غیب بلا دلیل ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے اور جو دلیل و واسطہ سے ہے وہ انبیاءؑ و اولیاءؒ کا ہے۔ مخالفوں کی ایک یہ بھی دلیل ہے کہ بخاری شریف میں باب اعلان النکاح میں ربیعؓ سے روایت ہے کہ میری شادی پر لڑکیاں دف بجا کر گا رہی تھیں کہ رسولؐ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف لائے۔ تو لڑکیوں نے کہا کہ ہمارے اندر ایک ایسا نبیؐ ہے۔ جو آئندہ کے حالات بھی جانتا ہے۔ تو حضورؐ نے منع فرمایا۔ اور کہا کہ جو پہلے کہتی تھیں پھر کہو۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ اگر یہ جائز ہوتا تو حضورؐ منع کیوں کرتے۔ اب جو ایسا اعتقاد رکھے وہ مشرک ہے۔ جواب یہ ہے کہ ان نافہموں کو معلوم نہیں کہ حضورؐ رحمت اللعالمین نے دیگر حدیثوں میں کس وضاحت سے فرمایا ہے۔ کہ مجھے سب کچھ جتلا یا گیا ہے اور آپ نے قیامت ہونیوالا

کچھ بتا دیا۔ تو اس حدیث سے کسطرح شرک ثابت ہوا۔ اگر معاذ اللہ شرک ہی ہوتا۔ تو حضور نے اُن (ن)
مشرکہ لڑکیوں کو تجدید ایمان کیوں نہیں کرائی۔ مگر یہی کہا کہ جو پہلے کہتی تھیں وہی کہو۔ پس معلوم ہوا
کہ منع کرنا حضور کا کسر نفسی کیوجہ سے تھا۔ کہ آپؐ لوگوں سے اپنی تعریف سننا زیادہ پسند نہ فرماتے تھے
یا اور کوئی حکمت ہوگی۔ **مسئلہ** بعض بیوقوف یہ بھی کہتے ہیں کہ آپکو اپنا خاتمہ کا بھی پتہ نہ تھا
اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ بخاری شریف میں ہے۔ وَاللّٰہِ لَا اَدْرِیْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ مَا یُفْعَلُ
بِیْ وَمَا بِکُمْ۔ اور آیت شریف مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِکُمْ (سپارہ ۲۶۔ سورہ احقاف) مطلب دونوں کا ایک ہی ہے کہ
فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا برتاؤ ہوگا۔ اور تمہارے ساتھ
کیسا ہوگا۔ **فائدہ** معالم التنزیل میں ہے کہ جب یہ آیت کفار نے سنی تو بڑے خوش ہوئے۔ کہ
جیسے ہم اپنے انجام سے ناواقف ہیں۔ ویسے ہی مسلمانوں کا ہادیؐ برحق بھی ناواقف ہے تو فوراً جبرئیل
علیہ السلام سورۃ لیکر نازل ہوئے۔ اور مولانا عبدالرحمان دمشقی اپنے رسالہ ناسخ منسوخ میں فرماتے
ہیں۔ کہ وہ آیت و حدیث منسوخ ہیں۔ اور اُن کی ناسخ سورہ فتح ہے (پارہ ۲۶۔ سورۃ فتح) اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا
لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ **ترجمہ** تحقیق ہم نے یارسول اللہ آپ کو
فتح ظاہر دی اور آپکی معاف کردیں خطائیں پہلی اور پچھلی۔ **مسئلہ** فقیہ ابواللیثؒ فرماتے ہیں کہ
حضورؐ کی پہلی لغزش سے مراد حضرت آدمؑ و حواؑ کی خطا ہے۔ اور پچھلی سے گناہِ اُمت مراد ہیں۔ تو یہاں
سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ کے ساتھ کیا سلوک کریگا۔ تو اصحابہ رضؓ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ
ہمارے لئے خوشخبری نہیں آئی۔ تو سرکار خداوندی سے حکم ہوا۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ط یعنی
عنقریب ہم آپکو یارسول اللہؐ اسقدر عطا فرمائینگے کہ آپؐ خوش ہوجاؤ گے۔ یہ پیغام حضورؐ نبی کریم نے
اصحابہ رضؓ کو سنا کر فرمایا۔ کہ مجھے قسم ہے سچے خدا کی کہ میں ہرگز نہ راضی ہوں گا۔ اُسوقت تک کہ میری
اُمت کا کوئی آدمی دوزخ میں نہ رہے گا۔ (قولِ سعدیؒ)

نماند بدوزخ کسے درگرد　　　　که دارد چنیں سیدؐ پیش رو

دوزخ دیوچہ بندہ مومن ہرگز رہے نہ کوئی　　　　سیدؐ عالم ہادیؐ جہاں دی بخشش ہوئی

عطائے شفاعت چنانش دہند　　　　کہ امت تمامی ز دوزخ رہند

بخشش شفاعت خداوند عالم حکم نبیؐ نوں دیسی　　　　دوزخ وچوں اُمت ساری کڈھ کے باہر کریسی

مسئلہ جو ملا علی قاریؒ اور شامیؒ نے انبیاءؑ و اولیاءؒ کی غیب کے علم سے نفی بیان کی ہے اور لکھا ہے
کہ ایسے عقیدے والا انسان مشرک ہے۔ اس کا یہی مطلب ہے کہ جو انبیاءؑ و اولیاءؒ کو ذاتی علم تصور

کرے ورنہ جو عطائی علم مراد لینے والے کو بھی مشرک کہے وُہ خود مشرک اور ضدی ہے ۔ اور بعض اوقات کوئی بات کسی خاص حکمت پر مبنی ہوتی ہے ۔ وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ لآیۃ یعنی اللہ تعالیٰ نے کوہ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پوچھا کہ تیرے ہاتھ میں کیا ہے ۔ اور ایسا ہی بخاری شریف میں ہے يَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ مَا يَقُولُ عِبَادِي الحدیث ۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں سے پوچھتا ہے کہ میرے بندے کیا کرتے تھے ۔ اس سے معلوم ہُوا کہ اُن کج فہموں کے نزدیک معاذ اللہ خدا بھی غیب نہیں جانتا ۔ اور ایسی سینکڑوں احادیث ہیں (پارہ ۱۶ ۔ سورہ کہف میں ہے) اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ کہ میں تمہارے ہی جیسا انسان ہوں اور اس آیت کے مطابق رسول پاک کو اپنے جیسا انسان ہی جانتے ہیں ۔ مگر اُنکو يُوحَىٰ إِلَيَّ دِکھائی نہیں دیتا ۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ساتھ ہی خبر کر دی ہے کہ وُہ تمہاری طرح کہنے میں کچھ راز ہے بلکہ تمہارے اور نبیؐ کے درمیان بڑا فرق ہے کہ اُن کو وحی بھیجی جاتی ہے ۔ مگر اُن عقل کے اندھے لوگوں نے تمام بنی آدم کو برابر ہی کر دیا ۔ اور حضورؐ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بھی بھلا دیا اَيُّكُمْ مِثْلِي إِنِّي لَسْتُ مِثْلَكُمْ ترجمہ تم میں سے میری مثل کوئی نہیں اور برابر مندّ ہی کرتے گئے اور کہتے رہے کہ حضورؐ بھی ہماری طرح انسان تھے ۔ جو جو اعتراض کفار قدیم نے کئے تھے وہی مسلمانی کا دعویٰ کرکے پیش کرتے اور نامہ اعمال سیاہ کر رہے ہیں ۔ آہ مولانا رومؒ نے کیا خوب فرمایا ۔

گفتہ اینک ما بشر ایشاں بشر　ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور

آکھن نبیؐ ولی سُب بندے ساڈے ورگے بھائی　سوندے کھاندے ساڈے وانگوں فرق نہیں اک رائی

جملہ عالم زیں سبب گمراہ شُد　کم کسے زِ ابدال حق آگاہ شُد

ایسے طرح ہزاراں لوکاں راہ گمراہی پایا　نیک خدا دے بندیاں دا کجھ قدر قیاس نہ آیا

عاد ثمود جیہوں صالحؑ ہوُد نوں کہن کفار جراٸی　ساڈے وانگوں کھاوہ پیوہ چلوہ پھروہ نا می

تسیں بھی ساڈے ورگے بندے فرق نہ ہرگز کوئی　ایویں بن بن نبیؐ وکھاؤ عجب عدالت ہوئی

ایویں سارے نبیاںؑ تائیں کہیا کفار جھولاں　تہن بھی ایویں کہن نبیؐ نوں ٹولہ نامعقولاں

بدوا تاں نے نبیاںؑ تائیں اپنی مثل بنایا　اوہ بھی بشرا ساڈے ورگے ادب تمام گوایا

اے بیشرم خبیث شیطاناں شرم خدا تھیں کرتوں　ابوجہل داناں بن ساتھی قہر خدا تھیں ڈرتوں

نبیاںؑ ناں برابری تیندی کیہڑی گلوں ہوئی　تنہاں فرشتے کرن تعظیماں کدھر عقل گیوئی

ایں ندانستند ایشاں از عمی　ہست فرقی درمیاں بے انتہا

انّھے ہو کر نہیں پچھانن شان ادب نبیاں دا　اونہاں آتے اساڈے اندر فرق ہزار کوہاں دا

آ بھائی ہیں تیری تائیں کر تفصیل سناواں
بد بختا جویں نبیاں اندر فرق برابر آیا
صد ہزاراں اینچنیں اشباہ ہین
کئی ہزاراں ہور مثالاں ایسے طرح پیاری
پر ایہ فرق نکالن سوئی جنہاں فضل غفاری
انسان بلاشک ظاہر اندر ساڈے ورگے آہے
گرچہ صورت آدمی یکساں بدے
بیشک صورت سب انساناں ظاہر اکو آئی
ہر دو گو زنبور خوردند از یک محل
دونویں مکھیاں اکس مقاموں کھان خوراک پیاری
انہاں دوہاں مکھیاں نوں کوئی کدے برابر جانے
ہن جو نبیؐ تے عاماں اندر فرق قیاس لیاوی
ہر دو گو آہو گیاہ خوردند و آب
ہر دونویں اک جنگل وچوں کھاون گھاہ تے پانی
انہاں دوہاں ہرناں ہر گز شان اکو ہووے
ہر دو نے خوردند از یک آب خور
دو کانے وچ جنگل پیندے اکس زمین تے پانی
احمد و بوجہل در بتخانہ رفت
احمدؐ تے ابوجہل جے دونویں بتخانے وچ جاون
آں در آید سر نہند اورا بتاں
نبیؐ جائے تاں سب بتخانہ سجدے وچ ڈھہ دا
حضرت رومیؒ بہت مثالاں اسی طرح لیایا
بشریت عاماں تے نبیاں فرق ہزار کوہاں دا
لعل تے کچھ نوں عقلوں خالی جو کوئی اک بناوی

شائد ملے ہدایت تینوں ہین کہی عبرت پاواں
نبیاںؑ عاماں اندر اسقیں بیشک فرق سوایا
فرق ایشاں ہفتاد سالہ رہ ہین
فرق زیادہ ستر سالاں پینڈا کوئی گذارے
عقلوں انہاں سمجھ نہ آوے مت شیطاناں ماری
باطن فرق ہزار کوہاں دا مومن شک گوائے
احمدؐ و بوجہل نیز یکساں بدے
احمدؐ و بوجہل دے اندر فرق نہ دسی کائی
از یکے شد نیش وزاں دیگر عسل
اک تھیں شہد مصفا ملدا اک نیز اڈنگ ماری
باجھوں دلدیاں انھیاں دی سُن مومن نیک سیانے
اوہ بے پیرا دو نہہ مکھیاں دا اکو شان بناوی
از یکے سرگین شد وزاں مشک ناب
اک کستوری پیدا کردا دوجا گو بر جانی
ایویں فرق عاماں تے نبیاں مومن من کھلووے
از یکے خالی و دیگر پُر شکر
اک خالی تے دوجیوں شکر حاصل ہووے جانی
آں تُہی وایں پُر شد فوقیت رفت
فرق پچھانن عقلاں والے جدوں نظارے پاون
ایں در آید سر نہد چوں امتاں
ابوجہل سر نیواں کرکے ادب بتاں دا کردا
ترک طوطیوں اسماعیل نے اتنا ذکر سنایا
جیو نکر لعل تے کچھ دیتا ہیں کوئی نہ اک بناندا
مثال اونہاں دی رب تبارک وچہ قرآن بناوی

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا لَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا

وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ط اُولٰئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ط ترجمہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے تحقیق بہت سارے جن و انسانوں کو ہم جہنم میں بھیجینگے۔ کیونکہ اُن کے دل ہیں مگر سمجھتے نہیں۔ اور آنکھیں ہیں مگر دیکھتے نہیں۔ اور اُن کے کان ہیں مگر سُنتے نہیں۔ اُن کی مثال چارپایوں کی طرح ہے۔ بلکہ اُن سے بھی بدتر۔ اور ایسے ہی لوگ غافل ہوتے ہیں۔

نظم پنجابی

جیہڑے لوک رسولاں تائیں اپنی مثل بناون — دنیا توں بے ادبی پاروں باہجھ ایماناں جاون
پاک نبیؐ دیاں نیئے صورتاں پچھے ذکر سنایا — بوجہل دا ساتھی ہوسی جو انکار لیایا
وچہ تفسیر حسینی ایویں کہے مفسر حالا — سورۃ مریمؑ وچہ جیوں آکھے خالق پاک تعالیٰ
ایویں لکھ گئے حضرت سعدیؒ ہور کتاباں والے — بشر رسولؐ بے مثل پچھانوں دسا کھول حوالے
جو کوئی پاک نبیؐ سرور نوں بے مانند نہ جانے — دین اسلاموں خارج بیشک کافر ساڈے بھانے
اپنی مثل بناون والیا پاک نبیؐ سرور نوں — کرے توبہ ایس عقیدیوں بچسیں روز حشر نوں
نہیں تاں کوئی نہ حامی بھرسی وچہ مصیبت تیری — پھڑ لے دامن پاک نبیؐ دا من نصیحت میری
ہر ہر جوڑ جو پاک نبیؐ دا ہے بے مثل پیارا — سر توں لیکے پیراں تائیں حال سنائیے سارا
مڑھکا بول براز نبیؐ دا سب بیمثل پچھانی — ایہ سب پنجویں خطبے اندر دسی کھول کہانی
پچھے بھی کجھ ذکر سنایا پھر دو بار سناواں — شان حضور نبیؐ دی پاروں برکت رحمت پاواں
بیمثال سی ہتھ نبیؐ دا اسوچہ شک نہ کوئی — چن اسمانی نال اشارے ٹکڑے دو ہو یوئی
انگلیاں تھیں نہراں جاری وچہ حدیثاں آیا — اک پیالے تھیں لشکر نوں پانی رج پلایا
لکڑے تھیں تلواراں بنیاں ہتھ نبیؐ سرکاروں — ہور ہزاراں معجزے حضرت خبر جنہاں اخباروں
اوہ کیہڑا ہتھ وانگ نبیؐ دے دسو مینوں جانی — پا بیمثل نبیؐ نوں جانوں چھڈو ضد شیطانی
روشن چہرہ پاک نبیؐ دا چنوں دون سوایا — دند مبارک ودھ بجلی تھیں وچہ کتاباں آیا
چاروں طرفے نور محمدیؐ چمکے لاٹاں مارے — جو بیمثل نبیؐ نوں جانن رب گوائے سارے
اکھ حضور نبیؐ دی روشن تے بیمثل پچھانی — برابر اگے پچھے ویکھن پاک حبیب حقانی
ہن کیہڑی اکھ مثل نبیؐ دی ماضی استقبالا — ایہا جے آن دکھاؤ سانوں چھڈو کوڑ مثالاں
لب مبارک پاک نبیؐ دے بھی بیمثل پیارے — برکت جندی پاروں ہو دن مٹھے پانی کھارے

بال ایانے جی مُنہ لاون دودھ نہ حاجت کائی
زخم زہریلے نوراً بچدی وچہ حدیث گواہی

ایویں ہر اعضاء نبیؐ دا پاک مثال نظیروں
تاہیں بشر بمثل محمدؐ ثابت اس تقریروں

وچہ بول نبیؐ خوشبو زیادہ عطر گلابوں جانی
پراز نبیؐ دا غائب تھیندا دھرتی وچہ چھپانی

نہ سایہ نبیؐ زمین پر پوندا مکھی بدن نہ بہندی
گوبر لد حیوان نہ کردا کرن اسواری جیندی

مڑھکے دی خوشبو عطروں ودھکے دسا تیتائیں
جوں نہ پئی نبیؐ دی جتے ساری عمر کداہیں

اطہر جسم نبیؐ سروردا اُڈ چڑھیا آسمانی
سیر کیتا چوداں طبقاں دا اک شب اندر جانی

وچہ قرآن حدیثاں خبراں میں نہیں دلوں بنایا
بخاری مسلم ابن ماجہ نے کر تفصیل سنایا

اپنی مثل بناون والیا پاک نبیؐ نوں یارا
ایس عقیدے گندے کولوں بچ جا برخوردارا

سب لے ادب اکٹھے ہو کے پورا زور لگاؤ
اک بندہ ہم مثل نبیؐ دی سانوں کر دکھلاؤ

ہے امید جوابہ کم تہانوں ہرگز ہوسی ناہیں
چھڈ بد راہ بمثل پچھانوں سرور عالم تائیں

قدر پھلاں دا بُلبل جانے صاف دماغاں والی
قدر پھلاں دا گرجھ کی جانے مُردے کھاون والی

لعلاں قدر جواہری جانن لعلاں دی ونجاری
گدڑاں چارن والے گلگو جانن کویں وچارے

قدر نبیؐ دا مولا جانے یا کجھ قدر صحابہ نوں
جو بے ادب نبیؐ دی ہوون دیدی مار تہانوں

اسماعیلا چھوڑ حقیقت نہ کر طول طویلاں
بیشک اتنا کافی ہوسی دانشمند اصیلاں

نوٹ:۔ گو اس فصل میں مخالفین کے دلائل نفی علم غیب انبیاءؑ و اولیاءؒ کا پورا پورا جواب دیا گیا ہے مگر سب سے آخری اور اٹل جواب یہ ہے کہ وہ آیات مبارکہ جن میں لکھا ہے کہ غیب خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا تمام کی تمام مکہ شریف میں نازل ہوئیں۔ جبکہ مؤمنین کے دل بھی پورے طور پر مضبوط نہ ہوئے تھے۔ اور کفار کا بڑا زور تھا۔ اور ان آیات میں کفار کے جوابات ہیں ورنہ مؤمنین کے سمجھانے کی خاطر مکی آیات بھی (مثل سورۃ جن) علم غیب با انبیاءؑ نازل ہو چکی تھیں۔ اور یہ قاعدہ کی بات ہے کہ حکم ناسخ منسوخ کے بعد نازل ہوتا ہے لہٰذا علم غیب کے جواز میں آٹھ دس بلکہ زیادہ آیت مدنی نازل ہو چکی ہیں ممکن ہے کہ مدنی آیات سے مکی آیات منسوخ ہو گئی ہوں۔ بدیں صورت ہم تمام علم غیب با انبیاء کے منکروں کو دعویٰ سے کہتے ہیں کہ کوئی ایک آیت تو مدنی بھی دکھا دیں کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے کہا ہو کہ میں نے اپنے انبیاءؑ و اولیاءؒ کو علم غیب عطا نہیں کیا۔ والعلم عند اللہ۔

(اسماعیل فقیر عفا اللہ عنہ)

خطبہ پنجم ۔ جس میں تین فصلیں ہیں

یٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ط قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ط ترجمہ اے اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) آیا تمہارے پاس میرا محمدؐ رسول جو بیان کرتا ہے واسطے تمہارے جو پوشیدہ کرتے تھے تم ۔ اور تم سے بہت کچھ درگذر بھی کرتا ہے ۔ اور آیا تمہارے پاس نور یعنی محمدؐ مصطفٰے اور کتاب (یعنی قرآن شریف) بیان کرنے والی ہدایت کرتی ہے طرف اللہ کے جو کوئی تابعداری کرتا ہے رضامندی اُسکی سے راستہ سلامتی کا اور نکالتا ہے اُن کو اندھیرے سے طرف نور کے ساتھ حکم اللہ کے اور ہدایت کرتا ہے اُنکو طرف راستے سیدھے کے ۔

مزن بے رضائے محمدؐ نفس ۔ راہ رستگاری ہمیں است و بس
نہ مار دم سوائے رسول کریمؐ کے ۔ بس یہی راہ شفا ہے بہر مردا ثیم کے

فصل اوّل دربیان فضائل و وظائف ماہ ربیع الاولیٰ اور وجہ تسمیہ

ربیع الاولیٰ ۔ موسم بہار کو کہتے ہیں ۔ ابتداء زمانہ میں جب اللہ نے اس دُنیا کو آباد فرمایا تو کچھ دنوں کے بعد بارش ہوگئی ۔ اس لئے اس ماہ کا نام مبارک ربیع الاولیٰ ہوگیا ۔ **مسئلہ** ۔ اس ماہ مبارک کی تمام مہینوں پر اس لئے فضیلت ہے ۔ کہ اس میں تمام جہان کیلئے رحمت خدا کا سب سے بڑا انعام یعنی سرکار دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پیدا ہوئے ۔ اور اسی ماہ مبارک میں خدا تعالیٰ نے اپنا رب ہونا ظاہر فرمایا کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لولاک لما اظہرت ربوبیتہ یعنی فرمایا کہ رسول اللہ اگر آپکو پیدا نہ کرتا تو اپنی ربوبیت کو بھی ظاہر نہ کرتا ۔ لِھٰذَا الشَّھْرِ فِی الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ وَمَنْقَبَتُہٗ تَفُوْقُ عَلَی الشُّھُوْرِ رَبِیْعٌ فِیْ رَبِیْعٍ نُوْرٌ فَوْقَ نُوْرٍ فَوْقَ نُوْرٍ ط اسواسطے یہ مہینہ ربیع الاولیٰ اسلام میں بہت ہی بزرگ ہے کہ اس کے فضائل بہت ہی بلند ہیں تمام مہینوں پر ربیع بیچ ربیع کے ربیع ہے اور نور کے اوپر نور ہے ۔ **فائدہ فضائل و وظائف** ۔ اس ماہ کی پہلی تاریخ کو چار رکعت نماز نفل اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد سات سات مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھے تو اس کے نامۂ اعمال میں نو برس کی عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے اور اس کے تمام صغیرہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں ۔ (جواہر غیبی) (۲) اس ماہ کی بارہ تاریخ تک یٰسٓ شریف ۔ کلمہ طیبہ

اور درود شریف پڑھنا ثواب عظیم رکھتا ہے (کتب وظائف) (۳) اس ماہ کی بارہ تاریخ کو اگر کوئی بیس رکعت نفل اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف بارہ بارہ مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھکر ختم کرے۔ اور بعد سلام ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر ثواب حضورؐ پاک رحمۃ اللعالمین کو بخشے تو تمام نیکیوں سے بڑھ کر ثواب حاصل ہو گا۔

در نظم پنجابی

کرن روائت سی کوئی مومن ایہ وظیفہ پڑھدا
ہر ہر سالے پڑھے ہمیشہ قضا نہ ہرگز کردا

خواب اندر سردارؐ دو عالم اُسنوں نظری آیا
تاں محبت شفقت کر کے حضرت نے فرمایا

قسم خدادی تیری بابجوں جنت کدی نہ جاواں
جو توں پڑھکر بخشیا سانوں اجر ثواب دیواواں

جو مومن بھائی ہمت کرسن نال نصیب پیارے
مشکل کم دینی دنیاوی حل ہو جاون سارے

انیس الواعظین دے اندر حیدرؓ نے فرمایا
تنواری ایس مبارک جے کسے عمل بنایا

اُسدن خوف کروڑاں یار دن ماں نہ پت سمبھالے
پاون فیض شفاعت مومن عمل کماون والے

واہ سبحان اللہ کیا سانوں ملیا سوہنا ہادی
محشر دیدن اُمت تائیں دیوی کوثر شادی

بارہویں نوں کوئی روزہ رکھے جے مدرک آوے
ہزار روزہ یا اسنوں مولا اجر عطا فرماوے

دسواں اس تھیں ہور زیادہ مومن کی گل چاہوں
اسمعیلا نیک نصیباں والے عمل کماون

فصل دوم

حضور تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات شریف کا ذکر۔ پارہ ۶ سورہ مائدہ۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط ترجمہ یارسول اللہ آج کے ہم نے آپکے دین کو آپ کیلئے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمتیں بھی تمہارے اوپر پوری کر دیں۔ اور آپکے لئے اسلام کو دین بھی پسند کر لیا جو تمام دینوں سے بالا تر ہے۔ **فائدہ** یہ آئت مبارک حجۃ الوداع کے دن (عرفہ کے دن) نماز عصر کے بعد نازل ہوئی جبکہ حضورؐ اپنی قصوۃ اونٹنی پر اسوار تھے۔ اور یہ سب سے آخری آئت ہے۔ اِس کے نزول کے بعد حضور اکرمؐ کاسی روز زندہ رہے **فائدہ** حضرت جوزیؒ نے فرمایا کہ ماہ صفر کی بیس تاریخ کو حضورؐ بیمار ہوئے اور بارہ ربیع الاول کو وفات پائی جب حضورؐ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپکو درد سر اور بخار بڑی شدت سے تھا۔ آپ کروٹ بر کروٹ بدلتے اور فرماتے اِنَّہٗ اَشَدُّ الْبَلَاءِ عَلَی الْاَنْبِیَاءِ ط ترجمہ بیشک یہ انبیاء کیلئے سخت آزمائش ہے جس کا ہمکو ثواب بھی بڑا ملتا ہے۔ حضورؐ کل بیس دن بیمار رہے اور ایام بیماری میں چالیس غلام آزاد کئے

اور باوجود اس تکلیف کے نماز باجماعت مسجد میں ادا فرماتے حالانکہ ایک روز حضرت علیؓ و حضرت عباسؓ اپنے کندھے پر آپکے بازو رکھکر مسجد میں لائے اور حضرتؐ کے پاؤں مبارک شدت مرض کے باعث اچھی طرح اُٹھتے نہ تھے۔ تو پیر مبارک کی لکیر مسجد تک گئی۔ اب اہت کو شرم چاہیئے کہ مسجد میں حاضر ہونا تندرستوں کیلئے بھی مصیبت ہے۔ **مسئلہ** کسی نبیؑ کی روح قبض نہیں کی جاتی جب تک اُس کو پہلے جنت نہیں دکھایا جاتا اور نبیؑ مختار ہوتا ہے اپنے زندہ رہنے پر یا فوت ہونے پر جیسا کہ اُم المومنین حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کَانَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَقُوْلُ وَھُوَ صَحِیْحٌ اِنَّہٗ لَنْ یَّقْبِضَ النَّبِیَّ حَتّٰی مَقْعَدَ مِنَ الْجَنَّۃِ ثُمَّ یُخَیَّرُ (رواہ البخاری) **ترجمہ** فرمایا حضرت ماں عائشہ صدیقہؓ نے کہ تھے رسولؐ پاک فرماتے جبکہ تندرست تھے۔ کہ ہرگز روح نہیں قبض کیجاتی کسی نبیؑ نے یہاں رہنا پسند ہی نہیں فرمایا بلکہ اپنے رب کے پاس رہنے کو ہی پسند کیا ہے۔

بقول شاعر

میںنوں دُنیا نال پیار نہ کوئی سرورؐ نے فرمایا
دنیا رہن مثال ایویں جویں راہ درختے سایہ

راہی بیٹھ آرام کرے پھر ہووے انت روانہ
اس گل کارن کیہڑا عاقل طلب کرے سمیانہ

ہے دُنیا نال محبت کوڑی دُنیا چار دہاڑے
ایہ کسے دے نال نہ رہی نہ رہسی اسدے بڑے پواڑے

ایہ چند دناں دا کوئی واسہ دُنیا چار دیہاڑے
قبر قیامت دا کر توشہ چھڈ سبھے کم ماڑے

ہے سچ محبت پاک خدا دی نافع دوہیں سرائیں
عشق الٰہی جنہاں حاصل خوف تنہاں کجھ ناہیں

بقول شیخ عطار

ہست دُنیا بر مثال قنطرہ
باگذر از وے تو دانی زد براہ

دُنیا پُل مثال بھراوا دساں تینوں تاہیں
ہوش سلامت اسدے اُتوں پار سنبھل لنگھ جائیں

ہر کہ سازد بر سرِ پُل خانۂ
نیست عاقل او بود دیوانۂ

جیکوئی رستے اندر پُل تے آن بناوے خانہ
نہیں اوہ عاقل اُسنوں جانی احمق شخص دیوانہ

حاصل از دُنیا چہ باشد اے امین
نوگز کرپاس سہ گز از زمین!

اوڑک اس دُنیا دیوچوں کی تیرے ہتھ آوی
تن گز دھرتی نوگز یا ودھ کفن پوایا جاوی

شاہ سلطان امیر اکابر دُنیا چھوڑ سدھاری
خالی ہتھیں گئے دُنیا توں سن کے دبدبہ بھاری

اسماعیلا چھڈ دُنیا نوں توں بھی اک دن جانا!
جے لکھ برساں جیوے کوئی آخر قبر ٹکانا!

اس موقعہ پر شیعہ کا اعتراض قرطاس وارد ہوتا ہے جو کہ بالکل جھوٹ ہے تفصیل اسکی میرے رسالہ ماہ محرم میں
دیکھو (مصنف) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَعَلَ یَتَغَشَّاہُ الْکَرْبُ فَقَالَتْ فَاطِمَۃُ رَضِیَ
اللّٰہُ عَنْہَا وَاکَرْبَ اَبَاہُ فَقَالَ لَہَا لَیْسَ عَلٰی اَبِیْکِ کَرْبٌ بَعْدَ الْیَوْمِ ط (رواہ البخاری) **ترجمہ** حضرت انسؓ سے
روایت ہے کہ حضورؐ کو شدت مرض کے باعث بیہوشی آجاتی تھی۔اور یہ دیکھ کر حضرت فاطمہؓ نے کہا ہائے میرا
پیارا باپ سخت تکلیف میں ہے۔حضورؐ نے فرمایا اے میری بیٹی تیرے باپ کو آج کے بعد کوئی تکلیف نہ
ہوگی۔ وَیَقُوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَکَرَاتٍ ط اور فرمایا کوئی نہیں بندگی کے لائق مگر اللہ۔اور سختی
جان کندن کی بہت سخت ہے **فائدہ** اس سے معلوم ہوا کہ انبیاءؑ واولیاءؒ کو بھی جان کنی کی سختی ہوتی
ہے۔روایت ہے کہ مشفق امت کو جب جان کنی کا بار معلوم ہوا۔تو فرمایا اے عزرائیلؑ! ابھی یہ بار کتنا باقی ہے
عزرائیل نے عرض کی کہ حضور یہ ایک حصہ ہے اور باقی نو حصے آپکی امت کیلئے ہے۔قربان جاؤں ہادی اعظمؐ کے
فرماتے ہیں کہ اے عزرائیل! میری امت کو تکلیف نہ دینا۔اور وہ نو حصے بقایا بھی مجھ پر ہی پورے کر لو
اللہ اکبر اے مسلمانوں اس سے بڑھکر بھی کوئی اور شفیق ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں تو پھر تمہیں بھی لازم ہے
کہ حضورؐ کی محبت کا پورا پورا ثبوت دو۔پھر حضورؐ نے فرمایا یا مولا کریم اس سختی کو نرم فرما۔

در نظم پنجابی

سختی جان کندن دی جیونکر ترے سو سٹھ تلواراں ۔۔۔ وجن زخم کسی دے تن پر آکھیا شاہ ابراراںؐ
جے اس وقت زبان چلے تے باراں خبر سناوے ۔۔۔ گوشت پوست سبھے بدنوں سندیاں دور ہو جاوے
وقت نزع دے دُکھیں اساں یا رب میری سائیں ۔۔۔ مسلماناں نوں اُس گھاٹی توں فضلوں پار لنگھائیں

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کے تین انعام ہیں اول یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے میرے گھر وفات پائی۔درآنحالیکہ آپؐ میرے سینے پر تکیہ لگائے ہوئے تھے۔اس سے معلوم ہوا
کہ حضورؐ کو حضرت عائشہؓ سے خاص اُنس تھا۔دوسرا انعام یہ کہ میرا بھائی عبدالرحمانؓ حضورؐ کی بیمار پرسی کیلئے آیا
تو ہاتھ میں مسواک تھی تو حضورؐ نے اُسکی طرف دیکھا۔جس سے میں سمجھ گئی کہ حضورؐ کو مسواک سے بڑی محبت ہے
اور آپ مسواک لینا چاہتے ہیں۔تو میں نے مسواک لیکر دی تو حضورؐ نے اشارہ کیا کہ نرم کردو۔کیونکہ حضورؐ
کو سخت تکلیف تھی۔میں نے حسب الحکم اپنے منہ میں مسواک ڈال کر نرم کر کے حضورؐ کو دی تو حضورؐ نے
اپنے منہ مبارک میں مسواک پھیری۔حاصل کلام کہ جمع ہوئیں دونوں لبیں میرے اور حضورؐ کے حلق مبارک
میں بوقت وفات رحمۃ اللعالمینؐ کے۔تیسرا انعام یہ ہے کہ حضورؐ میرے ہی گھر میں دفن ہوئے۔اس سے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر آخیر دم تک راضی ہونا ثابت ہوتا ہے۔

در نظم پنجابی

ایس حدیثوں معلم ہویا توں سن میری جانی | بہت مراتب عائشہؓ پائے بیوی نبیؐ حقانی
ہین جانی دشمن بعضے جانن مائی صاحبہ تائیں | مندی لفظ جو اُسنوں آکھن دوزخ لین سزائیں
اوہ بہت پیاری پاک نبیؐ نوں کل مومناں دی مائی | نہ جائی نال عداوت رکھدا مگراں شخص سودائی
اے حرامی حرم نبیؐ دی حرمت جان مدامی | مسئلہ ثابت خاص قرآنوں جانوں ادب تمامی
جو حرم نبیؐ دا ادب نہ کرسی جان حرامی جایا | حرم رسولؐ امت دیاں ماواں وچہ قرآنے آیا

وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ (پ ۲۱ احزاب) ترجمہ نبیؐ کریم کی تمام ازواج مطہراتؓ مسلمانوں کی مائیں ہیں **مسئلہ**
فرمایا رسولِ اکرمؐ نے اے میرے اصحابوؓ اب میرا آخری وقت معلوم ہوتا ہے۔ اسلئے تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ پانچ وقتہ نماز کی بڑی پابندی رکھنا۔ اور غلاموں اور عورتوں کے ساتھ بہت سلوک رکھنا اور میرے بعد قرآن کریم اور میری سنت کو مضبوط پکڑنا۔ امید ہے کہ پھر تم گمراہ نہ ہوگے۔ اور آپس میں اتفاق رکھنا اور فرمایا کہ میں ابوبکر صدیقؓ کو اپنا خلیفہ کرتا ہوں تاکہ نماز پڑھائے۔ اسی طرح حضرت عباسؓ اور حضرت علی شیر خداؓ سے روایت ہے۔ کہ حضور نے کسی اُمتی کے پیچھے سوائے ابوبکر صدیقؓ کے نماز نہیں پڑھی۔ اور حضورؐ نے تین دن رات کی نمازیں ابابکر صدیقؓ کی اقتداء میں پڑھی ہیں حضرت علی اسد اللہ الغالبؓ نے قسم کھا کر فرمایا کہ جب حضور نے ابابکر صدیقؓ کو نماز پڑھانے کا حکم فرمایا تو میں اسوقت حاضر تھا۔ اور تندرست بھی تھا۔ اسیواسطے میں کہتا ہوں کہ جو خلیفہ حضورؐ نے ہمیں دین کیلئے دیا ہے اُسکو دنیا میں ہم کیوں نہ خلیفہ بنائیں۔ پھر آنحضرت نے فرمایا کہ اے علیؓ تو نے میرا غسل اور کفن کرکے ایک مکان میں رکھ دینا اور آپ باہر چلے جانا۔ سب سے پہلے میرا جنازہ جبریلؑ امین کرائیگا۔ پھر عزرائیلؑ و میکائیلؑ علیہم السلام باری باری کرائینگے۔ اُسکے بعد انصار و مہاجر اور بعدہٗ گردونواح کے عام مسلمان۔ جیسا کہ دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت عمرؓ دروازے پر کھڑے تھے۔ اور دس دس آدمی باری باری سے جنازہ پڑھتے تھے۔ کیونکہ جگہ تنگ تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی وصیت فرمائی تھی کہ جنازہ کے بعد مجھکو عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں دفن کردینا۔ اور یہ وصیت کرکے آپؐ مسجد کیطرف تشریف لے آئے۔ اور منبر پر کھڑے ہوکر بہت سی وصیتیں فرمائیں۔ اور فرمایا جس کسی نے مجھ سے کوئی چیز لینی ہو۔ لے سکتا ہے۔ اور اگر مجھ سے کسی پر زیادتی ہوگئی ہو وہ یا تو مجھکو معاف کردے یا پھر مجھسے بدلہ لیلیوے۔ کیونکہ قیامت کی رسوائی بڑی ہے

جس کسی نے کسی کی ایک رتی بھر چیز چرائی ہوگی یا خیانت کی ہوگی وہ قیامت کے دن آٹھ سو نیکی دیکر خلاصی کرائیگا - یہ سن کر ایک اصحابیؓ نے ادب سے عرض کی کہ یا رسول اللہ ایکدن آپ نے مجھے ایک رقبہ انعام دینے کا وعدہ فرمایا تھا مگر وہ مجھے ملا نہیں - حضورؐ نے حضرت عباسؓ کو اشارہ کیا تو عباسؓ نے فوراً دیدیا - اُسکے بعد ایک اور شخص نے کہا کہ یا رسول اللہ ایکدن مجھے آپ نے تھپڑ مارا تھا - لہٰذا مجھے وہ بدلہ دیدیا جائے - حضور رحمتہ اللعالمین نے فرمایا کہ بیشک مجھے جہاں چاہے تھپڑ مارلے - اس آدمی نے کہا حضور میرا بدن اُسوقت ننگا تھا - آپ اپنا کرتہ اُتار کر مجھے بدلہ دو - سبحان اللہ اُسوقت تمام مریدوں میں تہلکہ مچ گیا - اور ہیجان پیدا ہوگیا - اور ہر ایک یہی چاہتا تھا کہ ہم سے بدلہ لے لیوے اور حضور کو اس حالت میں تکلیف نہ ہووے - مگر سرکارِ دو عالمؐ نے فرمایا کہ نہیں ہم ہی اپنا بدلہ دینگے اور اپنا کرتہ مبارک کندھوں سے اتار دیا - اور کہا کہ اے بھائی آ - اور اپنا بدلہ مجھ سے لے لے - یہ دیکھ اصحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں قیامت برپا ہوگئی مگر حضورؐ کے حکم سے خاموش تھے - وہ آدمی آیا اور کندھوں کے درمیان سے مہر مبارک کو بوسہ دیکر (یعنی چوم کر) کہا کہ حضورؐ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں مجھے بڑی مدت سے شوق تھا کہ کسی طرح مہر مبارک کی زیارت حاصل کروں - اس لیئے یہ حیلہ کیا - ورنہ میری کیا مجال تھی اگر آپ مجھے قتل بھی کردیں تو میری کیا جرأت - **فائدہ** اور جوں جوں حضورؐ رحمتہ اللعالمین فرماتے کہ میں اب جانے والا ہوں توں توں اصحابہؓ بہت ہی غمناک اور بیقرار ہوتے تھے - مگر آپ نے تسلی کیلیئے فرمایا کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ (پ عنکبوت) **ترجمہ** ہر ایک جاندار چیز کو موت ہے - پیش نظر رکھو اور بے صبر ہرگز نہ ہونا کہ آخرت صابروں کی ہے - اور دم بدم آپؐ گھٹتے ہی گئے - اور ممبر سے اُتر کر حضرت عائشہؓ کے حجرے میں آگئے تو ملک الموت نے ایک اعرابی کی صورت اختیار کرکے دروازے پر آکر بلند آواز سے پکارا کہ السلام علیکم یا اہل البیت مجھے اندر آنے کی اجازت بخشو - حضرت فاطمہؓ نے اندر سے اجازت نہ دی بلکہ فرمایا کہ اے مشتاقِ رسول اللہ تجھکو اجر دے یہ وقت حضورؐ کی ملاقات کا نہیں کیونکہ آپؐ بہت بیمار ہیں - دوسری بار اُسنے پھر وُہی آواز دی اور وُہی جواب پایا - تیسری بار اُسنے اس زور سے آواز دی کہ مکان لرزنے لگے - اور سننے والے بھی کانپنے لگے - حضرت فاطمہؓ نے سمجھا کہ شائد یہ اعرابی کانوں سے بہرہ ہے - حضور رحمتہ اللعالمین نے یہ باتیں سنکر پوچھا کیا بات ہے - حضرت خاتون جنتؓ نے عرض کی - قبلہ! باہر ایک اعرابی مہیب صورت اور عجیب وضع کا ہے - اور اندر آنے کی اجازت چاہتا ہے - ہم نے ہر چند کہا ہے کہ جاؤ یہ وقت حضورؐ کی ملاقات کا نہیں مگر وہ نہیں مانتا اور اس مرتبہ ایسا زور سے گرج کر بولا ہے کہ ہمارے بدن کانپ اُٹھے ہیں - حضورؐ نے فرمایا اے فرزند ارجمند تو نہیں جانتی یہ کون ہے - هٰذَا هَادِمُ اللَّذَّاتِ وَمُفَرِّقُ الْجَمَاعَةِ

ترجمہ در نظم پنجابی

ایہہ سبھ لذتاں توڑن والا ملک الموت پیارا
بیوہ کر مسکین زناں نوں خاوند مار گواوے
ماواں کولوں پت پیارے آ کر جدا کریندا
بابل کولوں وچھوڑے سخت مصیبت پاوے
محل مکان نہ چھوڑے کوئی ہر جا گھیر جاندا
ایہہ اوہ عزرائیل فرشتہ بجلی وانگ جو آوے
محل مکان کرے بربادی کرے آبادی قبراں
خلقت والی کھیتی تے اُس آن سو ناگہ دھریا
عزرائیل بہادر جگ وچہ دیسی عجب بہاری
اسماعیلا تینوں بھی اُس اکدن آن بلانا

رل وسندیاں نوں چہ کرے جدایاں نہ لاوے پکارا
روندے رہن یتیم نمانے ہرگز ترس نہ آوے
ویراں دی کول ویر پیارے ہرگز رہن نہ دیندا
ہنجھ ڈنگوری بڈھڑا عاجز در در دھکے کھاوے
محکم پکیاں کوٹھاں وچوں مارے پلک نہ لاندا
ہسدیاں وسدیاں تائیں بی بی پلو چہ آن کھڑاوے
توڑے مان ہنکاریاں والا تینوں وساں خبراں
سب کجھ اکدن بھن وجاسی کوئی نہ رہسی اڑیا
نام نشان نہ چھوڑے ہرگز مارے خلقت ساری
رب نبی دا تابع ہو جا چھوڑ نکماں ماناں

کہ لے بی بی یہ وہی فرشتہ ہے اور اذن مانگنا اس کا صرف ہمارے ادب لحاظ کی وجہ سے ہے ورنہ عام لوگوں سے یہ قانون نہیں ہے۔ الغرض جس وقت اذن دیا گیا تو ملک الموت حضورؐ اقدس کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضورؐ نے فرمایا اے عزرائیل زیارت کیلئے آیا ہے یا روح قبض کرنے کیلئے۔ فرشتے نے مؤدبانہ عرض کی کہ حضورؐ مقصد اول تو میری غرض ہے اور مقصد دوم آپکی رضا پر منحصر ہے۔ اگر اجازت ہو تو روح مبارک کو لے جاؤں۔ ورنہ واپس چلا جاؤں۔ جیسا کہ پیچھے حدیث گزر چکی ہے۔ حضورؐ نے فرمایا اے عزرائیل آج میرے دوست جبرئیلؑ کو کہاں چھوڑ آئے ہو۔ اُس نے عرض کی یا رسول اللہؐ وہ اس وقت آسمان دنیا پر ہے۔ اور تمام ملائکہ اُسکے ساتھ بیمار پرسی کر رہے ہیں۔ یہی قیل وقال ہو رہی تھی کہ جبریلؑ نے بھی آکر سلام عرض کر دیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ جبریلؑ! دل کچھ بیقرار ہے کوئی خوشخبری سناؤ۔ تاکہ تسلی ہووے۔ اُس نے عرض کی کہ حضورؐ تمام آسمانوں کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ اور سب ملائکہ نور کے طباق لیکر دست بستہ استقبال کیلئے کھڑے ہیں۔ کہ روح مبارک پر نور نثار کریں۔ ارشاد ہوا کہ نہیں کوئی ایسی خبر سناؤ کہ جس سے میرے دل کا غم نکل جائے۔ جبریلؑ امین نے عرض کی یا رسول اللہ سب بہشتوں کے دروازے کھلے ہیں اور سب حوریں اور غلمان آپکی تشریف آوری کے منتظر ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا۔ کہ اس سے بھی کوئی اعلیٰ خوشخبری سناؤ۔ جبرئیلؑ نے عرض کیا کہ یا حضرت حشر کے دن جو کہ بڑا

سختی کا دن ہے سب سے پہلے تاجِ شفاعت آپ کے ہی سر مبارک پر رکھا جائیگا۔ یہ بات سُنکر فرمایا الحمد اللہ بنقدسہ

در نظم

حضرت آکھیا جبرائیلا کوئی خوشخبر سناویں
دل میرے بدبہاں ساریاں غمیاں خوشیوں دُور کراویں

جبرائیل مؤدب ہو کر کیتیاں عرض ندائیں
یا سردار سُناواں مینوں غم کی تیرے تائیں

سرورؐ آکھیا کو مینوں امت دا غم مارے
میرے بعد انجام اونہاندا کیکر ہوگ پیارے

جبرائیل کہیا پھر ایہ غم دل توں دور ہٹائیں
پہلے تیری اُمت توں کوئی جنت جاسی ناہیں

کوئی دربان نہ ہرگز کھولے جنت دا در کائی
جدتک تیری امت داخل کرے نہ پاک الٰہی

عزرائیل مؤدب ہو کر کیتی جلد تیاری
جسم تے روح نوں کرے علیحدہ کارن حکم ستاری

اور آخری وقت جبریل علیہ السلام نے سلام عرض کر کے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آج کے بعد میرا دنیا میں آنا بھی موقوف ہوا کیونکہ آپکے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور میرا کام فقط انبیاء پر وحی لانا تھا جیساکہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ میرے پر نبوت ختم ہوگئی ہے اور میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ سوائے جھوٹے دجالوں کے۔

حضرت کہیا عذاب نزع دا کرلے میری تائیں
میری اُمت تائیں ہرگز دکھ نہ مول پہنچائیں

عزرائیل نے آکھیا حضرت ہرگز مول نہ ڈرتوں
موموناں تائیں دکھ نہ دیساں دلوچ خوف نہ کرتوں

روح مومن دا سوکھا نکلے اڈیاں مول نہ لاوے
جیکر مشک یا گھڑا اپلڈیاں پانی باہر آوے

غرضیکہ آثار نزع حضورؐ کے چہرہ مبارک پر ظاہر ہونے لگے اسوقت تمام امہات المومنینؓ اور اہل بیت حجرے شریف میں موجود تھے۔ ذرا آغا لیکہ سردارِ دو جہاں مائی عائشہؓ کے گھٹنے پر تکیہ لگائے ہوئے تھے اور فرماتے تھے اَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی۔ یعنی پہنچا مجھکو میرے رفیق اعلیٰ کے پاس اور ہر طرف سے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کی آوازوں سے حجرہ گونج گیا۔ اور حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بارہ ربیع الاولیٰ ۱۱ھ بروز سوموار واصل بحق ہوئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ۔ مسئلہ حضرت علی اسد اللہ الغالبؓ سے روایت ہے۔ کہ بعد انتقال حضورؐ کے بدن مبارک جسم اطہر سے تمام عطریات سے بڑھ کر خوشبو آتی تھی۔ اور اس معجزہ کو دیکھ کر بہت سے یہود نصاریٰ مسلمان ہوئے۔ دیگر ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ بعد وفات میں نے اپنا ہاتھ حضورؐ کے سینہ مبارک پر رکھا تو اسقدر خوشبودار ہوگیا۔ کہ باوجود دھونے کے بھی عرصہ تک خوشبو دور نہ ہوئی۔

جد سرکار دو عالمؐ رحلت دنیا تھیں فرمائی — چشماں وچوں ہنجوں جاری اصحاباںؓ نوں بھائی
ہکناں حالت سکتہ اندر سخت بیہوشی پائی — سفر کیتا جد دنیا اُتوں سرور نبیؐ الٰہی
عمرؓ ولی پھڑ تیغ مبارک منہ تھیں کری پکاراں — جے کوئی آکھے سرورؐ مر گئے گردن سر اُتاراں
بکرؓ صدیق فاروقؓ ولی نوں حجرے طرف لیایا — منہ سرورؐ تھیں پلہ لاہ کر ہتھ پچھے فرمایا
اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ سچا حکم ربانا — رب باقی فانی سب ہو کر طرف اوسے جانا
تاں کجھ ٹھیریا عمرؓ بہادر قبضیوں ہتھ اُٹھایا — پُر پُر ہنجوں جاری ہویاں صبر جمیل کمایا

بالآخر حضورؐ کی وصیت کے مطابق حضرت علیؓ و حضرت عباسؓ اور دونوں بیٹے فضل کے اور ایک غلام جو آپ نے آزاد کیا ہوا تھا۔ غسل و کفن میں مشغول ہوئے اور بموجب وصیت حضورؐ کو عائشہ صدیقہؓ کے حجرہ مبارک میں دفن کر دیا گیا۔ کیونکہ نبیؐ جس جگہ وفات پاتے ہیں۔ اسی جگہ دفن کئے جاتے ہیں۔ اُس وقت حضورؐ کی تریسٹھ سال کی عمر تھی۔

داخل قبر ہوئے جد سرورؐ حضرت انسؓ سنائے — ہلدے ہوئے ہونٹ مبارک مینوں نظری آئے
کناں تائیں نال لیاندا لا سنیاں اخباراں — رَبِّ اغْفِرْ لِاُمَّتِيْ سرورؐ کرن پکاراں
بخش خدایا امت میری شوقوں کرن دُعائیں — یارب عاجز امت میری بیحد رحم کمائیں
روز قیامت قبروں اُٹھ کر امت یاد لیاون — امت کتھے جبرائیلا کرم کنوں فرماون
سلّم نفسی سلّم نفسی نبیؑ ولی سب بولن — خوف الٰہی پاروں جیدم طبق زمیں دے ڈولن
اک محمدؐ سرور عالم امت دا غم کھاون — بخش کریماں اُمت میری عرض حضورؐ سناون
اے امت ہن شرم کرو کجھ حب رسولؐ رکھاؤ — دعوٰی امت کر کے وچوں عمل کفار کماؤ
جیونکر اُمتی دعوٰی کیتا بعضیاں مومن بھایاں — داہڑی چٹ تے سر پہ بودا ڈھنگ یہود عیسایاں
حب نماز جماعت نہ رکھن دل دے اندر کائی — نام محمدؐ اشرف رکھیا واہ واہ پوری پائی

(بقول سعدیؒ)

قدم باید اندر طریقت نہ دم — کہ اصلے نہ دارد دمے بے قدم
وچ طریقت عمل کرن دی لوڑ ضروری ہوئی — ایویں جھوٹھے دعوٰی پاروں مول نہ ملسی ڈھوئی
رہِ راست باید نہ بالائے راست — کہ کافر از روئے صورت چوں ماست
سیدھے قد دی لوڑ نہ ہر گز رستہ صاف بناویں — مومن شکل کفار برابر ظاہر شک نہ لیاویں
ترا پاک انسر یدت بہشتن باش و پاک — کہ ننگ است ناپاک رفتن بخاک
اے انساناں ہوش کریں رب تینوں پاک بنایا — بڑی شرم ہے اُنوں جے توں ہو ناپاک سدھایا

(بقول سید وارث شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ) وارث فعلاں دے نال خراب ہوندا بندا پاک گناہاں توں جدا ائے

پیا پے بیفشاں از آئینہ گرد
کہ مصقل نہ گردد چوں زنگار خورد

ہر ہر ویلے دل شیشے توں میل اتار پیارے
وانگ لوہے پھر صاف نہ ہوندا لگند جد اسنوں ہی

سچے دلدی نال عزیزا خالص عمل کماویں
جیونکر حضرت رومیؒ آکھے سب ایوں بچ جاویں

بر زبانت یا صمد پیداؤ در دل یا صنم
اے بباطن کافر و ظاہر مسلمانی چہ سود

ظاہر اللہ اللہ کردا دلوچہ بت پیارے
اے باطن کفر تے ظاہر مسلم روز قیامت رسی

زباں در ذکر دل در فکر خانہ
چہ حاصل زیں نماز پنجگانہ!

ذکر زبانوں کریں خدادا دل فکراں تھیں بھریا
اس پنجوقتی تھیں کی حاصل جد دل صاف نہ کریا

جتے نال پیار زیادہ صوم صلوٰۃ نہ کالی
ولی محمدؐ نام رکھا کے ڈاہڈی آکڑ آئی

مسلماناں نوں کرے مزاخاں کدے قرآن نہ سنیا
میاں قاری نام دھرایا عجب تماشہ بنیاں

کدے نہ پھیرا مسجد پایا جمعہ نماز گذاری
میاں مزمل نام رکھایا ہیں صدقے بن واری

کھایا بیوسو ہٹے نام رکھاؤ پر سوہنے عمل کمائے
من لو اسماعیل دا کہناسن کے روٹھ نہ جائے

الغرض مسلمانوں پر واجب ہے کہ اپنے آقائے نامدارؐ کی سیرت مبارک سنکر اپنی سیرت کو مطابق سنت کے ٹھیک کریں اور عمل کما کر درجہ حاصل کریں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیبؐ جناب محمد الرسول اللہؐ کے طفیل ہم اور تم تمام جملہ مومنین و مومنات کو اسلام پر زندہ رکھے اور ایمان پر خاتمہ کر کے جنت میں اپنے حبیبؐ کے پاس جگہ بخشے۔ ایں دعا از من و جملہ جہاں آمین باد۔

فصل سوم۔ اولیا کرامؒ کی کرامتوں کے بیان میں

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ط (پ ۱۱۔ یونس) ترجمہ خبردار اولیاء اللہؒ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غم کھائینگے۔ واضح ہو کہ کرامات جمع کرامت کی ہے۔ اور مصدر کرم یکرم سے اور کرامت اس فعل کو کہتے ہیں جو خلاف عادت کے ہو جس کا اہل سنت والجماعت نے اقرار کیا ہے اور معتزلہ منکر ہیں۔ اہل حق صدور کرامت از اولیاءؒ پر متفق ہیں۔ اور ولی اس شخص کو کہتے ہیں۔ جو پہنچانتا ہو اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کو اور ادا کرے تمام امور شرعی اور بچے تمام نواہی شرعیہ سے مثلاً زنا۔ چوری۔ جوا۔ سود۔ بھنگ افیم چرس۔ شراب۔ جھوٹ لغویات وغیرہ سے اور ولی مرد و عورت دونوں ہو سکتے ہیں۔ بر خلاف نبوۃ کے کیونکہ نبوۃ صرف مردوں کو ہی ملی ہے۔

قرآن مجید سے کرامت اولیاؒ کا ثبوت

کرامت نمبر (۱) پ ۱۹ سورہ نمل۔ قرآن کریم میں حضرت آصف برخیہؒ کا قصہ بڑی وضاعت سے مذکور ہے۔ وہ اس طرح کہ حضرت سلیمان علیہ السلام تمام جہان پر حکومت کرتے تھے اور ہر چیز اُن کے زیر فرمان تھی ایکدن تمام جانوروں کی سمبھال کی تو فرمایا کہ میں ہد ہد کو نہیں دیکھتا وہ غیر حاضر کیوں ہے۔ اگر وہ اپنے غیر حاضر ہونے کی پکی دلیل پیش کریگا تو بہتر ورنہ میں اُسکو ذبح کر ڈالوں گا۔ اتنے میں ہُد ہُد بھی آگیا اور عرض کی کہ جنابؑ میں آج ایسی چیز دیکھ آیا ہوں جو آپ کے تصرف سے باہر ہے کہ ملک سبا میں بلقیس شہزادی ایک سورج پرست قوم پر حکومت کرتی ہے اور اُسکے پاس ایک بڑا تخت نفیس ہے حضرت سلیمانؑ نے اُس کی طرف ایک نامہ لکھا کہ تو مسلمان ہو کر ہمارے پاس حاضر ہو۔ ورنہ بذریعہ جنگ تمہیں برباد کر دیا جائیگا۔ نامہ دیکر ہُد ہُد کو روانہ کر دیا اور اہل مجلس کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تم میں کوئی ایسا ہے جو بلقیس کے مسلمان ہو کر آنے سے پہلے اُس کا تخت میرے سامنے حاضر کر دے ایک جن نے عرض کی کہ جناب آپکے دربار سے اٹھنے سے پہلے میں حاضر کر سکتا ہوں۔ حضرت سلیمانؑ نے فرمایا کہ اس سے پہلے بھی کوئی لاسکتا ہے؟ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ ط ترجمہ کہا اُس شخص نے جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔ کہ یا حضرت میں آپکے پاس آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت کو لاسکتا ہوں غرضیکہ حضرت آصف برخیہؒ نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے اجازت لیکر سجدہ میں سر رکھ کر یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھا تو فوراً وہاں سے تخت زمین میں غرق ہوگیا اور حضرت سلیمانؑ کے سامنے حاضر ہوگیا۔ تب حضرت سلیمانؑ نے کہا خدا کا شکر ہے کہ اُس نے میرے زیر فرمان اتنے بڑے رونآور آدمی پیدا کئے ہیں۔ جو کہ اپنی کرامت سے آنکھ کے اشارے سے پہلے اتنا بڑا کام کرسکتے ہیں ۔

نظم در کرامت اوّل و دوم

ایہ سب ذکر نمل سورۃ وچہ ربّ ستار سُنایا	جناں نالوں فضل زیادہ ہے آدم نے پایا
جن کہیا میں تخت لیاواں اتنے عرصے اندر	جد دل کچہریوں فارغ ہووین ای سلیمان پیغمبر
صخرا کولوں ایہ گل سنکر آصف عرض سناوی	حکم ہووے تاں تخت شہزادی ایہ غلام لیاوے
اک اکھ دی پلکار دے اندر میں اوہ تخت لیاواں	بند کردے تے کھولو اکھیں اتنی دیر لگاواں

طرف فلک دی ویکھ پیغمبر نظر زمین پر پائی　　آصف برخیہ تخت لیایا دیر نہ لگی کائی
ہزاراں کوہاں سبا ولایت اس مکانوں آہی　　برکت ولیوں حاضر کیتا فضلوں ذات الٰہی
شاہ سلیمان پیغمبر تائیں ایہ گل معلم آہی　　تاہیں ظاہر حکم سنا کر شان ولی دکھلائی
ولیاں پر یاں تائیں ہووی معلم شان بشر دا　　اوہوں ہوون سلامی ساری حکم پیغمبر کردا
الویں پندرہویں پارے اندر سورۃ کہف پیاری　　خضر ولی دا قصہ ویکھیں کرم کنوں رب باری

کرامت دوم

اکدن قوم اپنی نوں موسیٰ وعظ لطیف سنایا　　بہت نکات واضح کر کے خوب طرح سمجھایا
نال محبت کسے پیاری کر کے عرض سنائی　　یا نبی اللہ تیری اُتوں صدقے باپ تے مائی
تینتھوں ودھ کے علم خدا نے دتا ای ہور کسینوں　　حضرت آکھیا سب خلقت تھیں علم زیادہ مینوں
تاں اسویلے وحی جناب توں آیا پاک نبی نوں　　تیتھیں علم زیادہ دتا حضرت خضر ولی نوں
سنکر شوقوں حضرت موسیٰ کر کے عرض سنایا　　یا مولیٰ میں ویکھاں اُسنوں شوق میرے دل آیا
حکم ہویا اک مچھی بھن کے اپنے ساتھ لیجائیں　　دو دریا جس جا گہ ملسن لبھے اوہنیں جائیں
بھنی ہوئی مچھی تیری گم اوتھے ہو جاوے　　اُس ویلے اوہ شخص گرامی تینوں نظری آوے
حضرت موسیٰ یوشع تائیں اپنے ساتھ رلایا　　نال محبت مچھی والا جلد کباب بنایا
چلدیاں چلدیاں مچھی راہ وچہ گم اچانک ہوئی　　خضر موسیٰ نوں نظری آیا مشفق یار سنگھوئی
موسیٰ آکھیا میرے تائیں اپنا علم سکھاوے　　خضر کہیا تسیں نال اساڈے صبر نہ ہول کمانے
موسیٰ آکھیا انشاءاللہ صبر کمال کماواں　　جو کجھ کر دیاں دسو مینوں کوئی نہ عذر لیاواں
خضر ولی تے حضرت موسیٰ دونویں ہوئے روانہ　　اسماعیلا کیونکر ہویا ظاہر فضل ربانا
کشتی توڑی لڑکا ماریا کندھ بنائی ساری　　ہر ہر موقعہ حضرت موسیٰ قول کیتا تکراری
کشتی والیاں اپنے تائیں مفت سوار کرایا　　تساں اوہناں دی کشتی توڑی کیوں نقصان پہنچایا
ناحق ماریا بچے تائیں کیوں تساں کندھ بنائی　　حالانکہ اوہناں ساڈی تائیں روٹی نہیں کھوائی
خضر کہیا میں پچھلا حال تینوں کھول سناواں　　ایہا انہاں سوالاں پاروں اگاں نہ نال رلاواں

ع۱ امن ٹوکرے مچھلی والے پر چند قطرے وضو کے پانی کے گرے تو مچھلی زندہ ہو کر دریا میں گھس گئی اور جس جگہ سے جاتی تھی پانی میں رستہ خشک ہو جاتا تھا اور پانی مثل برف کے دونوں کناروں پر جم جاتا تھا اور یہ ماجرا حضرت یوشع علیہ السلام دیکھتے رہے اسوقت حضرت موسیٰ سوئے تھے تو یوشع نے خیال کیا کہ جب حضرت بیدار ہو گئے تو عرض کروں گا۔ مگر بتانا بھول گئے اور چلے گئے تھوڑی دور جا کر یاد آگیا اور عرض کی کہ یا حضرت مجھے شیطان نے

کشتی والیاں ساڈی تائیں مفتی پار لنگھایا ، الغرض پاروں اساں اونہاں سنگ ایہ احسان کرایا
شاہ غاصب لیئی سالم کشتی پاس ملاحاں نہ چھوڑے ، نہ چھینے اوہ داغی تائیں اس کولوں منہ موڑے
تاہیں اس بیڑی دیتائیں داغی اساں بنایا ، اوہ گذران کرن گے سوکھی ایہ احسان کمایا
اوہ لڑکا جے اُس دن موسیٰؑ مول نہ ماریا جاندا ، وڈا ہو کر ماں پیو تائیں کفروں دکھ پہنچاندا
قتل کیتا میں اُسدے تائیں نہ اوہ زندگی پاوے ، نہ اوہ ماں پیو صالح تائیں کوئی تکلیف پہنچاوے
اُس کندھ دی دو وارث آہے بال یتیم نمانے ، اُسو چہ دفن اونہاندے آہے بہتے مال خزانے
اس پاروں میں کندھ بنائی نہ تکلیف اُٹھاون ، وڈے ہو کر دولت لبھن عیش آرام اُڈاون
اے موسیٰؑ ایہ ربنے مینوں غیبوں علم سکھایا ، جینوں ویکھ تعجب اندر ہے تیرا دل آیا
ایہ گل کہکر غائب ہوگئے پھیر نہ نظری آئے ، حضرت موسیٰؑ غم افسوسوں ایہ گل آکھ سُنائے
آکھن جے ہیں صبر دل اُس دن کوئی نہ عذر سُناندا ، کتنیاں گلاں خضرؒ پیارا سانوں ہور وکھاندا
آخر وقت خضرؒ نوں موسیٰؑ آکھے نبی سچاواں ، دسو کوئی نصیحت مینوں جس پر عمل کماواں
تاں پھر آکھے موسیٰؑ تائیں خضرؒ خلیل ربانا ، ایدوں اگے علم کسی دا ہرگز نہ ازماناں

کرامت سوم

ایہویں قصہ مریمؑ والا وچہ قرآنے آیا ، وچہ تفسیر مبارک حضرت عبدالستارؒ لیایا
اکدن مریمؑ حجرے اندر زکریا نبیؑ بٹھائی ، جندرا مار گیا گھر اپنے ترائے دن یاد نہ آئی
مریمؑ عاجز حجرے اندر بول کلام نہ کیتی ، کوئی خیال نہ زکریاؑ تائیں اتنی مدت بیتی
جنت تھیں ہر نعمت ہوئی امر ہویا سبحانی ، لیکر ملک لتھے اسمانوں بھری رکاب نورانی
سجدے اندر حضرت مریمؑ شوقوں حاضر ہوئی ، حجرہ بھریا نور رکابوں جاگہ رہی نہ کوئی
کرن روایت جد مریمؑ یاد نبیؑ نوں آئی ، رو کر آکھن ہمسے اج مریمؑ سخت مصیبت پائی
قفل اُتاریا دوڑ شتابی اس مقبولؑ گرامی ، کیا ویکھے سب حجرہ بھریا پئے رکاب تمامی
حضرت مریمؑ سجدے اندر نفل عبادت جاری ، اتنا کھانا کون لیایا پچھے نبیؑ غفاری
مریمؑ آکھیا جنت وچوں لیاون ملک نورانی ، جس چاہے رب پاک جہے حسابوں بخشش کرے ازانی
جو پیدا کش حاضر غائب مشرق مغرب تائیں ، کون کسے نوں پالن والا پاک جہے خداوند سائیں
ایہویں کئی ہزاراں قصے ولیاں قطباں آئے ، اگلیاں اُمتاں اندر گذرے کیہڑا ذکر سُنائے

کل نبیاں تھیں افضل ساڈے احمد نبی پیارے
ولیاں پاک نبی دی تابع دامیں ذکر سنائیں

کل ولیاں تھیں بہتر اُسدی اُمتوں ولی سوہارے
کی کجھہ فضل عنایت کیتا مولیٰ اوتہاں تائیں

کرامت چہارم

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رض اَنَّ عُمَرَ بَعَثَ جَیْشًا وَّاَمَّرَ عَلَیْھِمْ رَجُلًا یُّدْعٰی سَارِیَۃَ الخ (در مشکوٰۃ دلائل النبوۃ) **ترجمہ** حضرت عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ ایکدفعہ حضرت عمر رض نے ساریہ رض کو لشکر کا امیر بنا کر ملک نہاوند کی طرف بھیجا جو کہ مدینہ شریف سے تین ماہ کے سفر کا فاصلہ تھا۔ ایکدن حضرت عمر رض مسجد نبوی صلعم میں خطبہ پڑھتے ہوئے یک یکلخت پکار اُٹھے یَا سَارِیَۃَ الْجَبَلَ ط یعنی اے ساریہ پہاڑ کو لازم پکڑ تین مرتبہ فرمایا۔ اہل مجلس شنکر متعجب ہوئے اور بوجہ ادب خاموش رہے اور وقت اور تاریخ یاد رکھ لی کہ آیا حضرت عمر رض ساریہ رض کو کیوں پکارتے ہیں۔ لشکر اسلام واپس آویگا تو دریافت کرینگے۔ چنانچہ چند روز کے بعد نہاوند کی طرف سے قاصد آیا فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَقِیْنَا عَدُوَّنَا الخ پس کہا قاصد نے اے امیر المومنین ہم قریب تھے کہ دشمن سے مغلوب ہو جاتے۔ مگر جب آپنے ہمیں آواز دی تو ہم نے اپنی پیٹھیں پہاڑ کی طرف کرکے خوب مقابلہ کیا۔ تو خدا نے ہمیں فتح دی **فائدہ** اس میں حضرت عمر رض کی کئی کرامتیں ہیں اول تو اتنے فاصلے سے آپ کو سب کچھ نظر آرہا تھا۔ دوسرا اتنی دور آپکی آواز پہنچ گئی۔ اسی طرح پیر کامل بھی اپنے مرید کے حالات معلوم کر لیتا ہے۔ تیسرا حضرت عمر رض فاروق اعظم کی برکت سے لشکر اسلام فتحیاب ہُوا

نظم در کرامت چہارم

شہر مدینیوں ملک نہاوند پینڈا ترن ماہاں دا
باب کرامت اندر آیا میں نہیں دلوں بنایا

وچہ مشکوٰۃ مبارک جیونکر راوی ذکر لیایا
خطبہ پڑھدیاں عمر رض بہادر اُچی بول سُنایا

اے ساریہ رض توں طرف جبل دی پچھا جلد بھوائیں
عمل برابر ساریہ رض کیتا سُنکر نیک ندائیں

غرض کفاراں اُپر ساریہ رض فتح مبارک پائی
جسدم غیبوں عمر رض ولی نے ایہ ترکیب بتائی

بیشک غیبی علم خداوند بندیاں نوں جتلاوے
جتنا اُسدی مرضی ہووے اتنی خبر سُناوے

کئی کوہاں تے لشکر دی جو ہیں عمر رض کیتی گہہائی
ایویں کامل پیر مریداں مشکل کرن آسانی

ہوے بیمار مرید یا آوس پیش مصیبت بھاری
پیر حقانی معلم کردا حال حقیقت ساری

جویں یعقوب نے معلم کیتا حضرت یوسف ع تائیں
جدوں فریب زلیخا کیتا خیر کرے رب سائیں

پیر یعقوب مرید یوسف نوں آکھیا سنبھل جائیں — اسیں شریف گھرانہ عادی جد توں داغ نہ لائیں
نوری چہرہ بابل صاحب یوسفؑ نوں وکھلایا — ویکھ مریدا صورت میری کس طرفے دل لایا
پیر یعقوبؑ مرید یوسف دی غیبوں کیتی یاری — کئی منزل پر مصر کنعانوں جانی خلقت ساری
بیشک ولیاںؒ نبیاںؑ نوں ربّ تعالیٰ غیبوں حال جتائے — رب جانے ہن منکراں تائیں کس پاسوں گھا آوے
مظاہر حق دے اندر آوے عجب روایت پیاری — لکھ وکھاواں تیرے تائیں سمجھ حقیقت ساری

کرامت پنجم

وَعَنْ ابْنِ مُنْكَدِرٍ اَنَّ سَفِيْنَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْطَاَ الْجَيْشَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ اَوْ اُسِرَ الخ **ترجمہ** ابن منکدرؓ سے روایت ہے کہ ایکدفعہ رسول اکرمؐ کا آزاد کیا ہوا غلام لشکر سے کہیں بھول گیا یا زمین روم میں قید ہوگا۔ **فائدہ** ابن منکدرؓ کو سفینہ اسلئے کہا جاتا تھا کہ ایکدفعہ سفر جنگ میں ہر کسی کا کچھ نہ کچھ بوجھ اُٹھائے ہوئے جا رہا تھا یعنی جب کوئی تھک جاتا تو اُسکو اپنا سامان دے دیتا تو وہ اُٹھا لیتے۔ حضورؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھکر فرمایا اَنْتَ سَفِيْنَةٌ یعنی تو کشتی ہے پھر اُسی لقب سے مشہور ہوگئے۔ اور بعد میں جسوقت کوئی دریافت کرتا کہ تیرا نام کیا ہے تو کہتا کہ جو حضور نے رکھا ہی یعنی سفینہ

قصہ سفینہؓ در نظم کرامت پنجم

سفینہؓ اک اصحابؓ نبیؐ دا فوجوں دور رہ آیا — جنگل اندر پھر دیاں اُسنوں شیر اک نظری آیا
شیر نے ویکھ سفینہؓ تائیں غضبوں پنجہ چایا — مارن کارن ولی اللہ نوں حملہ کرکے آیا
آکھے اوچی بول سفینہؓ توں سُن شیرا مردا — مار نہ مینوں ہاں میں نوکر پاک نبیؐ سرور دا
نوکر پاک نبیؐ دا جسدم آکھ سنایا اڑیا — فوراً شیر نوا کر گردن قدماں دے وچ جھڑیا
دُم ہلاوے صدقے جاوے بھی ایہ آکھ سناندا — جو کوئی پاک نبیؐ دا نوکر میں مرید وانہاندا
چڑھ میری پر تیری تائیں میں اوتھے چھڈ آواں — جتھے پاک محمدؐ سرور رحمت والیاں چھاواں
بیشک ہر شی تابع ولیاں شک نہ اسوچہ کائی — درند پرند زمین فلک وچہ جو شی ربّ تعالیٰ بنائی
ایویں بوستاں اندر حضرت سعدیؒ ذکر لیایا — باب العشق دے اندر اُسنے نال پیار سنایا

کرامت ششم (حکائت ابدال) **فائدہ**۔ابدال ایک جماعت اولیاء کرام کی ہے جن کے وجود سے تمام جہاں قائم ہے اور خوارق عادت ابدال کی خاصیت ہے اور

خوارق[۱] بمعنی خلاف عادت ۔ اور ابدال ہمیشہ ساری جہاں پر ستر[۲] آدمی مقرر رہتے ہیں ۔ جن میں سے چالیس ابدال صرف شام ملک میں اور تیس[۳] دیگر ممالک میں مختلف مقام پر رہتے ہیں ۔ جب اُن میں سے کوئی فوت ہوجاتا ہے تو اس کے قائمقام کوئی اور پیدا کیا جاتا ہے ۔ اسی طرح قیامت تک گنتی پوری رہے گی ۔ جسطرح ظاہری حکومت کے علاقے ہوتے ہیں ۔ اسطرح باطنی حکومت ابدالی کے بھی اپنے علاقے ہوتے ہیں ۔ اور یہ ظاہری[۲] حکومتوں کا امن بھی اُنکی برکت سے ہوتا ہے اور اُنکی چار جماعتیں ہوتی ہیں ۔ ستر ابدال[۱] (یعنی بدلنے والے) چار اوتاد دو غوث[۳] ۔ ایک قطب[۴] ۔

نظم در کرامت ششم

قضا را من و پیرے از فاریاب
رسیدیم در خاکِ مغرب بآب

(ترجمہ) اتفاقاً میں اتے اک بڈھا فریاب دارہنے والا
پہنچے اک دریا کناری مغرب طرف اُجالا

یعنی اسیں مسافر دونویں مل گئے اِکسے جائی
اگے اک دریا کشادہ آیا ساتوں بھائی

چار پہر دا رستہ ہیسی اوہ دریا پچھائی
جو نہہ پہراں تھیں بعد کناری لگے کشتی جائی

مرا یکدرم بود برداشتند
بکشتی و درویش نگذاشتند

میری پاس اک پیسہ سی میں دیکر کشتی چڑھیا
بابے پاس محصول نہ کوئی تاں اونہاں نال نہ کھڑیا

سیاحاں براندند کشتی چو دود
کہ آں ناخدا ناخدا ترس بود

اونہاں ملاحاں کشتی اپنی دھوئیں وانگ چلائی
اوہ ملاح بے رحم زیادہ سُن توں میری بھائی

رہگیا کھلا کنارے اوتے اوہ فقیر بے چارا
اگوں رات سیاہی اُسنوں پیش آئی دلدارا

مرا گریہ آمد ز تیمار جفت
براں گریہ قہقہ بخندید و گفت

اُسدے وچھڑن پاروں میندے دل اندر غم آیا
ویکھ ازردہ میننوں اُسنے ایہ ہس کے فرمایا

مخور غم برائے من اے پُرخرد
مرا آنکس آرد کہ کشتی برد

اے دوست توں میری پاروں نہ غم دلوچہ کھائیں
بیڑی پار لگاون والا میننوں چھوڑی ناہیں

بگسترد سجادہ بر روئے آب
خیالست پنداشتم یا بخواب

جانماز وچھا پانی تے اُسپر کری سواری
بیڑی وانگوں تردا جاوے واہ قدرت رب باری

نال اساڈے چلدا ہویا نظر برابر آوے
زندہ ہاں یا خیال یا سُفنہ دل میرا گھبراوے

ز مدہوشم دیدہ آں شب نخفت
نگہ بامداداں بمن کرد و گفت

ساری رات بیہوشاں وانگوں نیندنہ میننوں آئی
میننوں صبح مخاطب ہوکر آکھے مرد الٰہی

عجب ماندی اے یار فرخندہ را
ترا کشتی آورد مارا خدا

کیوں توں وچہ تعجب بھائی ساری رات گذاری
مینوں کشتی پار لنگھایا مینوں رب ستاری
تساں توکل کشتی اُتّے سانوں رب تے آیا
جنہاں توکل مالک اوہناں گھاٹا کدی نہ پایا
مرا اہلِ صورت بدیں ننگرند
کہ ابدال در آب و آتش روند
ظاہر ویکھن والا نہ کوئی ساڈا شان پچھانے
جسدیاں باطن اکھیں ہوون او کوئی سانوں جانے
ابدالاں نوں اگ تے پانی نہ تکلیف پہنچاوے
پانی اگ برابر دونویں واضح کر سمجھاوے
نگہدار از تابِ آتش خلیلؑ
چوں تابوت موسیٰ ز غرقابِ نیل
خلیل اللہ نے آتش اندر شفقت کرم کمایا
اندر نیل تابوت موسیٰؑ دا ڈُبن کیوں بچایا
آتش تائیں ابراہیمؑ اتے کیتا باغ عدن دا
پالیا گھر فرعون دے موسیٰ جیونکر پھل چمن دا
نال محبت ہور ولی دا حال بیان سناواں
حضرت سعدیؒ بوستان اندر دسیا ذکر سچاواں

حکایت دیگر ذکرامت ہفتم

یکے دیدم از عرصۂ رودبار
کہ پیش آمدم بر پلنگے سوار
جنگل وچہ اک مرد ربانا نظری آیا مینوں
شیر اوپر اسواری کیتی حال سناواں تینوں
چناں ہول زاں حال بر من نشست
کہ ترسیدم پائے رفتن ببست
مینوں ویکھ نظارہ اتنی دہشت نازل ہوئی
طاقت رہی نہ پیراں دیوچہ چلن جوگی کوئی
ہو متعجب وچہ حیرانی ویکھاں طرف اوہناں دے
میری حالت ویکھ تمامی عارف ایہہ فرماندے
تبسم کناں دست بر لب گرفت
کہ سعدیؒ مدار آنچہ دیدی شگفت
ہسکر دست لباں تے دھر کے آکھن لگے مینوں
کی ویکھیا توں عجب تماشا حیرت ہوئی تینوں
شیراں اُپر شیر بہادر غالب رب بنائے
شیر کدوں شیراں توں ڈردے نہیں کہیں گھبرائے
توہم گردن از حکم داور مپیچ
کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ
گردن اپنی حکم خدا تھیں ہرگز پھیر نہ بھائی
تیرے حکموں خلقت ربدی منہ نہ پھیری کائی
ہوکر تابعدار خدا دا من ہر حکم پیارا
سب کوئی تیرا تابع ہوسی سعدیؒ برخوردار
ربنوں چھڈ کے ہور کسے سنگ جو کوئی پیار کماندا
رب تبارک اُسدے کولوں مار ہلاک کراندا
اکناں نافرماناں اوپر قہر طوفان چلاوے
اک عتابہ مچھراں کولوں کر کے خوار مراوے
بس میاں ہو رب ول حاضر غیر دل یکڑ کنارا
منکر پاک نبیؐ سرور دا در بدر پھرے آوارہ

کرامت ہشتم

حکایت در زینت الاسلام حصہ دوم مصنفہ حافظ محمد صاحب لکھوی} حضرت مولانا بارک اللہ رحمتہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس مسجد میں جہاں اب بھی درس دیا جاتا ہے ایک مولوی صاحب حافظ لاہوری رہتے تھے ایکدفعہ حافظ صاحب اپنے شاگردوں سمیت باہر تشریف لیگئے تو باہر آبادی سے ذرا دور ایک مسجد تھی اسکا حال معلوم کرنیکو ایک طالب علم کو بھیجا جب طالب علم مسجد کے قریب پہنچا تو مسجد سے ایک جوگی کافر نکلا۔ جسنے بڑی غضب کی نظر سے طالبعلم کیطرف دیکھا۔ تو وہ پنڈلیوں تک زمین میں دھنس گیا۔ حافظ نے دیر کے بعد دوسرا درویش بھیجا اُسکو بھی جوگی نے زمین میں دھنسا دیا۔ علیٰ ھذا القیاس سب طالب علم پے در پے گئے اور جوگی نے زمین میں دھنسا دیئے تا آخر حافظ صاحب خود گئے تو جوگی نے آپکی طرف بھی وہی نگہ ڈالی۔ مگر آپ پر کوئی اثر نہ ہوا۔ بلکہ وہ سب طالب علم بھی زمین سے باہر نکل آئے پس جب جوگی کو معلوم ہوا کہ حافظ جی کی روحانی قوت میرے اتہ راج سے زیادہ ہے تو مسجد کو کہنے لگا۔ کہ چل! یہ مُلّاں ہمکو اسجگہ نہیں رہنے دینا۔ مسجد کانپنے لگی تب حافظ صاحب نے مسجد کو پیر مار کر کہا ٹھیر جا! اس کافر کے پیچھے مت جا۔ پس مسجد حافظ جی کے کہنے پر وہیں کھڑی رہی اور جوگی کا سینہ پھٹ گیا۔ اور وہیں مرگیا۔ فائدہ قبلہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ دہلوی نے اپنے وصیت نامہ میں بہت سی کرامتوں کا ذکر کیا ہے زیادہ شوق ہو تو۔ یہاں سے دیکھو۔ (کرامت نہم) شواہد النبوۃ میں ہے کہ ایکدفعہ جب حضرت امام حسنؓ سفر حج میں تھے تو غلام سے فرمایا کہ اس منزل میں تمکو ایک حبشی ملیگا اس سے گھی خرید لینا غلام حیران ہوا کہ یہاں تو کبھی گھی دیکھا ہی نہیں خریدیں گے کس سے۔ مگر جب منزل پہ پہنچے تو ایک حبشی نظر آیا جو حضرت امام حسنؓ نے فرمایا تھا۔ جب اُس سے گھی طلب کیا تو اُسنے فرمایا کہ کسواسطے لیتے ہو غلام نے کہا کہ حضرت حسنؓ کیواسطے۔ اس حبشی نے کہا کہ مجھکو امام حسنؓ کے پاس لیچلو۔ تاکہ میں نیاز حاصل کر لوں جب غلام اُسکو لیکر امام حسنؓ کے پاس پہنچا تو حبشی خدمت عالیہ میں حاضر ہوکر مؤدبانہ عرض کرنے لگا۔ کہ قبلہ عالم! میں تو جناب کا غلام ہوں گھی کی قیمت نہیں لونگا اور جتنا گھی ضرورت ہو رکھ لیں۔ اور دیگر یہ عرض ہے کہ میری بیوی کو درد زہ شروع ہے دعا فرما دیں! امام صاحبؓ نے فرمایا کہ جا تیرے گھر لڑکا اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔ جب وہ گھر گیا تو واقعی لڑکا پیدا ہو رہا تھا۔ (کرامت دہم) اسی کتاب میں لکھا ہے حضرت امام باقرؓ کی ملاقات کے واسطے ایک شخص بڑی دور سے آیا۔ اور راستے میں سورج غروب ہوگیا اور آندھی اور بارش کا بھی بڑا زور تھا اور رات بھی کافی گذر چکی تھی۔ تو وہ شخص متفکر ہوکر امام صاحبؓ کے دروازے پر آکر بیٹھ گیا اور آواز بھی نہ دی کہ جناب کو بیوقت تکلیف نہ ہو۔ ابھی وہ شخص اچھی طرح بیٹھنے بھی نہ پایا تھا کہ اندر سے آپؓ اپنی لونڈی کو فرما رہے ہے کہ باہر جا ایک شخص بارش میں بھیگا ہوا بیٹھا ہے اسکو بیٹھک میں آرام سے بٹھادو اور جو کچھ مانگے وہ بھی اُسکو دینا۔ (کرامت یازدہم) مبین عالم جنتری ۱۹۲۹ء لاہور ۱۴ ۱۳ یہ بحوالہ کتاب بحر ذخائر لکھا ہے کہ شاہجہانی وزراء

میں ایک آصف جاہ نامی وزیر بھی تھا جو کہ مذہباً شیعہ تھا۔ باقی تمام ہندوستان کے مسلمان چونکہ سُنی تھے۔ اسلئے کبھی کبھی اسکی اُن کے ساتھ جھڑپ
ہو جایا کرتی تھی۔ ایکدن اُسنے بارگاہ سلطانی میں حاضر ہو کر عرض کی کہ حضور والا! میں ایک شیعہ ہوں اور باقی درباری سب سنت الجماعت ہیں اور
وُہ مجھے بہت تنگ کرتے ہیں۔ میری اکیلے کی کوئی پیش نہیں جاتی۔ اور میرے نزدیک صرف مذہب شیعہ ہی حق پر ہے۔ لہذا میری عرض ہے کہ آپ
ملک ایران سے ہمارا مجتہد منگائیں تاکہ آپکو حق اور باطل کا پتہ لگ جائے۔ اسلئے بادشاہ نے شاہ ایران کو چٹھی لکھی۔ کہ یہ معاملہ ہے۔ لہذا آپ اپنا کوئی
سب سے بڑا مجتہد یہاں دارالسلطنت دہلی میں بھیج دیں۔ جو کہ ہمارے علماء سنت الجماعت سے مناظرہ کرے تاکہ ہمارے شیعہ وزیر کی تسلی ہو جاوے اور مجتہد صاحب
کو تمام مصارف کے علاوہ ہماری طرف سے انعام بھی ملیگا۔ اور ساتھ ہی حاکم لاہور کو لکھدیا کہ جب ایرانی شیعہ آپکے پاس آوے تو اُسکو حضرت میانمیر
صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ضرور حاضر کرنا۔ جسوقت شاہجہانؒ کا نامہ ایران میں پہنچا تو شاہ ایران نے اپنے وزیروں کو حکم دیا کہ کوئی ایسا مجتہد منتخب کرو
جو بادشاہ کو ضرور شیعہ بنا کر آوے۔ انہوں نے کوشش کر کے ایک بڑا باکمال مجتہد اور کہا کہ جہاں پناہ! یہ ایسا مجتہد ہے کہ ایک بادشاہ تو کیا تمام ہندوستان کو شیعہ بنا کر
آویگا۔ بادشاہ نے اُسکو ہندوستان روانہ کیا تو جب وُہ لاہور آیا تو حاکم لاہور نے حسب حکم شاہی اُس مجتہد شیعہ کو حضرت میانمیرؒ کے پاس حاضر کیا
حضرتؒ نے اُسکا چہرہ دیکھ کر ہی پہچان لیا۔ اور پوچھا کہاں سے آئے ہو۔ مجتہد نے کہا جنابؒ ایران سے۔ حضرتؒ نے فرمایا کہ کربلائے معلیٰ آپنے دیکھی ہے
مجتہد نے کہا جی ہاں کئی بار وُہ نورانی جگہ دیکھی ہے۔ میانمیرؒ۔ اُسکے کچھ فضائل تو سناؤ۔ مجتہد! جناب اُس خاک پاک کے فضائل کون بیان کر سکتا ہے ہاں
ادنیٰ فضیلت یہ ہے کہ سات سات کوس چاروں طرف دفن ہونیوالے لوگ بلا حساب جنت میں جائینگے۔ میانمیرؒ! کیا یہ فضیلت کسی پیغمبرؑ کے روضہ مبارک کو
بھی حاصل ہے یا نہیں؟ مجتہد! جنابؒ کیوں نہیں نبیؐ کے روضہ مبارک کے چاروں طرف دس دس کوس دفن ہونیوالے بھی بلا حساب جنت میں داخل ہونگے
جناب میانمیرؒ نے فرمایا کہ اگر دس دس کوس کے اندر دفن ہونے والے جنت میں جائیں گے۔ تو ابوبکر صدیقؓ و عمرؓ فاروق جو بالکل روضے مبارک کے اندر دائیں بائیں
حضورؐ کے سوئے ہوئے ہیں۔ وُہ بھی بخشے جائیں گے یا نہیں۔ یہ سُنکر مجتہد صاحب دم بخود ہو گئے۔ اور وہاں سے ہی واپس ایران چلے گئے۔ کہ راستے ہی میں اتنے بزرگ
بزرگ موجود ہیں۔ تو جنکے ساتھ مناظرہ کرنے جا رہا ہوں وُہ نامعلوم کیسی بلائیں ہونگے سبحان اللہ اکبر۔ (کرامت دوازدہم) بیہقی اور ابن عدی نے حضرت
انسؓ سے روایت کی ہے۔ کہ ایک جوان انصاریؓ نے وفات پائی۔ اور اُسکی بوڑھی والدہ اندھی تھی۔ ہم نے اُس سے جا کر کہا کہ میرا لڑکا فوت ہو گیا ہے؟ ہم نے کہا ہاں
تب مائی نے اپنے بچے کے سینے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔ خداوندا! میں تیرے پاک رسولؐ پر ایمان لائی ہوں لہذا تو اسکو اپنے حبیبؐ پاک کے طفیل زندہ کر دے اور مجھ
بوڑھی اندھی پر یہ مصیبت نہ ڈال۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں۔ کہ میں وہاں موجود تھا۔ کہ اُس مُردہ نے اپنے مُنہ سے کپڑا اُتارا اور ہم سے باتیں کیں۔ اور
ہمارے ساتھ ملکر کھانا بھی کھایا۔ اور انسؓ نے کہا کہ یہ اس امت محمدیہؐ کی ایک بوڑھی عورت کی کرامت ہے۔ (کرامت سیزدہم) اسی کتاب میں لکھا ہے
کہ ایک عورت نے اپنا لڑکا جناب میراں محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ کی خدمت میں پیش کیا تو پیر صاحب نے ریاضت اور سبق باطنی میں مشغول کیا
جب اُسکی والدہ مکرر واپس آئی تو کیا دیکھتی ہے کہ اُسکا بیٹا بہت دُبلا اور کمزور حالت میں چنے چبا رہا ہے اور پیر صاحبؒ مرغ کے گوشت سے روٹی
کھا رہے ہیں۔ مائی نے عرض کی یا حضرت! آپ تو گوشت سے روٹی کھا رہے ہیں اور میرے لڑکے کو چنے کھلاتے ہو۔ پیر صاحب نے فوراً اُس مرغ کی تمام ہڈیاں
جمع کر کے اُن پر ہاتھ رکھکر فرمایا قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ الَّذِیْ یُحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ ط ترجمہ اُٹھ کھڑا ہو اللہ کے حکم سے جو زندہ کرتا ہے گلی ہوئی
ہڈیوں کو۔ تو مرغ فوراً زندہ ہو کر بولنے لگا۔ پھر حضرت پیر صاحبؒ نے فرمایا۔ کہ مائی! جب تیرا بیٹا ایسا ہو جائیگا تو جو جی چاہیگا کھائیگا سبحان اللہ کیا
رتبہ ہے اولیائے کرام امت محمدیہ کا گویا اُنکی مثال انبیاءؑ سابقہ جیسی ہے۔ اسی واسطے حضور نے فرمایا کہ مَنْ اٰذٰی وَلِیًّا مِّنْ اُمَّتِیْ فَقَدْ اٰذَانِیْ
یعنی جس نے میری اُمت کے کسی ولی کو تکلیف دی اُسنے گویا مجھے تکلیف دی (کرامت چہاردہم) خزینہ معرفت میں ہے کہ ایکدفعہ حضرت قدوۃ
الواصلین جنید زمانی شیر یزدانی حضرت مولانا قبلہ و کعبہ میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ شرقپوری قدس سرہٗ العزیز نیم شب کے وقت بازار میں تشریف
لیجا رہے تھے۔ کہ تھانیدار نے جو گشت پر تھا۔ آپکو آواز دی۔ اور آپنے جواب دیا۔ سپاہیوں کو تھانیدار نے حکم دیا کہ اس شخص کو پکڑ لاؤ۔ سپاہی
آپکو لیگئے۔ سپاہیوں نے تھانیدار کو کہا۔ کہ یہ تو میاں صاحب سائیں لوگ ہیں۔ اُسنے کہا تم نہیں جانتے یہ وُہ لوگ ہیں جو چوروں ڈاکوؤں کے جھالو
(سمبھالنے والے) ہیں۔ وُہ تھانیدار مذہباً سکھ تھا۔ آپکو کچھ نہ کہا۔ اور آپ اپنے مکان پر چلے گئے۔ دوسرے روز حضرت میاں صاحب علیہ رحمت
آغا سکندرؒ صاحب کے ملنے کیلئے پشاور تشریف لیگئے۔ اور دوسری رات شرقپور میں چوروں نے تھانیدار کا ہی گھر لوٹ لیا۔ پھر وُہ تھانیدار آپکا ہی معتقد
ہو گیا۔ اور جب تک شرقپور شریف میں رہا۔ حاضر خدمت ہوتا رہا۔ کرامت پانزدہم۔ حدیث شریف سے ثابت ہے جسکے راوی حضرت ابوہریرہؓ
ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل میں ایک راہب درویش تھا۔ جسکا نام جریج تھا یہ شخص نہایت ہی متقی اور پرہیزگار اور عابد
تھا۔ اسکی ماں پردہ نشین تھی۔ وُہ ایکدن اپنے بیٹے کے دیکھنے کو آئی چونکہ وُہ اُسوقت نماز میں تھا۔ اسلئے اپنے حجرے کا دروازہ نہ کھولا۔ وُہ واپس آگئی
دوسرے اور تیسرے دن بھی آئی اور مراد سے خالی گئی۔ آخر ماں نے تنگ ہو کر کہا۔ خدایا میرے بیٹے کو رسوا کر۔ اور میرے حق کے سبب اُسکو پکڑ۔ اُس زمانہ میں
ایک عورت بدکار بھی تھی۔ اُسنے کہا۔ کہ میں جریج کو گمراہ کر دونگی۔ چنانچہ اسی غرض سے وُہ بدکار عورت اُسکے حجرے میں گئی۔ جریج نے ادھر توجہ

نہ کی۔ پھر راستے میں ایک چرواہے کے ساتھ صحبت کی۔ اور حاملہ ہوگئی۔ جب شہر میں گئی۔ اور کچھ عرصہ کے بعد کہنے لگی۔ یہ مجھے جریح کا حمل ہے جب اُسنے بچہ جنا۔ لوگوں نے جریح کے حجرہ کا قصد کیا۔ اور اُسکو پکڑکر بادشاہ کے پاس لائے۔ جریح نے کہا بچے تیرا باپ کون ہے بچے نے کہا میری ماں نے تمپر افترا کیا ہے۔ میرا باپ تو چرواہا ہے۔ یہ حدیث بھی منکرین کرامت پر قوی حجت ہے۔ الغرض یہ کتاب کرامت ولیوں کی نہیں ہے محض ثواب کی خاطر چند کرامتیں لکھدی ہیں ورنہ بیشمار کرامتوں سے کتابیں بھرپور ہیں۔ (نظم پنجابی)

وچہ حدیث نبی سرورؐ نے ایہ فرمان سُنایا
رنج کیتا اُس میرے تائیں آکھے نبیؐ سوہارا
اسماعیلا ولیاںؒ دا توں ہردم ادب بجائیں

میرے اُمتی ولی تائیں جے کسے نے دُکھ پہنچایا
اوہ دوزخ وچہ داخل ہوسی ظالم شخص نکارا
خطبہ ختم کریں توں ایتھے فضل کنوں رب سائیں

بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ط اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَءُوْفٌ الرَّحِيْمُ ط

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ ط وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ط وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى اَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط خُصُوْصًا عَلٰى اَفْضَلِ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِيِّيْنَ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعُمَرَ الْفَارُوْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعُثْمَانَ ذُو النُّوْرَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلِيِّ الْمُرْتَضٰى رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَالْحَسَنَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَعَلٰى عَمَّيْنِ الْمُكَرَّمَيْنِ الْحَمْزَةِ وَالْعَبَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَعَلٰى سَيِّدَةِ النِّسَآءِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَعَلٰى كُلِّ مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى لِصُحْبَةِ نَبِيِّهٖ بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ط اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ط اُذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَتَمُّ وَاَهَمُّ وَاَعْظَمُ وَاَكْبَرُ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ط

تمت بالخیر

تاریخ خاتمہ

بعد ثنا خدا والی لکھاں نعت رسول مختار تائیں
لکھ وار میں شکر گذار ہوواں رب مدد دتی گنہگار تائیں
صدقے پاک رسول دی فیض بخش فضلوں رب کریم نمانیانوں
دسویں ماہ جمادی الاولوں سی روز جمعہ دی لکھ مکایا سی
اُنی سو اکتالی سنی عیسوی ۱۹۴۱ سن چھ دن جون مہینہ سدھایا سی
اسماعیل گذار داعرض ربا ماریں نال ایمان جہان اتوں

مدح کل اصحابؓ اولیاءؒ سندی تسلیمات ہر نیک ابرار تائیں
رب فضل کیتا میں کمزور اُتے ہوگئی کتاب تیار سائیں
بخشے پڑھنے سُننے لکھنے والیاں نوں اسماعیل ہور راہ بھلانیاں نوں
تیراں سو تے سٹھ سی سن ہجری جدن اللہ نے فضل کمایا سی
فارغ سِک برائی توں ہوگئے کوڈھے ویلے دا وقت وہایا سی
وقت نزع دی کریں تلقین کلمہ زاد راہ اس فانی مکان اتوں

بے نظیر کتب
بڑی تقطیع کا
قرآن شریف جلی قلم
مترجم تحت اللفظ اردو ترجمہ مولانا
شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ برحاشیہ تفسیر اردو
موضح القرآن جلد چرمہ لکھائی چھپائی کاغذ سب عمدہ
ہدیہ کاغذ قسم اول ڈمی سفید ۔ سفید رسی ۔ مصری
قرآن شریف جلی قلم تقطیع کلاں
بلا ترجمہ ۱۳ سطور جلد چرمہ خوشنما ہمہ صفت موصوف
ہدیہ کاغذ قسم اعلیٰ سفید ڈمی
رسی
مصری رنگین
حمائل شریف مترجم اردو تحت اللفظ
ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ محدث دہلوی حاشیہ
تفسیر موضح القرآن ۔ جلد چرمہ ۔ کاغذ سفید قسم اعلیٰ ہدیہ
قرآن مجید پونیہ ۱۳ سطرہ سائز ۱۸×۲۲
کاغذ قسم اعلیٰ مصری خط اعلیٰ
جلد چرمہ صحت تسلی بخش
ہدیہ
غنیۃ الطالبین مترجم اردو
حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی شیخ
محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہ کی زبان
گوہر فشاں کے کلمات ارشاد کا اردو ترجمہ قیمت
مجموعہ وظائف چشتیاں مع
دلائل الخیرات مترجم اردو ۔ یہ کتاب بے بہا
وظائف کا مجموعہ ہے ۔ قیمت مجلد
انیس الواعظین اردو
یہ کتاب وعظ و پند و نصائح مطابق آیات
قرآنی و احادیث حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ
وسلم وعظوں کے لئے نہایت کارآمد اور
لاجواب ہے ۔ قیمت ایک روپیہ
قدوری اردو ترجمہ
فقہ کی مشہور کتاب ہے ۔ قیمت ایک روپیہ
کنز الدقائق اردو ترجمہ
طالبان علم فقہ کیلئے مستند کتاب ہے قیمت
شہباز شریعت مصنفہ مولوی نور محمد صاحب بکروی
موجودہ زمانہ کے مبتدع فرقوں کا رد ہے متن پنجابی
نظم حاشیہ اردو نثر ۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے
تحفہ بے نظیر ترجمہ پنجابی دیوان حافظ
قیمت
سستی کتابیں منگوانے کا پتہ
حاجی چراغ الدین سراج الدین تاجران کتب
کشمیری بازار لاہور

رجسٹری شدہ

Edition 1st Copies 750 Price Re 1